
ازرسم الفت
چنگال
Ig@aestheticnovels.online

اہم اعلان!

اس تحریر میں لکھا گیا مواد تخلیقی ہے۔ اگر اس کی کسی کی زندگی سے کوئی مطابقت ہو گی تو وہ محض اتفاقی ہو گی۔ تحریر کے جملہ حقوق مصنفہ کے پاس محفوظ ہیں۔ کاپی کرنے کی صورت میں مصنفہ قانونی کاروائی کا مجاز رکھتی ہیں۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

# چنگال

## از قلم رسمِ الفت

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

## حالِ دل

میرے لکھنے میں وہ پختگی وہ تجربہ نہ سہی، لیکن ایک بات کے لئے میں اپنے رب کی ہمیشہ شکر گزار رہوں گی کہ اس نے مجھے احساس کی دولت دی۔۔۔ مجھے ان کہے جذبات کو محسوس کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں تحریر کرنے کا، الفاظ میں ڈھالنے کا ہنر دیا۔۔۔ اتنی صالحیت دی کہ میں قلم

اٹھاؤں، تو محسوس ہونے والے لفظ بہ لفظ تحریر کر سکوں۔۔۔ میرے پاس تجربہ نہیں کیونکہ یہ میری پہلی تحریر ہے امید کرتی ہوں کہ آپ اس سفر میں میرا حوصلہ بڑھائیں گے اب جب یہ قلم میرے ہاتھوں میں میری پہچان اور طاقت بن کہ آ ہی چکا ہے تو میرا آپ سے وعدہ ہے کہ میری تحریریں، ہماری معاشرتی بھائیوں کی اصالح کے لئے ہوں گی۔۔۔ محبت میں بہت طاقت ہوتی ہے۔۔ وہ ہر تلخ لہجے کو اپنے رنگ میں ڈھال سکتی ہے۔۔ ہم کئی کہانیاں پڑھتے ہیں۔۔ کرداروں سے متاثر ہوتے ہیں۔۔ یہ کردار قطعاً فرضی نہیں ہوتے۔۔۔ یہ سب ہمارے ارد گرد موجود ہوتے ہیں۔۔۔ کچھ اپنی اچھائیوں سے پہچانے جاتے ہیں تو کوئی اپنی برای عادات اور بداخالقی سے نمائیاں ہوتے ہیں رسم الفت چنگال از قلم ظلم کرنے واال اپنی عادات سے مجبور بھی ہو، تو بھی یہ طرفہ دکھ دے دے کر بھی یک روز تھک جائے گا۔۔۔ جن لوگوں پہ محبت اثر نہیں کرتی۔۔ وہ اپنے اندر پلنے والے حسد اور نفرت سے ہی ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں اور جو لوگ محبتیں بانٹتے ہیں وہ کبھی نہیں بکھرتے۔۔۔ اس کہانی میں میں نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ کوئی بھی کردار نظر انداز نہ ہو چاہے وہ نیگٹیو ہو یا پازیٹیو، ہیرو ہو ہیروئن ہو یا کوئی اولڈ کردار میں نے پوری کوشش کی ہے کہ کسی کے ساتھ بھی نہ انصافی نہ ہو۔۔ یہ کوئی رومینٹک ناول نہیں ہے کچھ لوگوں کا ماننا ہے کہ ناول جب تک رومینٹک نہ ہو پڑھنے میں مزا نہیں آتا میں نے کوشش کی کہ اس ناول میں رومینس صرف فیل ہو، محبت، خلوص، چاہت اور کہانی کے پالٹ میں لیکن دکھائی نہ دے آپ نے اس کا فیڈ بیک دینا ہے کہ میں کامیاب رہی یا ناکام یہ کسی ایک حصے یا سین کو پڑھ کر فیصلہ نہیں کرنا بلکہ مکمل ناول کی روشنی میں اپنی قیمتی آراء سے آگاہ کیجئے

امید ہے آپ سب کو یہ ناول پسند آئے گا اس ناول کے بارے میں فیڈبیک ضرور دیجئے گا۔۔

میں آپ کی ہر طرح کی آراء کی منتظر رہوں گی

آپ کی محبت کی متلاشی

آپ کی دعاؤں کی طالب

رسمِ الفت

Ig@rasmy_ulfat

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

## بابِ اول

سفر کا جذبہ ذہنی اور جسمانی تجسس ہے۔

یہ ایک جذبہ ہے۔

اور میں ان لوگوں کو نہیں سمجھ سکتی

جو سفر نہیں کرنا چاہتے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

میں نور اسمیرے۔۔ سیاہ چاند کا نور

میری بچپن سے ہی یہی خوائش ہے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

پہاڑوں اور نظاروں کو دیکھنے کی۔۔۔۔۔۔

اونچی پہاڑیاں۔۔ خوبصورت نظارے

چائے کی چسکیوں کے ساتھ

سن سیٹ اور سن رائس دیکھنے کی

کھلے آسماں کے نیچے لیٹ کر

آسماں پر ستارے گننے کی۔۔۔۔۔۔

جنگلوں میں اک مکاں بنانے کی

پتھروں سے ٹکراتے۔۔۔۔

جھرنوں کی آوازیں سنتے رہنے کی

میری بچپن سے یہی خوائش ہے۔۔۔

بس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔!

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

یہ یہی اک خوائش ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

میں جب بھی بے چین ہوتا ہوں

یا کوئی تکلیف ہوتی ہے

تو سمندر کی طرف جاتا ہوں۔۔

تو سمندر میری بے چینی اور تکلیف کو

اپنی بڑی وسیع آوازوں میں

غرق کر دیتا ہے۔۔۔

اپنی لہروں سے مجھے پر سکوں کر دیتا ہے۔۔

اور میرے اندر کی ہر اس چیز پر

ایک تال مسلط کر دیتا ہے۔۔

جو مجھے بے چین کرتی ہے

میں برق پاشا ان لہروں کا دیوانا ہوں۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اس پہاڑ کے جرائم میں سے

صرف ایک۔۔۔

اس پہاڑ کی چٹانیں ناقص ہوتی ہیں

جان لے لیتی ہیں

لیکن پہاڑ بے عیب ہرتے ہیں

چیزیں عجیب ہوتی ہیں۔۔۔

اور انہیں عجیب ہی ہونا چاہیئے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

حیرت انگیز۔۔۔
کیونکہ ہاریکا آیان ونڈر فل ہے
گلیشیر میرا عشق
جنون اور پاگل پن ہے۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

رات جو ڈھانپتی ہے۔۔
زمیں آسمان کو اپنی سیاہی سے
میں اپنے خدا کا شکر ادا کرتا ہوں
میری ناقابل تسخیر روح کے لئے
ان حالات کی گرفت میں
میں نے اپنا سر نہیں جھکایا
نہ ہی اونچی آواز میں رویا ہوں
میرا سر خون آلود ہے
لیکن جھکا ہوا نہیں ہے
سالوں کا خطرہ جب مجھے ڈھونڈتا ہے
تو مجھے بے خوف ہی پاتا ہے
اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

دروازہ کتنا تنگ ہے

بس حوصلے کو تھامے رکھنا ہے

میں ساحل حریب التان ہوں

مین اپنی قسمت کا مالک ہوں

میں اپنی روح کا کپتان ہوں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تعلق کا مطلب ٹھیک ہونا کیوں چاہیئے ؟

کسی ایسے شخص کا انتظار کریں

جو زندگی کو آپ سے فرار نہیں ہونے دے گا

جو آپ کو چیلنج کرے گا اور

آپ کو آپ کے خوابوں کی طرف لے جائے گا

کوئی بے ساختہ جس کے ساتھ

آپ دنیا میں کھو سکتے ہیں

ایک رشتہ۔۔۔ صحیح شخص کے ساتھ

رہائی ہے۔۔۔۔پابندی نہیں۔۔۔

عبیرہ جیکٹ پہن لو ٹھنڈ ہو گئی۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

میرے پاس ہے طہ۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سمندر میں گرتے ہی اس نے اپنی جلد پر نمکین پانی کی تازگی محسوس کی حالانکہ اس نے گیلا سوٹ پہن رکھا تھا۔

جب وہ گہرائی میں اترا تو سمندر اور حیرت انگیز ہو گیا۔۔۔۔

وہ اپنی آنکھوں کے سامنے متحرک رنگ کے مرجان کے سرکنڈے دیکھ سکتا تھا۔۔۔اس نے دیکھا وہاں مچلیوں کا جھنڈ ایک ساتھ تیراکی کر رہا ہے جس کی شکل ایک بے باک رنگ کی قوس قزح کی طرح ہے۔۔۔۔جب سورج کی کرن چٹانوں پر پڑی تو یہ اور بھی زیادہ سانس لیتی نظر آتی ہے۔۔۔ مصروف چھوٹی چھوٹی مچلیاں ادھر سے ادھر اتنی تیز رفتار سے جارہیں تھیں جیسے وہ کسی چیز کے لئے بہت جلدی میں ہوں۔۔۔

وہ متاثر کن منظر کو گھورتا تیر رہا تھا۔۔۔شفاف پانی کے 10000 شیڈز تھے۔۔۔ہاتھ میں ٹارچ تھامے وہ ہر ایک چیز کو اشتیاق سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

سمندر زندہ ہوتا ہے۔۔۔۔وہ محسوس کرتا تھا۔۔۔ آج بھی کر رہا تھا۔۔۔ مگر وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ سمندر اپنی خوبصرتی دکھاتا ہے۔۔۔اپنے اندر دفن رازوں کو فاش کرتا ہے۔۔۔تو اکثر وہ خود کو چیر کر گہرائیوں جو جانے کی قیمت بھی وصولتا ہے۔۔۔۔اکثر وقت لے کر اور اکثر جان لے کر۔۔۔۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ان لہروں کا تسلسل یک دم غائب ہو گیا۔۔۔ لہروں کی روانی کہیں کھو گئی۔۔۔ اک ہلچل مچ گئی ہر طرف۔۔۔۔۔ اس کی آکسیجن ختم ہو رہی تھی۔۔ وہ دوسری رخ مڑتا تو دوسری لہر اسے دوسری سمت پھیک دیتی۔۔۔۔ پہلے وہ کوشش کرتا رہا۔۔ مگر اس کی آکسیجن ختم ہو گئی۔۔۔۔۔ آنکھیں بند ہونے لگیں۔۔۔۔ وہ جانتا تھا۔۔۔ اس سمندر کے رازوں کو فاش کرنے کا خمیازہ بھگتنا تھا۔۔۔ اور اپنی سانسوں سے اس کا قرض جھکانا تھا۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اس نے آخری نظر ان خیموں کو دیکھا۔۔۔ میری خواہش ہے کہ ہم سب ان خیموں کو دیکھنے کے لئے زندہ رہیں۔۔۔۔ وہ بڑبڑائی۔۔۔ اس نے دوسری نظر اش گلیشیئر کو دیکھا۔۔۔ کیا یہ جاگ جائے گا۔۔۔ کیا اسے علم ہو گا کہ ہاریکا آیان ایک بار پھر اسے فتح کرنے ائی ہے۔۔۔ کیا یہ جان جائے گا کہ کوئی پھر دبے پاؤں اس کی راج دھانی میں داخل ہوا ہے۔۔۔۔ اس نے ایک نظر برف میں پیوست نوکدار بیضوی سے کریمپنز کو دیکھا جو کہ نیچے لگے تھے۔۔۔ جس سے وہ برف پر پھسل نہیں سکتی تھی۔۔۔ وہ سر جھٹک کہ مسکرائی اور آگے بڑھ گئی۔۔۔۔ وہاں برف گدلی اور بے حد نرم تھی۔۔۔ سورج ذرا تیز چمکتا تو برف پگلنے اور ٹپکنے لگتی۔۔۔ خیموں کے باہر برفیلے پہاڑ میں اس حد تک خاموشی چھائی ہوئی تھی کہ سوئی بھی گرے تو گونج پیدا ہو۔۔۔ وہاں کوئی نہیں تھا۔۔۔ ارد گرد دیو ہیکل سیاہ بلکل خاموش تھے۔۔۔۔ یہ کوئی اور ہی دنیا تھا۔۔۔ جب اس دوسری دنیا کی رات شروع ہوتی تھی۔۔۔ تو اس کی صبح ہو جاتی تھی۔۔۔ اس کے سامنے آسمان پر سرخ و سرمئی بادلوں کے درمیان خالی جگہوں سے ڈھلتے سورج کی آخری نارنجی شعائیں جھانک

رہی تھیں۔۔ دور نانگا پربت کو بادلوں نے ڈھانپ لیا اور وہ بادل اب یقیناً قراقرم کی طرف بھڑنے لگے تھے۔۔۔۔۔۔ شام ڈھلنے کے ساتھ ساتھ درجہ حرارت گر رہا تھا۔۔ سردی بڑھتی جا رہی تھی۔۔ پھر رات کا اندھیرا پوری طرح پھیل گیا تو اسے تھکے تھکے قدموں کی آہٹ اور باتوں کی آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔۔ وہ خاروں آگے پیچھے برف پر چل رہے تھے۔۔۔ اونچے پہاڑوں اور گلیشئر میں کئی جگہ دراڑیں ہوتی ہیں۔۔ جو اندر کئی سوفٹ گہری ہوتی ہیں۔۔۔ بعض جگہوں پر یہ واضح ہوتی ہیں مگر عموماً ان کے دھانے پر برف باری کے باعث چند انچ موٹی برف کی تہہ جم جاتی ہے۔۔ ایسے میں دراڑیں برف کا نقاب اوڑھے چھپ جاتی ہیں۔۔۔ اسی ثناء میں ایک دھماکا ہوا۔۔۔ میلوں دور تک چاندنی سے چمکتی برف پھیلی تھی اور چند قدم کے فاصلے ایک لمبا سا گڑھا تھا۔۔۔ ایک پل تو سمجھ ہی نہیں آئی کہ ہوا کیا ہے۔۔ مگر پھر اندازہ ہوا۔۔۔ کہ ہاریکا آیان کا پاؤں برف کے نقاب پر پڑ چکا ہے۔۔ اور ایک بہادر کوہ پیما اس پہاڑ کی دراڑ میں گر چکی ہے۔۔۔۔ جہاں سے عموماً لاشیں بھی نہیں ملا کرتی۔۔۔۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

-Explore, Dream and Read

مت جاؤ نور ایسمیرے۔۔۔ وہاں سے کبھی کوئی واپس نہیں آیا۔۔

اسی لئے تو جا رہی ہوں کہ رہاں آخر ہے کیا ایسا۔۔۔ اس میں جوش تھا راز جاننے کا۔۔۔ راز ہمیشہ پرکشش لگتے ہیں۔۔۔ لیکن اکثر جب ہم راز پا لیتے ہیں تو تب معلوم ہوتا ہے۔۔ یہ راز ہی بہتر تھا۔۔۔ مگر اسے جاننا تھا۔۔ وہ احتیاط سے دھیمے دھیمے قدم رکھتی آگے بڑھ رہی تھی۔۔ ہاتھ میں

ٹارچ تھامے گلے میں کیمرہ لٹکائے۔۔ آنکھوں کو غار میں مرکوز کئے آگے بڑھ رہی تھی۔۔۔ دیواروں پہ جگہ جگہ اپنے جالے بچھار کھے تھے۔۔ وہاں کچھ دیر چلنے کے بعد اسے ایک کھائی سی نظر آئی۔۔ اور مکمل اندھیرہ چھایا ہوا تھا۔۔ وہ زمین پہ لیٹی اور اندر ٹارچ لگائی وہاں سیڑھیاں تھیں۔۔۔ وہ اور پر جوش ہوئی۔۔ ہاں ایک فطری خوف تھا کہ آیا وہاں کیا ہے۔۔ مگر اس نے اپنا وہ خوف خد پہ حاوی نہیں ہونے دیا۔۔ اور سیرھیوں پہ قدم دھرنے لگی۔۔۔ بیس سیڑھیاں اترنے کے بعد پانی کے ٹپکنے کی آواز آئی۔۔۔ اب اس کا دل زور زور سے دھڑکنے لگا۔۔ ایک بار خیال آیا کہ نور پلٹ جاؤ۔۔۔ مت جاؤ کچھ بھیانک بھی ہو سکتا ہے۔۔ دفعہ کرو جو بھی ہے اس غار میں۔۔ مگر دوسرے ہی پل دل پھڑ پھڑایا تھا۔۔ کہ جاؤ دیکھو جانو کہ وہاں کوں سے راز دفن ہیں ۔۔۔ اور آخر اس کشمکش میں دل جیت گیا آخر دل پہ دماغ کیسے سبقت لے جاتا۔۔۔ وہ قدم آگے بڑھاتی گئی۔۔ سامنے اور سیڑھیاں نظر آئیں اش کا سارہ دیھان اس طرف تھا نیچے نہیں دیکھ رہی تھی اور اسی پل اس نے اپنا اگلا قدم دھراا اور ایک کھڈے میں گرتی گئی

AESTHETICNOVELS.ONLINE

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

-Explore, Dream and Read

ہر طرف دھواں ہی دھواں پھیلا ہوا تھا۔۔ ہر گوسے میں خاموشی اپنے پر پھیلائے ہرئے تھی۔۔ ایک ہیبت تھی اس منظر میں اور دور وہ قدم دھرتا نظر آرہا تھا۔۔۔ وہ زخمی تو تھا۔۔ خون بھی بہہ رہا تھا مگر ہونٹوں پہ ایک مسکراہٹ نے احاطہ کیا ہوا تھا۔۔ اس کی آنکھوں میں جیت کا نشہ اور طاقت کا خمار تھا۔۔ ایک نظر اس ملبے پہ ڈال کے وہ پلٹ گیا۔۔۔ کندھے پہ اک بیگ پہنے وہ ڈھلانوں کو پار کرتا آگے آیا۔۔۔ تھکن سے چور، بے گانی جگہ،

اسے رات ٹھہرنے کے لئے جگہ کا بندوبست کرنا تھا اسے دور فضا میں دھواں اٹھتا نظر آیا اس کے قدموں میں تیزی آئی۔۔ وہاں درختوں کا ایک جھنڈ تھا وہ وہاں سے احتیاط سے گزرتے اس چھوٹے سے گھر کے پاس آیا۔۔۔ اور دروازے پہ دستک دینے کے لئے ہاتھ اٹھایا وہاں کچھ حروف لکھے تھے اس نے پڑے مگر پھر دیہان نہیں دیا اور دروازہ ناک کیا۔۔۔ کچھ پل گزرے تو ایک بچی نے دروازہ کھولا۔۔۔ کون ہیں آپ؟ سوال توعین متوقع تھا مگر اس بچی کی نظریں عجیب سی پراسرائیت لئے ہوئے تھیں

میں ساحل حریب ہو۔۔ رستہ بھٹک گیا تھا۔۔۔ اس نے اپنا نام بتایا مگر یہ نہیں بتاسکتا تھا کہ یہاں کیوں آیا تھا۔۔۔

ہاں تو۔۔۔! اس بچی کا انداز عجیب سا تھا

بیٹا بابا کو بلائیں۔۔۔۔

وہ نہیں ہیں۔۔۔۔۔ ویسا ہی انداز

تو کوئی اور تو ہو گا نہ گھر پہ۔۔ اس نے پھر پوچھا اب وہ اکتایا ہوا لگ رہا تھا

ہاں اینیکا ہے۔۔۔ اب کے وہ تھوڑا سا مسکرائی بھی تھی

او شکر تو بلائیں انہیں۔۔۔ مجھے بات کرنی ہے ان سے

مگر وہ کسی انسان سے بات نہیں کرتی۔۔ نحوست سے کہا گیا

کیا مطلب ہے۔۔ اس کے ماتھے پہ بل پڑے تھے

کچھ نہیں اگر رات گزانی ہے یہاں تو صاف بولو۔۔ یک دم اس کا انداز عجیب ہوا

ہاں اگر اجازت ہو تو ایک رات گزانی ہے یہاں۔۔ صبح ہوتے ہی چلا جاؤں گا۔۔۔

آجاؤ۔۔ وہ رستے سے ہٹی۔۔۔ وہ اندر آیا

سامنے کرسی رکھی تھی جس پر اس نے بیگ رکھا ایک نظر سامنے دیکھا وہاں ہانڈی بن رہی تھی چولہے پر

گھر پہ اور کوئی نہیں ہے کیا۔۔ اس نے اپنے ذھن میں گردش کرتا سوال کیا آخر اتنی رات اور پھر ایسی جگہ اس بچی کو اکیلے کیوں چھوڑ رکھا تھا اس کے ماں باپ نے

نہیں۔۔۔ ایک لفظی جواب ہاندی کو آگ سے اتارتے کہا

کیوں۔۔۔ اسے تعجب ہوا اس نے ایک نظر اسے دیکھا وہ لگ بگ بارہ تیرہ سال کی لگ رہی تھی

یہاں رات گزارنے کا معاوضہ دینا پڑے گا۔۔ اس نے جیسے اس کا سوال سنا ہی نہیں تھا

ہاں کوئی مسئلہ نہیں میں دے دوں گا۔۔۔ وہ حیران ہو رہا تھا اس پہ

پوچھو گے نہیں کہ کیا دینا پڑے گا۔۔ اس ایسے مسکرائی جیسے اس کا بہت کچھ مانگ لے گی۔۔ مگر اس نے سر جھٹکا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

کیا۔۔۔؟

پل۔۔۔ وہ اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی تھی۔۔ اسے ایسے محسوس ہوا کہ اس کی ریڑ کی ہڈی میں کچھ سرائیت کر گیا مگر بضاہر وہ پر سکون رہا

کیا مطلب ہے۔۔

سمجھ جاؤ گے۔۔۔ سوپ کا ایک باؤل اس کے ہاتھ میں تھما کے پلٹ گئی اور سامنے کمرے کے دروازے میں گم ہو گئی۔۔ اس نے سر جھٹکا اور سوپ کو پی کہ ایک طرف پڑے صوفے پہ لیٹ گیا۔۔۔ اس کا دھیان اس کمرے میں گم لڑکی کی طرف ہی تھا۔۔ مگر نیند اس پہ ہاوی ہو گئی اور وہ سو گیا اس بات سے بیگانہ کہ کل کا دن اسے کیا دکھانے والا ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کیا ہوا عبیرہ۔۔۔ طہٰ نے اس کا گھبرایا ہوا چہرہ دیکھ کر کہا

پتا نہیں دل خراب ہونے لگا ہے۔۔۔۔ اس کا چہرہ زردی مائل سا ہو گیا

خیریت ابھی تو ٹھیک تھی۔۔ طہٰ نے پریشانی سے اسے دیکھا

مجھے وامٹ آرہی ہے۔۔۔ وہ اس وقت ٹرین میں تھے۔۔۔ طہٰ اسے لے کر واش روم کی طرف گیا

پریشان نہ ہو ٹھیک ہو جاؤ گی۔۔ اسے لے کر جاتے ساتھ میں تسلی بھی دے رہا تھا

وہ واش روم میں گئی۔۔ طہٰ باہر کھڑا رہا۔

طہٰ۔۔۔ یک دم عبیرہ کی گھبرائی ہوئی آواز آئی

کیا ہوا ابی۔۔۔ وہ پریشانی اور عجلت میں دروازہ کھول کے اندر آیا جو کہ لاک نہیں تھا

کیا ہوا ابی۔۔۔ اسے ایک طرف گھرایا ہوا دیکھ کہ اور پریشان ہو رہا تھا

بی۔۔بی۔۔۔ اس کے جواب نہ دینے پہ اسے بازو سے پکڑ کر جھنجھوڑا۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ۔۔ہاں کیا ہوا۔۔ابھی اس نے بات پوری بھی نہیں کی تھی کہ دروازہ لاک ہونے کی آواز آئی ۔۔طہ گھبرا کہ پلٹا۔۔عبیرہ اور گھبرائی ۔

کوئی ہے دروازہ کھولو۔۔۔طہ نے دروازہ زور زور سے کھٹکھٹایا

مگر کوئی۔۔آواز نہ آئی جیسے باہر کوئی ہو ہی نہ

طہ کیا کریں گے۔۔۔عبیرہ رونے لگی

طہ نے نظر دوڑائی اور ایک طرف پڑا لوہے کا ڈنڈا پڑا نظر آیا۔۔

اس نے وہ اٹھایا اور زور سے دروازے پہ مارا۔۔۔مگر کوئی اثر نہ ہوا

بی کچھ نہیں ہوا کھل جائے گا

تو باہر کوئی سن کیوں نہیں رہا۔۔۔وہ بہت گھبرائی ہوئی تھی مگر طہ خاموشی سے دروازہ کھولنے میں مگن تھا۔

اور آخر دروازہ ایک طرف سے ٹوٹ گیا۔۔۔

شکر ہے۔۔۔عبیرہ تھوڑا پرسکون ہوئی مگر طہ کے ماتھے کے بلوں میں اضافہ ہوا۔۔کیوں کہ کچھ تو تھا فضا میں جو غیر معمولی تھا۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اس نے دروازے کو دھکا دیا اور سامنے دیکھا۔۔۔پیچھے عبیرہ نے بھی جھانکا۔۔۔

مگر سامنے کا منظر دیکھ کہ وہ دونوں ہل نہ پائے۔۔۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

## بابِ دوم

رات لمحہ بہ لمحہ بیت رہی تھی

رات صدی بہ صدی بیت رہی تھی

اتنی سیاہ گھور اندھیر رات۔۔۔۔۔۔ لگتا تھا کبھی ختم ہی نہیں ہو گی۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read-

جنگل میں دور دور سے مسلسل عجیب آوازیں سنائی دے رہی تھیں۔۔ پرندوں اور جانوروں کی، مگر وہ کہیں آس پاس دیکھائی نہیں دے رہے تھے۔۔۔۔۔ اس نے ہلکی سے آنکھیں وا کیں، سر میں درد کی ایک شدید لہر اٹھی تھی،۔ اس کا ہاتھ بے ساختہ سر کی طرف اٹھا تھا۔۔ مگر اس نے

ہمت کی اور اٹھ کے بیٹھی سر چکرا رہا تھا۔۔ اور آنکھوں کے سامنے سب گھڈ مڈ ہو رہا تھا۔۔ کتنے ہی پل ایسے گزر گئی وہ سمجھ ہی نہیں پا رہی تھی کہ اس کے ساتھ ہوا کیا اور ہو کیا رہا ہے

کچھ دیر بیٹھنے کے بعد تھوڑے حواسوں میں آئی۔۔۔ اور ادھر ادھر دیکھا۔۔ وہ بارش کے جمع ہوئے پانی کے جوہڑ کے ساتھ بیٹھی تھی۔۔۔ عجیب حبس اور گرمی کا احساس ہوا۔ وہ ہمت کر کے اٹھ کے کھڑی ہوئی

جنگل۔۔۔ وہ کسی جنگل میں ہے۔۔ اب کہ اسے اپنی کسی جگہ موجودگی کا احساس ہوا۔۔۔ اور یہ بھی کہ یہاں کچھ عجیب ہے۔۔۔ مگر کیا۔۔۔؟ جگہ۔۔۔۔۔ یا ماحول؟

نہیں۔۔۔ یہ دونوں چیزیں ٹھیک تھیں۔۔۔ پھر غلط کیا تھا۔۔۔

موجودگی۔۔۔ ہاں اس کی یہاں موجوگی عجیب تھی۔۔۔۔ اس نے دو تین قدم اٹھائے۔۔۔

کیچڑ ہی کیچڑ تھا۔۔۔ اب کہ اسے گھبراہٹ ہوئی۔۔ وہ یہاں کیوں ہے۔۔۔ اسے۔۔۔۔۔۔۔

اسے تو پہاڑ پہ ہونا تھا۔۔۔۔ وہ یہاں ایسے خوفناک جنگل میں کیا کر رہی ہے۔۔۔ یہ ماحول انجان تھا۔۔۔ اور حیبت ناک بھی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اس کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔ اس نے چاروں اطراف نظر دوڑائی۔۔۔

جہاں تک نظر گئی۔۔ درختوں سے ٹکرا کے واپس آ گئی۔۔۔ اس نے سر اوپر اٹھایا۔۔ وہاں ملجگا سا اندھیرہ چھایا ہوا تھا۔۔۔ سورج مدہم پڑ رہا تھا۔۔۔ مطلب رات ہونے والی ہے۔۔۔ یا اللہ رات ہونے والی ہے۔۔ اب اس کا دماغ کام کرنا شروع ہوا تھا۔۔ وہ کبھی بھی اتنی حواس بے ساختہ

نہیں ہوئی تھی۔۔اس نے ہمیشہ ایسی جگہوں پہ وقت گزارہ تھا۔۔ مگر ایسا کبھی نہیں ہوا تھا کہ وہ حواس کھو دے۔۔ مگر اب کی بار۔۔ہمیشہ کی طرح تو تھا بھی نہیں۔۔۔

اس نے موبائل نکالا اور وقت دیکھا۔۔ لیکن ایک منٹ۔۔۔۔۔۔ یہاں تو آٹھ بج رہے تھے رات کے۔۔۔اس کا ایک بار پھر دماغ گھوما۔۔ٹائم پہ نہیں وقت پہ۔۔۔۔

اگر رات کے آٹھ بج رہے تھے تو آسمان روشن کیوں تھا۔۔۔اس کا ماتھا ٹھٹکا مگر خد کے جذبات پہ قابو پاتے ایک نمبر ڈائل کیا۔۔۔اور تب اسے دوسرا جھٹکا لگا کیونکہ سگنل بھی آف ہو چکے تھے۔۔۔یہ رستہ بھی بند ہو چکا تھا۔۔۔اب کی بار اس کے سہی پسینے چھوٹے۔۔

کوئی ہے۔۔۔۔۔۔اس نے زور سے پکارا

مگر اس کی آواز پلٹ پلٹ کہ اسے خد سنائی دیتی خوفزدہ کر رہی تھی

رات اندھیری ہے۔۔۔چاند کم ہے

ہوا میں حبس۔۔۔اور اک خوفناک چمک

ہوا رازوں کو سرگوشی کرتی ہے

وہ ادھر ادھر دیکھتے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی چل رہی تھی۔۔۔وہاں

درختوں اور دحشت کے علاوہ کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اک نامعلوم سے خوف کا احساس۔۔۔ کہ میں اکیلی ہوں

پتوں کی سر سراہٹ۔۔۔۔۔۔۔اک خوفناک آواز

ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے کوئی پیچھے چل رہا ہے

اس نے پلٹ کہ دیکھا مگر وہاں اس کے علاوہ کوئی دوسرا البشر نہ تھا۔۔وہ اور خوفزدہ ہوئی
لیکن وہاں کوئی نہیں۔۔۔۔اس کا دل تیزی سے دھڑکتا ہے
ہر لمحے کے ساتھ بھڑتا ہوا خوف۔۔۔۔۔
رات دھیرے دھیرے سرکتی جارہی تھی ۔۔۔
اندھیرہ اپنے پر پھیلائے اسے چڑارہا تھا۔۔
موبائل کی ٹارچ لگائے وہ بڑھتی گئ۔۔
وہ تھک کے نڈھال ہوچکی تھی
مگر وہ اک جگہ بیٹھ کہ موت کا انتظار نہیں کر سکتی تھی

اک سایہ حرکت کرتا ہے۔۔۔ نظروں سے تھوڑا دور

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

رات کے آخری پہر میں یہاں کسی کی موجودگی کا احساس شدت سے جاگتا ہے۔۔۔

وہ الٹے قدموں بھاگنے کے لئے مڑتی ہے

مگر قدم منجمد ہو چکے تھے

اک سرد ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھوت کی آنکھیں ۔۔۔۔۔اسے گھور رہی ہیں
وہ بھاگنا چاہتی تھی۔۔۔ مگر بھاگ نہیں پارہی
وہ خوف میں جکڑی جا چکی تھی
اک آواز سرگوشی کی۔۔۔۔اک جان لیوا لہجہ
تم کون ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟
وہ دہشت سے چیختی ہے لیکن کوئی نہیں سنتا
وہ اپنی جان کھو رہی ہے۔۔۔
کیا میری قسمت میں یہ اندھیرے لکھ دئے گئے ہیں؟
کیا میں ہمیشہ ادھر ہی بھٹکتی رہوں گی ؟
کیا میں ہمیشہ دہشت کا شکار رہوں گی؟

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

کیا میں کبھی گھر نہیں جا پاؤں گی؟

وہ اک طرف کونے میں درخت کو پناہ گاہ بنائے سکڑ کر بیٹھ گئی

۔۔۔۔۔آنسو سے چہرہ تر تھا

کیا چیزیں اتنی عجیب بھی ہو سکتی ہیں؟

اتنی ہیبت ناک بھی ہو سکتی ہیں ؟

کیا جنگل اتنا خوفناک بھی ہو سکتا ہے؟

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ششش۔۔۔۔۔اک دنیا جاگ رہی ہے

جیسے آسمان شعلوں کی طرح رنگ پھٹتے ہیں

جمکتی ندیوں کے جھرنے بہہ رہے تھے

رنگ جیسے ناچ رہے تھے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ ہر اک چیز کو حیرت بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا

دو پرندے ہوا میں اڑتے رقص پیش کر رہے تھے۔۔۔۔

وہ دنیا و مافیہ سے بے گانا ہر اک چیز کا حسن دیکھ رہا تھا۔۔۔

اس قدرت کے کرشموں کے سامنے جیسے ہر اک چیز بے معنی ہو گئی تھی

ہر طرف پھیلے چمکتے رنگ اور ہر اک چیز کو پر نور کرتی دھمکتی روشنی آنکھوں کو خیرہ کر رہی تھی

اک پرفیکٹ ویو۔۔۔

یہ رنگ کیا کہانی بن رہے تھے وہ اس سے ناواقف تھا

اس کا دماغ تانے بانے باندھ رہا تھا۔۔۔اسے احساس دلا رہا تھا

یہ اک سحر ہے۔۔۔ مگر کیا وہ سمجھ نہیں پایا تھا

افففف یار فون بھی نہیں ہے پتا نہیں کون سی جگہ آ گیا ہوں۔۔۔نہ اتا نہ پتا۔۔نہ فون۔۔۔اور نہ کوئی انسان۔۔۔۔

خیر چلو برق صاحب چلو اک اور ایڈوینچر آپ کا منتظر ہے۔۔۔اور اس بار سمندر کی گہرائیوں میں نہیں جنگل کے سینے میں۔۔۔

اور اک سمت کا رخ کر کے چل پڑا۔۔۔

مگر وہ لاعلم تھا۔۔۔۔۔یہ جادو کی دنیا ہے۔۔۔۔

جہاں مخلوق آزاد پھرتی ہے۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE

یہ جگہ خوبصورتی کا منہ بولتا ثبوت تھا۔۔۔

-Explore, Dream and Read

کیا ہر خوبصورت دکھنے والی چیز اپنے اندر بھی ویسا ہی حسن رکھتی ہے؟

یہ دنیا اک جادو ہے۔۔۔

وہ ہر چیز سے لاعلم۔۔اشتیاق سے سب دیکھ رہا تھا

لاعلمی اک نعمت ہے۔۔۔ مگر اکثر یہی لاعلمی زحمت بھی بن جایا کرتی ہے۔۔۔

مگر نا جانے یہ لاعلمی برق پاشا کو کیا دن دکھانے والی تھی۔۔

---------------

جنگل درختوں کی بستی ہے

جہاں وہ آرام سے رہتے ہیں

اپنے پڑوسیوں کے ساتھ

بلکل اسی طرح جیسے

ہم شہروں میں رہتے ہیں

---------------

اتنی تیز روشنی۔۔اس کی آنکھیں چندھیا گئیں

اور اک آواز کانوں کو خیرہ کر رہی تھی اس نے پلٹ کے

دیکھا دور سے آواز آرہی تھی مگر نظر نہیں آرہا تھا۔۔۔

وہ ہر اک چیز کو آنکھوں میں جذب کرتی آگے بڑھی۔۔اس آواز کی سمت جو اسے ہیبناٹائیز کر رہی تھی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ایک شہد کی مکھی تھی جو اچانک اس کے قریب آ کے پھڑ پھڑائی تھی۔۔۔وہ گھبرائی مگر اس کے پھڑ پھڑانے سے اک دھن بن رہی تھی۔۔۔۔اک ساز۔۔۔اک موسیقی۔۔۔۔وہ تال اتنی پرفیکٹ تھی کہ کوئی بھی ایسا گا نہیں سکتا۔۔۔

تھوڑا آگے چل کے اسے تتلیوں کا ایک جھنڈ نظر آیا۔۔۔جو پھولوں کے اوپر منڈلا رہی تھیں ۔۔۔ایک مکمل ویو

وہ ڈھلانوں سے اترتی کچھ درختوں کے جھنڈ کو پار کرتی آگے آئی۔۔ ہر اک دل موہ لینے والے نظارے کو کیمرے میں محفوظ کرتی آگے آئی اور سامنے نظر پڑی۔۔۔ مگر پھر پلٹنا بھول گئی۔۔۔

ایک آبشار۔۔۔۔۔۔۔۔وہ ایک عجوبہ تھا دیکھنے والے کے لئے

وہ خوبصورتی کا بہتا ہوا جھرنا تھا۔۔۔ اتنا خالص اور جرات مند

بہتا ہوا پانی۔۔۔ جرت اور طاقت سے گرتا ہوا

AESTHETICNOVELS.ONLINE

ایک حیرت انگیز نظارہ تھا

-Explore, Dream and Read

دن کی روشنی میں چمکتا دھمکتا ہوا پانی

اس میں رنگوں کی قوس قزح۔۔۔ آنکھوں کو بھلی لگ رہی تھی

یہ ایک شاندار منظر تھا

یہ رقص کرتا۔۔۔ جھومتا۔۔۔۔۔۔ گھومتا۔۔۔۔ ہوا کے ساتھ رقص کر رہا تھا

اٹس بیوٹیفل۔۔۔۔۔۔ پرفیکٹ۔۔۔۔ اس کے لب ستائش میں ہلے تھے

وہ کچھ لمحے دیکھتی رہی اور کچھ فوٹو کلک کیں۔۔۔ آخر کو وہ اک جگہ ایکسپلورر کرنے جا رہی تھی

۔۔۔ اس کا چہرہ خوشی سے دھمک رہا تھا

" مگر کچھ لمحوں کا کھیل تھا

منظر بدلتا گیا۔۔۔۔ وہاں رنگوں سے بھرپور جھرنا نہیں بہہ رہا

تھا۔۔۔۔ وہاں گاڑھا خون بہہ رہا تھا۔۔۔ اس کی آنکھیوں میں وحشت پھیل گئی۔۔۔۔ وہاں کوئی

پھول نہیں تھے۔۔ وہاں کانٹے اور سوکھے درخت تھے۔۔۔ وہ لمحے کو کانپ کر رہ گئی۔۔۔

اس کا دماغ اس بدلاؤ کو ایکسیپٹ نہیں کر رہا تھا۔۔۔۔۔ وہ خوف سے لرزنے لگی تھی۔۔۔ اس کا

سر نفی میں ہل رہا تھا۔۔۔۔ نہیں یہ کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔ ابھی ابھی تو سے کچھ اور تھا۔۔۔ اب

ایسے کیسے۔۔۔۔ وہ چیخنا چاہتی تھی۔۔۔ بھاگنا چاہتی تھی۔۔۔ مگر نہ اس کی ٹانگیں اس کا ساتھ

دے رہی تھیں۔۔۔ اور نہ اس کی زبان۔۔۔ نہ دماغ۔۔۔۔۔ اس کے احساب شل ہو چکے تھے

اک دل دھڑک دھڑک کے باہر آ رہا تھا۔۔۔ خوف ایسا حاوی ہوا کہ وہ سمجھ ہی نہیں پا رہی تھی

کہ آخر کو اس وقت اسے کیا کرنا چاہیئے۔۔۔

اور کچھ سیکنڈز بعد اسے احساس ہوا۔۔ کہ مجھے بھاگنا چاہیئے۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اور پھر نور ایسمیرے وہاں سے پلٹ کہ بھاگی تھی۔۔۔وہ نہیں جانتی تھی کہ وہ کہاں جارہی ہے یا اسے کہاں جانا چاہیئے۔۔۔ مگر اسے اتنا علم تھا کہ اسے بھاگنا ہے۔۔۔۔کب تک وہ یہ بھی نہیں جانتی تھی۔۔۔

اکثر کچھ رازوں پر پردا پڑا رہنا ہی ہمارے خد کے حق میں بہتر ہوتا ہے
مگر ہمیں کسی کے کہنے سے کب کہاں فرق پڑا ہے۔۔ہم اپنی خد کی غلطیوں سے سیکھنے والے ہیں

---

مگر ہم یہ بھول جاتے ہیں کہ جب وقت ہمیں سکھاتا ہے تو وہ ہاتھ تھام کے پیار سے نہیں سیکھاتا بلکہ وقت اک تماچہ مارتا ہے۔۔۔۔اور اکثر ہم وقت کے قدموں تلے روند دیئے جاتے ہیں

---

لیکن خیر۔۔وقت کی ایک بات اچھی ہے کہ اس کا پڑھایا ہوا سبق انسان اپنی آخری سانس تک بھی نہیں بھولتا

AESTHETICNOVELS.ONLINE

اب دیکھنا یہ تھا کہ وقت نور ایسمیرے کو کیا سکھانے والا تھا

-Explore, Dream and Read

-------------------

گرمی کا احساس حاوی ہوا۔۔اس نے کروٹ لی مگر کچھ چبن کا احساس ہوا تو وہ اٹھا۔۔ مگر خود کو ایسے منظر کا حصہ بنے دیکھ پریشان ہوا تھا۔۔۔۔۔اور حیرت سے کھڑا ہوا اور ارد گرد

نظر گھمائی۔۔۔ مگر منظر ویسا ہی تھا جیسا کچھ پل پہلے آنکھ کھلنے پہ تھا۔۔۔۔۔ کچھ بھی بدلا نہیں تھا ۔۔ یہ سب اس کی آنھوں کا دھوکا نہیں تھا۔۔۔

اک پل ٹھر کے اس نے اپنی کل کی رات کو یاد کیا۔۔ اور وہ جیسے ٹھٹھک سا گیا تھا۔۔۔۔ وہ عجیب قسم کی بچی۔۔۔ اس کی وہشت زدہ آنکھیں۔۔۔ اس کا اکیلا ہونا۔۔۔۔۔ اس کی معنی خیز باتیں ۔۔۔۔۔ وہ گھر۔۔۔ جہاں اس نے پناہ لی تھی۔۔ وہ تو کہیں غائب تھا۔۔۔۔ وہ تو کاؤچ پہ سویا تھا ۔۔۔۔ مگر اٹھا بنجر زمین پہ تھا۔۔۔۔ نہ وہ گھر تھا۔۔۔ نہ وہ عجیب بچی تھی۔۔۔۔۔۔ وہ تنہا تھا اور ایک ویران بنجر میدان تھا۔۔۔۔ دور دور تک اسے کچھ بھی اور نظر نہیں آ رہا تھا۔۔۔ اس نے ایک طرف پڑا اپنا بیگ اٹھایا۔۔ شکر کہ وہ بھی گھر کے ساتھ غائب نہیں ہو گیا تھا۔۔۔۔ اس نے کندھے پہ لٹکایا اور ایک طرف چلنے لگا۔۔۔ کیا عجیب صبح ہوئی تھی۔۔۔ اس کا دماغ ابھی تک کام نہیں کر رہا تھا۔۔۔ مگر اس کو عجیب جگہ سرائیو کرنا سکھایا گیا تھا۔۔۔۔ یہ اس کی ٹریننگ کا حصہ تھا۔۔۔۔۔ اسے اس ایک رات کی کھوج لگانی تھی۔۔۔۔ وہ ساحل حریب التان تھا۔۔۔ اسے ایسے حالات میں خود کو زندہ رکھنا آتا تھا۔۔۔ وہ قدم اٹھاتا دور جاتا نظر آ رہا تھا۔۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

حالات جیسے بھی ہوں انسان ان سب پہ قابو پا لیتا ہے۔۔۔۔۔ انسان حالات کا مقابلہ کر لیتا ہے ۔۔۔۔۔ ساحل حرحب کی زندگی کا زیادہ تر حصہ حالات سے مقابلہ کرتے گزرا تھا۔۔ مگر کیا وہ اب بھی یہ میدان مار سکتا تھا؟

یا حالات کے آگے گھٹنے ٹیکنے والا تھا۔۔۔

مگر جو بھی تھا۔۔۔ یہ تو آگے جا کے پتا چلنے والا تھا۔۔۔۔

------------------

میرے اندر کچھ دھڑک رہا ہے۔۔۔

کیا میرے پاس اب بھی ان حالات کے بارے میں محسوس کرنے کے لئے اتنا بڑا دل ہے جو غیر حقیقی ہیں۔۔۔۔۔

میں ایک خوفناک منظر دیکھ رہی ہوں۔۔۔

اک نیا انکشاف ہو رہا ہے۔۔۔

وہ کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

یہی کہ کوئی اور بھی وجود ہے۔۔۔۔ مگر کون۔۔۔؟۔۔میں یہ جاننے سے قاصر ہوں

میں جاننا چاہتی ہوں۔۔۔شاید کوئی میری مدد کر دے۔۔ مگر میں خوفزدہ ہوں۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE

میں بس یہ جانتی ہوں میرے اندر کچھ دھڑک رہا ہے۔۔

-Explore, Dream and Read

میں وضاحت نہیں کر سکتی۔۔۔۔

میرے جزبات اس وقت پڑھے نہیں جاسکتے۔۔۔۔ میں کانپ رہی ہوں۔۔۔میرے ہاتھ کانپ رہے ہیں۔۔۔میری ٹانگوں میں سکت نہیں کہ کھڑی ہو سکوں۔۔۔

میں اپنے اندر کی ہولناکیوں اور جنگل کی گہرائیوں سے خوف زدہ ہوں۔۔۔۔

میں نہیں جانتی یہ سب کیسے ختم ہو گا۔۔۔یہ ایسے خیالات اور احساسات ہیں جنہیں میں سمجھ نہیں پا رہی۔۔۔۔

قدموں کی چاپ اسے قریب آتی سنائی دے رہی تھی۔۔۔۔ جیسے کوئی بہت تیزی سے بھاگ کہ اس طرف کو آ رہا ہے۔۔۔۔ہلکی ہلکی بارش کی بوندوں کی ٹپ ٹپ احساب کو جھنجھوڑ رہی تھیں ۔۔۔اور اس بھاگنے والے کے قدموں کی چاپ ماحول میں ارتعاش سا پیدا کر رہی تھی۔۔۔

خوف ایک بار پھر حاوی ہو چکا تھا

مگر ہر گزرتے لمحے کے ساتھ آواز قریب آتی سنائی دے رہی تھی۔۔وہ دم سادھے۔۔سانس روکے اکڑ کے بیٹھی تھی

کوئی ہے۔۔۔۔پلیز ہیلپ می۔۔۔ایک نسوانی آواز ابھری تھی بے بسی سے بھرپور۔۔۔

وہ اس آواز سے ٹھٹکی تھی۔۔۔کیا کوئی اور لڑکی بھی یہاں اس طرح پھنس چکی تھی۔؟کیا وہ بھی اکیلی تھی۔۔۔؟کیا وہ بھی خوفزدہ تھی؟

مگر وہ ویسے ہی بیٹھی رہی۔۔۔

کوئی ہے۔۔۔۔؟ایک بار پھر اس کی آواز گونجی تھی۔۔ آواز میں نمی کا عنصر بھی تھا۔۔شاید وہ رو رہی تھی

ہاریکا کا دل دھڑک رہا تھا مگر ایک امید بھی جاگی تھی کہ وہ اکیلی نہیں ہے۔۔کوئی اور بھی ہے ۔۔۔اس احساس نے اس میں توانائیاں بھری تھی وہ اٹھ کہ کھڑی ہوئی۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

کون ہو۔۔۔؟اس نے بے ساختہ پکارا تھا۔اور اسے احساس ہوا اس کی اپنی آواز بھی کانپ رہی ہے۔۔۔

یک دم سامنے خاموشی چھا گئی۔۔۔

میں یہاں پھنس گئی ہوں۔۔پلیز میری ہیلپ کرو۔۔۔کچھ لمحوں بعد خوفزدہ سی آواز ابھری تھی

ہاریکا نے موبائل کی ٹارچ آن کی۔۔۔اور دھیرے سے آگے بڑھی۔۔وہ اندازہ کر پا رہی تھی کہ سامنے والا وجود اس سے کچھ ہی فاصلے پر ہے

اس نے ٹارچ سامنے لگائی۔۔۔سامنے ہی ایک لڑکی اجھرے سے حلیے میں بھیگی سی کھڑی تھی

۔۔۔ہاریکا بس اسے دیکھے گئی جیسے یقین ہی نہ آیا کہ وہ اکیلی نہیں ہے

اور سامنے والا وجود بھی بے حس و حرکت تھا

عجیب سا لمحہ تھا۔۔۔

یہ احساس جب چھوڑ جائے کہ آپ اکیلے نہیں ہیں تو سامنے والا کوئی بھی ہو وہ عزیز ہو جاتا ہے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

---

--------

جنگل میں کافی کم روشنی تھی۔درخت کافی اونچے تھے اور اوپر جا کر ان کے پتے آپس میں گلے مل رہے تھے،گویا سبز چھت بنا رکھی ہے۔۔۔سبز چھت کے درمیان بڑے بڑے سوراخوں سے روشنی چھاؤں کی صورت اندر آتی لیکن گرمی اور حبس بلا کی تھی۔۔۔۔

یہ جنگل نہیں تھا۔۔۔۔۔رین فاریسٹ تھا۔۔۔۔۔۔وہ دونوں چوکنے ہوئے انداز میں چل رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔وہ ایڑیوں پہ گھوما پیچھے وہ کسی خواب کی سی کیفیت میں کھڑی تھی۔۔۔۔۔

چلو بی۔۔۔اس نے اسے بازو سے ہلایا۔۔۔

یہ کون سا جنگل ہے ؟۔۔۔وہ ابھی بھی حوش میں نہیں لگ رہی تھی۔۔۔مگر وہ سنبھل چکا تھا

جنگل نہیں رین فاریسٹ ہے۔۔۔وہ اپنی زندگی کا کچھ حصہ یہاں گزار چکا تھا

ہاں تو جنگل ہی ہوا نہ۔۔۔وہ چڑ کر بولی تھی۔۔۔۔۔

جنگل اور رین فاریسٹ میں فرق یہ ہوتا ہے کہ جنگل میں درخت بھی ہوتے ہیں، آسمان بھی دکھائی دیتا ہے اور زمین پہ پودے، جھاڑیاں اور گھاس بھی اگی ہوئی ہوتی ہے۔۔۔۔رین فاریسٹ کے درخت اتنی گنجلک ہوتے ہیں، اور اوپر جا کر اور بھی زیادہ گھنے ہو جاتے ہیں۔۔اتنے زیادہ گھنے کے سورج کی روشنی زمین تک بہت ہی کم پہنچتی ہے۔۔۔اس لئے زمین پہ پودے اور جھاڑیاں بہت کم کم ہوتے ہیں۔۔۔۔۔اور درخت بارش کے پانی کے باعث بھڑتے ہیں۔۔۔

اس نے حیرت سے سر اٹھا کے ارد گرد دیکھا۔۔اور منظر لمحوں میں بدلا تھا۔۔وہ جو تھوڑی دیر پہلے تک ایک جنگل لگ رہا تھا اب یک دم کچھ اور دکھائی دینے لگا تھا۔۔۔الگ قسم کے پتے ۔۔۔الگ طرح کی لکڑیاں۔۔۔۔۔کہیں کہیں اگے جنگلی پھول۔۔۔۔ہر شے کی چمک بدل چکی تھی۔۔۔صبح کی سفیدی کی طرح اس کا ذہن کسی اور طرح سے بیدار ہوا تھا

طٰہٰ اب کیا کریں گے۔۔۔۔اس کی آواز میں ایک خوف تھا۔۔۔

اب چلیں گے اور رستہ تلاش کریں گے۔۔۔اس نے عبیرہ کا ہاتھ تھاما اور چلنے لگا

مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔یہ سب ہو کیا رہا ہے۔۔۔؟

ششششش خاموش۔۔ڈر کیا ہوتا ہے۔۔۔تم آنکھیں بند کرو اور صرف یہ محسوس کرو کہ ہم ساتھ ہیں۔۔۔۔اور یہ محبت کا سفر ہے۔۔۔اور سفر بھی محبت کی طرح ہوتا ہے اور یہ سوچو یہ ایک چیلنج ہے۔۔۔ا آخر میں ہمیں انعام ملے گا۔۔۔اور اس رین فاریسٹ میں اک کہانی درج کریں گے ۔۔۔اس کی وجہ سے ہم بیداری کی ایک بلند کیفیت کو جانے گے۔۔۔۔جس میں ہم ذہن ساز، ہر حالات کو اور ہر حالت میں ایک دوسرے کو قبول کرنے والے، مدھم واقفیت میں اور ہم تبدیل ہونے کے لئے تیار ہیں۔۔۔اسی وجہ سے یہ سفر بہترین سفر ہو گا۔۔۔جیسے ہماری محبت بہترین ہے۔۔۔۔وہ اسے محبت سے آنے والے حالات سے ایک ساتھ مقابلا کرنے کے لئے تیار کر رہا تھا

اور انعام؟اس کے لب ہلکے سی مسکراہٹ میں ڈھلے تھے

ہم گھومیں گے۔۔۔۔اور اپنی محبت کی ایک داستان کو تلاشیں گے۔۔۔مہاکاوی مہم جوئی اور ایک دوسرے کی روح کو گفتگو سے سجائیں گے۔۔۔

ایک کہانی جمع کریں گے۔۔۔جس میں تم میری مدد کرو گی۔۔۔اور وہ یادیں اکٹھی کریں گے جو ہمیں بڑھاپے میں بھی بوڑھا نہیں ہونے دیں گی۔۔۔اس نے مسکراتے ہوئے ہاتھ بڑھایا تھا

وہ بھی ہاتھ تھامے چلنے لگی تھی

وہ عجیب انسان تھا جو جنگل میں بھی اپنی یادوں کو زخیرہ کرنا چاہتا تھا۔۔۔اور عبیرہ اس کا ساتھ ہر جگہ دینے کو تیار تھی۔۔۔

وہ ہمسفر تھے اور ہاتھ ملا کے اس سفر کی ایک کہانی بنانے اور اک نئی دریافت کرنے کو تیار تھے

تم میری بہترین مہم جوئی ہو۔۔۔وہ مسکرا رہا تھا

تم میرا بہترین سفر ہو۔۔۔۔وہ اب کی بار دل سے مسکرائی تھی

دیوانوں سے دنیا بھری پڑی ہے۔۔۔

اور ان میں ایک نام طٰہٰ اور عبیرہ کا بھی تھا

---------------------

جب تمہیں معلوم نہ ہو کہ
تمہیں کہاں جانا ہے
تو سارے راستے تمہیں وہاں
لے جاتے ہیں جہاں تمہیں
جانا ہوتا ہے۔۔۔۔

-------------------

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

بتاؤ کہاں جانا ہے۔۔۔وہ گھبرائی ہوئی تھی خوف اس کے انگ انگ سے جھلک رہا تھا

تمہیں کیا لگ رہا ہے میں یہاں سب کچھ جانتی ہوں۔۔۔ہاریکا تپ گئی تھی

تو میں کیا کروں اب۔۔۔اب کی بار نور کا لہجہ بھی دھیما ہوا تھا

میں کچھ بھی نہیں جانتی۔۔۔وہ بےزار سی کہہ رہی تھی

وہ دونوں اس وقت وہیں ایک کونے میں سکڑ کے بیٹھی تھیں جہاں کچھ دیر پہلے ہاریکا اکیلی بیٹھی تھی

وہ دونوں اب بھی پریشان تھیں لیکن ایک بات کا اطمینان تھا کہ وہ ادھر اندھیر جنگل میں اکیلی نہیں ہیں

اب تک وہ دونوں بے یقینی میں تھیں۔۔ مگر اب نور کا دماغ کام کرنا شروع ہوا تھا مگر اس وقت بھوک کا احساس سب سے زیادہ غالب تھا۔۔۔اس نے پاس پڑے بیک سے ایک سنیک نکالا اور کھولنے لگی۔۔ہاریکا نے اسے دیکھ کے سر جھٹکا۔۔۔اس کا ذرا بھی موڈ نہیں تھا اس سے کسی قسم کی کوئی بھی بات کرنے کا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

کھاؤ گی؟اس نے آگے کیا

نہیں۔۔۔یک لفظی جواب آیا

جیسے تمہاری مرضی۔۔نور کا اخلاقیات دکھلانے کا کوئی موڈ نہیں تھا۔۔۔ویسے بھی وہ یہاں اپنی مرضی سے آئی تھی۔۔۔خود کو ہر حالات کے لیئے تیار کر کے آئی تھی مگر حالات اس نہج پہ آجائیں گے اسے اندازہ نہیں تھا۔۔ مگر اب وہ ذرا سنبھلی تھی۔۔اس کے برعکس ہاریکا وہ یہ سب

ایکسیپٹ نہیں کر پارہی تھی ابھی تک۔۔۔ہاں اب کہ خوف تھوڑا کم ہوا تھا۔۔اسے بھوک بھی لگ رہی تھی مگر نور ایسمیرے اسے کچھ پسند نہیں آئی تھی۔۔۔

تھی بھی تو انتہا کی بد اخلاق

اب صبح تک یہیں انتظار کرنا پڑے گا۔۔ پھر صبح کچھ کریں گے۔۔۔ بھرے ہوئے منہ سے بمشکل اس نے بات کی

ہوں ں ں۔۔۔پانی کی ٹپ ٹپ اس کے احساب کو جھنجھوڑ رہی تھی

ویسے تمہارا نام کیا ہے۔۔۔خالی پیکٹ کو بیگ میں ڈال کے وہ سنجیدگی سے اس کی طرف متوجہ ہوئی۔۔۔ دونوں کا ہلیا اس وقت بگڑا ہوا تھا وہ پہچانی ہی نہیں جارہی تھیں۔۔۔

ہاریکا آیان۔۔۔وہی لیا دیا انداز

کیسے آئی یہاں۔۔۔۔

کم از کم ایسی جگہ اپنی مرضی سے تو آنے سے رہی۔۔۔

میں اپنی مرضی سے آئی ہوں۔۔۔وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ نہیں رہی تھیں

تم پاگل ہو گیا۔۔اب کی بار ہاریکا اس کی طرف متوجہ ہوئی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ہم میں جرنلسٹ ہوں۔۔اور مجھے ایک نئ کہانی چاہئے تھی اور یہاں کے بارے میں بہت کچھ سن رکھا تھا تو میں جاننا چاہتی تھی کہ کیا ہے اس غار میں۔۔۔ لیکن اب لگ رہا ہے غلطی کر دی ہے ۔۔

رات گزر ہی نہیں رہی۔۔۔۔اس نے بات کارخ بدلا

میری زندگی کی بدترین رات ہے۔۔۔ہاریکا کے لب ہلے تھے۔۔۔

سیم۔۔۔نور نے دھیرے سے اس کی بات کی تائید کی

تمہارا نام کیا ہے؟

نور ایسمیرے۔۔۔۔۔ہم صبح تک یہاں نہیں ٹھہر سکتے کوئی اور جگہ تلاشنی پڑے گی ۔۔

چلو دیکھتے ہیں۔۔۔وہ دونوں ایک ساتھ اٹھی تھیں

رات دھیرے دھیرے سرک رہی تھی

اب صبح کا انتظار تھا۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

---------

وہ دونوں کافی دیر سے چل رہے تھے۔۔جنگل کی روشنی آدھے گھنٹے میں گھپ اندھیرے میں بدل گئی تھی۔۔۔۔ہر طرف اندھیرہ چھا چکا تھا۔۔ کہیں دور سے جھرنا بہنے کی آواز برابر سنائی دے رہی تھی اور اب تو اور زیادہ ہو گئی تھی۔۔۔

طٰہٰ مجھے بہت خوف آرہا ہے۔۔ہمارے ساتھ ہو کیا رہا ہے۔۔

یہ تو میں بھی نہیں جانتا۔۔ کیا تم تھک گئی ہو۔۔۔ اب کہ وہ فکر مند ہوا

ہم۔۔ اس نے اسبات میں سر ہلایا۔۔

چلو کہیں بیٹھتے ہیں اب تو اندھیرا بھی بہت ہے رستہ بھی نہیں تلاش کر سکتے۔۔۔ وہ آگے پیچھے دیکھتے ایک طرف آئے۔۔ وہاں ایک غار سا بنا تھا۔۔۔

چلو اب رات یہیں گزارنی پڑے گی۔۔ وہ دونوں چلتے وہاں بیٹھ گ ئے

اب وہاں صرف خاموشی کا راج تھا۔۔ خوف پر پھیلائے ہوئے تھا۔۔۔ وہ بھوک سے نڈھال ہو چکی تھی مگر ط سے نہیں کہا وہ جانتی تھی وہ اور پریشان ہونے کے سوا اس وقت اور کچھ نہیں کر سکتا

--------------

جنگل میں اندھیرا تھا وہ گردن اٹھا کہ اوپر دیکھ رہا تھا۔۔۔ آسمان سے آوازیں آنے لگیں۔۔۔ گڑگڑاہٹ۔۔۔ ذرا سی بجلی چمکی اور پھر۔۔۔۔۔۔ تڑاتڑ بارش برسنے لگی۔۔۔

افففف بارش کو بھی ابھی ہی برسنا تھا۔۔۔ وہ اور تیز قدم اٹھانے لگا تھا وہ کہاں سے کہاں آ پہنچا تھا وہ خود بھی نہیں جانتا تھا۔۔ اور نہ ہی اسے کوئی انسان کا بچہ ملا تھا جس سے اسے یہ تو اندازہ ہوتا کہ وہ اس وقت ہے کہاں۔۔۔ خیر اس کے قدموں کی رفتار میں تیزی آئی تھی۔۔۔۔ مگر بوچھاڑ اتنی تیز ضرور تھی کہ وہ مکمل بھیگ چکا تھا۔۔۔ مگر یہ اس کے ل ئے کوئی نئی بات نہ تھی۔۔ لیکن اس کا بدن ٹوٹ رہا تھا۔۔ مگر اسے رات گزارنے کے ل ئے کوئی ٹھکانا تو ڈھونڈنا ہی تھا۔۔۔

درختوں کے درمیان پتھروں، کیچڑ، پتوں اور ہلکی سی بھیگی ٹہنیوں کا خاردار رستہ وہ عبور کرتا آگے بڑھا

سامنے ایک طرف ایک چٹان میں کھو سی بنی تھی۔۔۔وہ مڑے بغیر تیز تیز چلتا گیا۔۔ تھوڑا قریب ہونے پہ اسے وہاں تھوڑی سی روشنی کی جھلک دکھائی دی ۔۔۔اس کو امید کی اک کرن ملی تھی جیسے وہ درختوں کے بیچ رستہ بناتے گزر رہا تھا

اس نے پانی کی لہروں کو چیرتے رستہ بنانا تو سیکھا تھا۔۔ مگر کبھی بھی درختوں کی خاردار جھاڑیوں میں رستہ بنانا نہیں سیکھا تھا۔۔۔اب وہ اس غار کے تھوڑا قریب آیا۔۔روشنی واضح تھی۔۔۔وہ چوکنا سا ہوا اور غور سے دیکھنے لگا کہ وہاں حالات کیسے ہیں۔۔ کیونکہ وہ نہیں جانتا تھا کہ یہ کون سا جنگل ہے اور کس طرح کے انسان یہاں بس رہے ہیں۔۔۔اور نہ ہی کبھی اس کا اس سب سے پالا بڑا تھا

وہ اس غار کے قریب ہوا مگر سامنے نہ آیا۔۔۔اور دھیان سے اندر سے آتی آوازوں کو سننے لگا

AESTHETICNOVELS.ONLINE

۔۔۔

-Explore, Dream and Read

لیکن آوازیں مدہم تھیں۔۔۔وہ سمجھ نا پایا کچھ بھی۔۔۔

وہ اور جھکا اندر دیکھنے کے لئے۔۔۔پتوں اور خاردار ٹہنیوں سے اٹی زمین کی مٹی گیلی اور پھسلن زدہ تھی۔۔۔اس نے قدم بے دھیانی سے رکھا۔۔اور ایک دم سے پھسل کے گر پڑا۔۔۔

آہہہ۔۔بے ساختہ اس کی درد بھری آواز ابھری تھی۔۔۔ مگر اس نے اپنا ہاتھ منہ پہ رکھا تھا ۔۔۔اس نے سر اٹھا کہ دیکھا غار میں سناٹا چھا چکا تھا اور روشنی بھی غائب ہو چکی تھی۔۔۔ جیسے وہاں کوئی تھا ہی نہیں۔۔وہ بمشکل خود کو سنبھالتا ہوا اٹھا تھا۔۔۔

اور آہستہ سے غار کے اندر قدم رکھا تھا۔۔اس سے پہلے کہ وہ سنبھلتا اس کے سر کے پچھلے حصے پہ کوئی بھاری چیز سے وار ہوا تھا۔۔ابھی وہ اس حملے سے نہیں سنبھلا تھا کہ ایک بار پھر پہلے سے بھی شدت سے وار ہوا تھا۔۔اور وہ گھٹنوں کے بل نیچے آن گرا تھا۔۔۔

------------------------

اب اس کا کیا کریں گے۔۔۔وہ پریشانی سے ایک دوسرے کو دیکھ رہی تھیں

مجھے کیا پتا۔۔۔تم نے مارا ہے اب بھگتو بھی خود۔۔۔ہاریکا نے کندھے اچکائے

واہ بی بی واہ۔۔۔میں تو جیسے صرف خود کو بچا رہی تھی نہ۔۔۔اس نے بھی تڑاخ کر کے جواب دیا

اس کو اٹھاؤ اور باہر کرو نہ جانے کون ہے۔۔۔ہاریکا نے اوندھے منہ آدھے غار کے اندر اور آدھے باہر پڑے شخص کی طرف اشارہ کیا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ہاں بلکل ایسا ہی کرتی ہوں۔۔۔اس نے بھی جل کہ کہا مگر اب کہ وہ دونوں اس کا جائزہ لے رہی تھیں۔۔۔ہاریکا نے ٹارچ اس پہ لگائی مگر اس کے چہرے کا ایک رخ نظر آ رہا تھا۔۔جہاں کیچڑ لگا ہوا تھا

بال بھی گیلے اور مٹی سے اٹے تھے۔۔۔وہ پورا بارش سے بھیگا اور مٹی سے اٹا ہوا تھا

اب کہ اس کا جائزہ لینے کے بعد وہ ایک دوسرے کو دیکھ رہی تھیں کہ اب کیا کرنا چاہئے مگر وہ کوئی رسک نہیں لے سکتی تھیں۔۔

ہو سکتا ہے یہ ہماری ہیلپ کر دے۔۔؟ اب کہ ہاریکا نے اپنے تئیں سمجھداری کی بات کی تھی

اور ہو سکتا ہے یہ ہمیں کسی بڑی مصیبت میں پھنسا دے۔۔۔ نور نے اس کی بات کی نفی کی تھی

یہ بھی ہو سکتا ہے۔۔۔ ہاریکا بھی سوچ میں تھی

دیکھو اس کا ڈریس کتنا عجیب سا ہے۔۔۔ نور نے اکسرا کرتی نظروں سے اسے گھورا

گندا بہت ہے۔۔۔ اور خود کا ہلیا دیکھو ہم زیادہ برے حال میں ہیں۔۔۔

ہاں یہ تو ہے۔۔۔ ہاریکا کی بات میں دم تو تھا

ابھی وہ اس کا معائنہ ہی کر رہی تھیں کہ اس میں حرکت ہوئی۔۔۔ ہاریکا اس نے بازو ہلایا ہے ۔۔۔ نور نے گھبرا کہ اسے کہا

اتنی دیر میں اس نے سر اٹھایا مگر۔۔ ہاریکا نے ہاتھ میں پکڑا بھاری پتھر اس کے سر میں دے مارا ۔۔۔ وہ دوبارہ سے بے دم ہو گیا

نور بس دیکھ کے رہ گئی۔۔ ایک بار وہ بھی یہ کر چکی تھی۔۔ خوف بھی حاوی تھا۔۔۔ وہ نہیں جانتی تھیں کہ انہیں کیا کرنا چاہئے۔۔

بارش اور تیز ہو چکی تھی بجلی کی چمک میں بھی اضافہ ہو رہا تھا۔۔۔ وہ دونوں دوبارہ اپنی جگہ سنبھال چکی تھیں۔۔ مگر وہاں اب کی بار وہ دونوں اکیلی نہیں تھیں۔۔ ان کے سامنے ان کے ہی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ہاتھوں ہوش وحواس سے بے گانا ہوا ایک اور وجود بھی تھا۔۔۔وہ اور بھیگ رہا تھا بارش میں کچھ پل ایسے ہی گزر گئے

نور وہ زیادہ بھیگ رہا ہے۔۔۔ہو سکتا وہ بھی ہماری طرح یہاں آیا ہو؟ انہیں اب طرح طرح کے خیالات آ رہے تھے

اور کچھ دیر بعد وہ دونوں ایک فیصلے پہ پہنچیں۔۔۔اور پھر اٹھیں۔۔۔اور اسے کھینچا اور غار کے اندر کیا۔۔۔اب اس پہ بارش نہیں پڑ رہی تھی۔۔۔۔اتنا سا کھینچنے سے وہ دونوں ہانپ کر رہ گئیں تھیں۔۔

وہ دونوں ایک طرف سکڑ کے بیٹھی تھیں۔۔۔اب ٹارچ بھی بند کر چکیں تھیں۔۔۔

اب صبح کا انتظار تھا۔۔۔۔کہ صبح کا سورج ان کے لئے کیا رنگ لانے والا تھا

---------------------

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ کچھ پتوں اور لکڑیوں کو اکھٹا کئے آگ جلانے میں کامیاب ہو چکا تھا۔۔۔اب بیگ سے چاکلیٹ نکال کے کھاتے وہ اگلے عمل کا سوچ رہا تھا۔۔۔کہ اسے کرنا کیا ہے۔۔۔باہر بارش ایسے برس رہی تھی جیسے سارہ آج ہی برسنا ہے۔۔۔۔

وہ بار بار فون کو دیکھ رہا تھا مگر ہمیشہ کی طرح وہ اسے نو سگنلز کا منہ چڑا رہے تھے

وہ بظاہر تو پر سکون تھا مگر اندر سے وہ پریشان تھا۔۔اس لیے نہیں کہ اب کیا ہو رہا تھا یا کیا ہونے والا تھا۔۔۔بلکے اس بات کو لے کہ پریشان تھا کہ کل اس کے ساتھ ہوا کیا ہے۔۔۔؟

لیکن ہر راز کو اپنے وقت پہ ہی کھلنا تھا۔۔۔اور اسے اس وقت کا انتظار تھا۔۔۔

وہ خاموشی سے صبح کا انتظار کر رہا تھا اور وہ کر بھی کیا سکتا تھا

-----------------

میں صحیح وقت کا انتظار کر رہا ہوں'

وہ آگ کو دیکھتا بسکٹ کھول کے کھا رہا تھا بظاہر پر سکون مگر اندر سے بے حد پریشان

چاہے وہ جب بھی ہو، صبح ہو، دوپہر ہو یا رات مجھے صحیح وقت کا انتظار ہے

وہ دونوں آنکھیں موندے مگر کان کھولے ہوئے تھیں۔۔ذرا سا کھٹکا ہوتا تو یک دم اٹھ جاتیں

آپ کچھ چیزوں میں جلدی نہیں کر سکتے، آپ کو انتظار کرنا ہوتا ہے

طٰہ نے ایک نظر کندھے سے لگی سوئی اپنی بیوی کو دیکھا تھا۔۔وہ کہاں پھنس گئے تھے

کبھی کبھی چیزیں جلدی آتی ہیں اور سوچنے کا موقع ہی نہیں دیتی۔۔۔

وہ ٹھنڈی زمین پہ بھیگا ہوا بے سدھ پڑا تھا۔۔۔

مگر اکثر آپ کو بہت سا انتظار کرنا پڑتا ہے اور وقت کٹتا ہی نہیں۔

اس نے آنکھیں کھولیں۔طٰہ کیا صبح نہیں ہوئی ۔۔اک امید سی تھی

ہونے والی ہے تم سو جاؤ

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

آپ کبھی بھی مشکل طریقے سے سیکھنا نہیں چاہتے۔۔

اس نے باہر جھانکا بارش رک چکی تھی اور آسمان پہ ہلکی ہلکی سی روشنی پھیل رہی تھی

تو سنیں اور جانے کہ کیسے صحیح وقت کا انتظار کرنا بہتر ہے

نور باہر آؤ روشنی پھیل چکی ہے۔۔۔اس کی آواز پہ وہ بھی باہر آئی

ایسے محسوس ہو رہا تھا کہ وہ پہلی بار زندگی میں صبح کو روشن ہوتا دیکھ رہی ہیں

---

شکر کہ صبح ہو گئی۔۔۔۔نور نے ایک لمبی سانس لی

ہاں واقعی اتنی خوفناک رات نہیں دیکھی کبھی بھی اس سے پہلے۔۔۔۔۔ہاریکا نے بھی سر جھٹکا رات کو سوچ کہ

تو چلو اب پلان کیا ہے۔۔۔نور نے بالوں کو ایک ہاتھ سے جھٹکا جو کہ گرد آلود ہو چکے تھے

فلحال تو کوئی پلان نہیں پہلے اپنی حالت درست کرنی ہے مجھے تو گھن آ رہی ہے خود سے اس کے بعد کچھ سوچتے ہیں۔۔۔وہ سو گواریت سے سامنے بھیگے جنگل کو دیکھ کے کہہ رہی تھی

ہاں چلو پانی ڈھونڈنا پڑے گا پہلے۔۔۔نور نے تائید کی اور بیگ لینے کے لیے پلٹی ساتھ میں ہاریکا بھی پلٹی۔۔۔مگر دونوں کچھ لمحوں کے لیے منجمد ہو گئیں

---

زندگی عجیب سے دوراہے پہ لا چھوڑتی ہے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ بیگ کندھوں پہ پہنے ایک ایک چیز کا جائزہ لیتا آگے بڑھ رہا تھا

وہ درختوں کے بیچ رستہ بناتا چل رہا تھا۔۔۔۔وہ اس جادوئی جنگلی محاذ کو پار کرنے کے ل ئے تیار تھا

میں کوئی عام انسان نہیں، نہ ہی میں نے عام سی زندگی گزاری ہے۔۔۔میں ساحل حریب ہوں۔۔۔اک رہنما جنگجو

میں ناقابل تسخیر حوصلے کے ساتھ لڑنے کا حوصلہ رکھتا ہوں۔۔۔۔

اس نے سر اٹھا کہ بادلوں سے جھلکتے سورج کو دیکھا۔۔۔

بارش کے بعد رنگوں کی رونق، محبت اور نرمی کی جنسیت کو پھیلاتا چمکتا ہوا سورج ایک نرم زفیر میں چمک رہا تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

قدرت کا یہ نظارہ کراہتے دل میں بھی نئی امیدیں جگا رہا تھا

انسان کو تب تک کوئی نہیں ہرا سکتا جب تک کہ وہ خود نہ ہار مان لے۔۔۔اور ساحل حریب کی زندگی میں ناکامی کی کوئی جگہ نہیں تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ساری دنیا ایک سٹیج ہے

وہ دونوں چل رہے تھے۔۔۔نامعلوم رستوں پہ مگر پرسکون تھے کہ ساتھ ہیں

اور تمام مرد اور عورتیں محض کھلاڑی ہیں۔۔۔۔

نا کھانے کو کچھ اور نا پینے کو۔۔۔اور جانتے تھے یہاں سے فلحال ایسا کچھ ملنے کی توقع بھی نہیں کر سکتے۔۔۔مگر وہ کوشش نہیں چھوڑ سکتے تھے

اور ہر ایک انسان اپنے وقت میں بہت سے کردار ادا کر رہا ہوتا ہے۔۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE

انہیں خود کو زندہ رکھنا تھا۔۔۔۔چاہے حالات جیسے بھی کیوں نہ ہوں

-Explore, Dream and Read

دنیا بہت وسیع ہے۔۔۔۔نہایت وسیع ہے
اور اس میں عجیب و غریب داستانیں رقم ہیں
حیرت انگیز چیزیں ہیں
لیکن

انسان اس سب پہ قابو پالیتا ہے۔۔

سوائے ایک چیز کے

اور وہ ہے

۔۔۔۔۔موت۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے سر اٹھایا۔۔۔سامنے ہی دو چہرے اس کے سامنے تھے وہ آنکھیں سکیڑ کہ انہیں دیکھتا پہچاننے کی کوشش کر رہا تھا۔۔ مگر اس کی آنکھیں دھندلائی ہوئیں تھیں۔۔اس نے آنکھوں کو ہتھیلی سے رگڑا۔۔۔اب منظر پہلے سے کچھ واضح ہوا تھا ۔۔۔۔سب سے پہلے یہ خیال ذہن میں آیا کہ یہ لڑکیاں ہیں۔۔۔اور۔۔۔اور یہ کہ۔۔۔جب بات واضح ہوئی تو وہ یک دم اٹھا اور پیچھے کو ہوا۔۔کیونکہ ان کے ہاتھ میں پتھر تھے۔۔۔جو کہ اس کے سر کی زینت بننے ہی والے تھے مگر خیر اس نے بروقت خود کو بچایا تھا۔۔۔اس کے بوکھلا کے اٹھنے پہ وہ دونوں گھبرائی تھیں۔۔۔۔

کون ہو تم دونوں اور یہاں کیا کر رہی ہو ہاں ؟اب کے اس کے سامنے رات کا ایک ایک منظر واضح ہوا تو احساس ہوا کہ ان ہی دونوں نے اسے مارا ہے

تم کون ہو ؟نور نے اسے سر سے پاؤں تک دیکھا تھا مٹی سے اٹا ہوا چہرے پہ بھی جگہ جگہ مٹی لگی تھی ایسے لگ رہا تھا کہ مٹی میں جگہ جگہ چہرہ ہے

دیکھو تم دونوں نے مجھے مارہ تھا اور وہ کیوں ؟اس نے ایک ایک نظر دونوں کو دیکھا وہ بھی تقریبا اسی کی حالت میں تھیں

ہم۔۔۔انہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا کہ کیا اس پہ بھروسہ کیا جا سکتا ہے یا نہیں

ہاں ہم کیا۔۔۔اس نے ابرو اچکائے

ہم کیوں بتائیں۔۔۔تم بتاؤ یہاں کیا کر رہے ہو اور کیسے آئے ؟اب کے ہاریکا نے تیز لہجے میں کہا

میں تو رستہ بھول گیا تھا۔۔بلکہ رستہ ڈھونڈ رہا تھا۔۔یہاں لگا کہ کوئی ہے۔۔پوچھنے آیا تھا مگر۔۔۔خیر اب یہ بتاؤ کہ کون سی جگہ ہے اور یہاں کیا کر رہی ہو۔۔۔؟جنگلی لگتی تو نہیں۔۔باتوں سے ۔۔اچھی خاصی انسانوں والی زبان بول رہی ہو۔۔۔اس کے لہجے میں طنز کے ساتھ ساتھ تعجب بھی تھا

ہم نہیں جانتے کہ کون سی جگہ ہے۔۔اور لگ تو تم بھی انسان ہی رہے ہو۔۔۔نور نے بھی دوبدو جواب دیا

ہمم تو تمہارا کہنے کا مطلب ہے تم بھی غلطی سے یہاں آئی ہو ؟

نہیں خیر میں تو غلطی سے نہیں آئی۔۔۔مگر غلطی کر دی آ کے۔۔۔نور کا لہجا عجیب تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE -Explore, Dream and Read

تو پھر بتاؤ کیسے آئی۔۔اور اگر غلطی کر دی ہے آ کے تو واپس کیوں نہیں گئی؟ اسے حیرت ہوئی

کیونکہ نہیں معلوم جانا کیسے ہے اور کدھر ہے۔۔۔نور نے اپنا کیمرہ اٹھایا۔۔ہاریکا غار سے باہر ایک پتھر پہ بیٹھی ان کو باتیں کرتا دیکھ رہی تھی

حیرت ہے آنے کا رستہ معلوم تھا مگر جانے کا نہیں معلوم؟ جیسے آئی ہو ویسے ہی جانا بھی پڑے گا نا۔۔۔وہ اس کی باتوں پہ حیران ہوا

کیونکہ یہاں آنے والا نا اپنی مرضی سے آتا ہے اور شاید نہ واپس جاتا ہے۔۔اب کی بار ہاریکا نے جواب دیا

ایسکیوزمی اس بات کا کیا مطلب سمجھوں میں۔۔۔۔

کیونکہ یہ کوئی جادوئی جگہ ہے۔۔۔نور نے کہتے بیگ اٹھایا اور ساتھ ہی ہاریکا کو اٹھنے کا اشارہ کیا۔۔ اندر سے ایک ڈھارس تھی کہ وہ دونوں اکیلی نہیں ہیں۔۔یہ پاگل بھی تھا یعنی اور لوگ بھی تھے ۔۔۔مطلب یہاں سے نکلا جا سکتا تھا۔۔یہ اتنا مشکل بھی نہیں تھا جتنا یہ دونوں رات کو سمجھی تھیں

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ اس بات پہ انہیں بے یقینی سے آنکھیں پھاڑے دیکھنے لگا۔۔۔

کیا ہوا سچ کہہ رہی ہے وہ۔۔۔۔ہاریکا نے اسے صدمے میں دیکھ کے نور کی بات کی تائید کی

ہاہاہا۔۔۔۔وہ پہلے تو کچھ لمحے دیکھتا رہا اور پھر قہقہہ لگا کے ہنسنے لگا

کیا ہے؟ وہ دونوں بولیں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

باب سوم

بے شمار تتلیاں قید ہیں مجھ میں
خوابوں کی
خواہشات کی
چاہت کی
شرارتوں کی
محبتوں کی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

جو کھول دوں میں خود کو

سب آزاد ہو جائیں

اڑنے لگیں

چہکنے لگیں

گنگنانے لگیں

سانس لینے لگیں

لیکن

وہ تو سب قید ہیں مجھ میں

---------------

امید ہے آپ کو گزشتہ قسط پسند آئی ہو گی

---------------

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"کیا ہے ؟اس میں ایسا فنی کیا تھا؟" وہ دونوں چڑ گئی تھیں

"فنی.. نہایت ہی کوئی فضول جوک تھا" ---وہ ان دونوں کے پیچھے چلنے لگا تھا--- مگر پھر ان کا جواب نہیں آیا تھا

"اوکے چلو میں سیریس ہوں-- آرام سے بات کرو یہ کیا بھاگتی جا رہی ہو" ---اس کے کہنے پہ وہ رکی تھیں

"جو کہا ہے وہی سچ ہے۔۔۔ عجیب سی جگہ ہے" ہاریکا نے تحمل سے بات دھرائی

"وہ تو تم بھی بہت عجیب لگ رہی ہو" وہ پھر مسکرایا تھا

"آئی مین ایسی ڈریسنگ جنگل میں کون کرتا ہے" ہاریکا کی غصے سے بھری آنکھیں دیکھ کہ اس نے بات اس پہ ڈالی

"بلکل ایسی ڈریسنگ کر کے کوئی آخر جنگل میں کیوں آئے گا؟ یہی بتا رہی ہوں میں بھی، میں یہاں خود نہیں آئی میں کوہ پیما ہوں اور پہاڑ سر کرتے ایک درز میں گر گئی تھی اور جب آنکھ کھلی تو یہاں تھی اتنا کافی ہے یا اور بھی کچھ" بات کرتے کرتے آخر میں لہجہ کافی کڑوا ہو گیا

"اب کی بار وہ بھی سنجیدہ ہوا" وہ پلٹی اور چلنے لگی وہ تینوں اب آگے پیچھے چل رہے تھے کافی خاموشی چھائی ہوئی تھی

"اوکے مان لیا کہ یہ سچ ہے اور یہ جگہ عجیب ہے تو اب جا کہاں رہے ہیں ہم" کچھ وقت کی خاموشی کے بعد اس نے سلسلہ کلام وہی سے شروع کیا

"مورننگ واک کر رہے ہیں دیکھ نہیں رہے" نور نے اب کی بار پھاڑ کھانے کے انداز میں کہا

"ابھی وہ کوئی جواب دینے ہی والا تھا کہ انہیں کچھ آواز سنائی دی" ایک دم سے ہاریکار کی جو کہ سب سے آگے تھی

"کیا ہوا" اس کے سوال کرتے ہی ہاریکا نے اسے خاموش ہونے کا اشارہ کیا

"لگتا کوئی اسی طرف آرہا ہے" اس نے سرگوشی کی

جلدی جلدی اٹھاؤنا" وہ تیزی سے بولا

"کیا؟" نور اور ہاریکا نے بیک وقت کہا

"پتھر اور کیا یہی کیا تھا نا میرے ساتھ بھی" اس نے منہ بسورتے چوٹ کی اور آگے بڑھنے لگا

"کیا کر رہے ہو؟" نور نے اسے ٹوکا

"دیکھ رہا ہوں کہ کون ہے اور کیا مدد کر سکتا ہے۔ اور جنگل کے ایک کونے میں اس انتظار میں نہیں رہ سکتے کہ دوسرے آپ کے پاس آئیں۔ آپ کو کبھی کبھی ان کے پاس جانا پڑتا ہے، امید ہے وہ جو کوئی بھی ہو اکم از کم یہ جادوئی کہانیاں ہر گز نہیں سنائے گا" اس کے کہتے ہی وہ دونوں جل بھن گئی تھیں مگر اب آواز زیادہ ہو رہی تھی اور اس وقت لڑ کر وہ کوئی مصیبت گلے نہیں لگا سکتی تھیں، اس لئے ایک طرف درختوں کے جھنڈ میں چھپ گئیں، وہ کوئی بھی رسک نہیں لے سکتی تھیں اس پاگل انسان کی وجہ سے

-------------------

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

چلتے رہنا اچھا ہوتا ہے

رک جانا تو موت ہوتا ہے

وہ دل کا ہو یا زندگی کا

-----------------------

وہ چل رہے تھے نہ کچھ کھانے کو تھا اور نہ ہی کچھ پینے کو، بظاہر تو دونوں پر سکون تھے مگر اندر ہی اندر دونوں پریشان تھے اور عبیرہ تو ڈری ہوئی بھی بہت تھی

پتوں کا سر سراہٹ، ہوا کے جھونکے، گھاس میں چھلکنے والے چھوٹے ناگوار، کرکٹ، قریبی نالے سے پتھروں اور جڑوں پر پانی پھیرنا، شہد کی مکھیوں اور ڈریگن فلائیز کی آواز، مکھیوں اور مچھروں کی آہٹ اور خاموشی، ہر طرف بارش کے پانی سے گھڈے بھرے ہوئے تھے، پتے گرے ہوئے گدلی زمین کو ڈھانپ رہے تھے۔۔ ہر طرف ایک وحشت سی پھیلی ہوئی تھی مگر صد شکر کہ رات کی تاریکی جاچکی تھی

"بہت ہی عجیب جنگل ہے" عبیرہ نے تبصرہ کیا

"رین فاریسٹ ہے" طہٰ نے اصلاح کی

"ہاں وہی۔ کیا فرق پڑتا ہے جنگل ہے یا رین فاریسٹ ہیں تو ہم قید ہی نا"

"قید نہیں ہیں، بس نکلنے کا رستہ نہیں معلوم" طہٰ آگے آگے تھا جب کہ عبیرہ پیچھے چل رہی تھی

"شکر کہ ہم صحرہ میں نہیں ہیں کم از کم یہاں کھانے کو کچھ اور پانی تو مل جائے گا نا۔۔۔ انہیں جھرنا بہنے کی آواز آرہی تھی یہ بارش کے پانی کا جوہڑ تو گندہ تھا، مگر جھرنے تک وہ جائیں گے تو جی بھر کہ پانی پی لیں گے"

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

عبیرہ نے خود کو تسلی دی

طہٰ جانتا تھا کہ جو وہ سوچ رہی ہے ایسا بھی کچھ خوشگوار نہ تھا یہاں مگر فلحال وہ اسے کچھ کہہ کے اور پریشان نہیں کر سکتا تھا

______________

نئ شروعات سے مت ڈرو، نئے لوگوں، نئ توانائی، نئے ماحول سے دور نہ ہوں بلکہ خوشی کے نئے مواقع کو گلے لگائیں

----------

برق تیز تیز قدم اٹھاتا آگے آیا۔۔ جو بھی تھا مگر وہ ان دونوں کی باتوں پہ بھروسہ ہر گز نہیں کر سکتا تھا۔۔ مطلب کیا عجیب بات تھی

ابھی وہ تھوڑا سا ہی آگے آیا تھا سامنے ہی اسے کوئی آتا ہوا نظر آیا

"شکر کہ کوئی اور ڈھنگ کا انسان تھا یہاں" وہ دونوں تو پاگل تھیں

........

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

جنگل میرے چاروں طرف زندگی کے ساتھ گونجتا ہے۔ میں گھومتا پھرتا ہوں، شامیانے کی طرف دیکھتا ہوں، ان پرندوں کو تلاش کرتا ہوں جو میٹھے گاتے ہیں۔ سورج دراڑوں کو توڑتا ہے، میرے آگے گندگی کے راستے کو روشن کرتا ہے، جو میرے ننگے پیروں کے نیچے بکھری ہوئی جڑوں، جنگلی پھولوں اور گرے ہوئے پتوں سے سجا ہوا ہے۔۔۔ میرے بہت سے سوال

ہیں جن کے جواب تلاشنے ہیں، اور اپنا رستہ بھی تلاشنا ہے لیکن اسے یقین تھا کہ جب سوال ہوتے ہیں، تو جواب بھی موجود ہوتے ہیں، جواب اپنا راستہ خود تلاش کرتے ہیں۔

ایک کندھے پہ بیگ لٹکائے وہ چل رہا تھا، ابھی وہ تھوڑا ہی چلا تھا کہ اسے کچھ کھٹکے کی اواز آئی وہ چوکنا ہو گیا ہے کہ شاید یہاں کوئی اور بھی موجود ہیں۔۔اور وہ کون ہے وہ نہیں جانتا تھا لیکن پھر بھی ایک طرف ہو کے احتیاط سے چلنے لگا، جب اسے تھوڑی زیادہ آواز آئی تو ایک طرف درختوں کے پیچھے کھڑا ہو گیا یہ جاننے کے لیے کہ یہاں کون ہے۔۔اس کے ہاتھ میں لکڑی کا ڈنڈا پکڑا ہوا تھا شاید اپنی حفاظت کے لیے۔۔سامنے سے اسے ایک لڑکا اور ایک لڑکی آتے ہوئے دیکھائی دئے، وہ تھوڑا حیران ہوا اور پریشان بھی۔۔وہ چلتے قریب آئے اور آپس میں گفتگو کر رہے تھے ان کی باتوں سے ایسا معلوم ہو تا تھا کہ شاید وہ پانی کی یا کچھ کھانے کی تلاش میں ہیں، وہ ابھی فیصلہ نہیں کر پایا تھا کہ آیا اسے باہر نکلنا چاہیے ان سے بات کرنی چاہیے کہ یہی چھپ کر ان کہ جانے کا انتظار کرنا چاہئے۔۔ان میں سے اس لڑکی کی نظر اس پر پڑی وہ حیرت زدہ سی نظروں سے اسے تکنے لگی۔۔وہ رک چکی تھی اور اس کے رکنے پر اس کے ساتھ چلتا لڑکا مڑا اور اس کو رکے دیکھ کر اسے پوچھنے لگا۔۔وہ لڑکی اگے سے کچھ نہیں بولی اور لیکن اس لڑکے نے اس کی نظروں کے تعاقب میں دیکھا تو سامنے ایک لڑکے کو کھڑا پایا۔۔۔وہ بھی ٹھہر کے اسے عجیب نظروں سے دیکھنے لگا۔۔

"ہو سکتا ہے کچھ دوست کسی اجنبی چہرے کے پیچھے آپ کا انتظار کر رہے ہوں"

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ تینوں افراد اسی کشمکش میں تھے کہ آخر ہیں کون اور کیا بات کی جائے، کی بھی جائے یا نہیں۔۔ پیچھے سے ایک لڑکا تیزی سے چلتا ہوا قریب آیا اب یہ تینوں اس آنے والے کو دیکھنے لگے۔۔۔وہ لڑکا کھڑا ہوا اور طہٰ کو مخاطب کیا

"ہیلو، میں برق پاشا یہاں رستہ بھٹک آیا ہوں امید ہے آپ مجھے گائیڈ کر دیں گے"۔وہ خوش اخلاقی سے کہہ رہا تھا اور وہ تینوں حیرت سے اسے تک رہے تھے

ان کے ایسے خاموشی سے ایک دوسرے کو گھورتے پا کہ وہ کشمش کا شکار ہوا۔۔ان میں سے کوئی کچھ نہ بولا بس وہ ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے اور ایک دوسرے کے بولنے کا انتظار کر رہے تھے... کچھ لمحے ایسے ہی بیت گئے پھر ساحل کے قدموں نے حرکت کی اور وہ چلتا آگے آیا ساتھ ہی اس نے ہاتھ میں پکڑی لکڑی کے ڈنڈے کو بھی ایک طرف پھینکا۔۔وہ برق، طہٰ اور عبیرہ کے کچھ فاصلے پہ کھڑا ہوا، زندگی جزوی طور پر وہی ہے جو ہم اسے بناتے ہیں اور جزوی طور پر اسے ہم سے ملنے والے دوستوں نے بنانا ہوتا ہے، جن کا ہم خود انتخاب کرتے ہیں۔

"میں ساحل حریب الثان" ہاتھ آگے بڑھاتے اس نے اپنا تعارف کروایا

"شکر کوئی تو ملا" برق پاشا نے ساحل سے مصافحہ کرتے شکریہ ادا کیا

"اور آپ؟" اب کے ان دونوں کا رخ سامنے کھڑے دونوں افراد کی طرف گیا

"میں طہٰ اور یہ میری وائف عبیرہ"۔طہٰ کے تعارف کروانے پہ انہوں نے سر کو خم دیا اب کہ وہ چاروں کچھ پر سکون لگ رہے تھے

AESTHETICNOVELS ONLINE
-Explore, Dream and Read

"کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں یہ کون سا جنگل ہے؟" اب کہ بات کی شروعات پھر سے برق نے کی تھی

"کیا تم نہیں جانتے؟"جواب کے بجائے طٰہٰ کی طرف سے سوال آیا

"نہیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ میں یہاں خود نہیں آیا حادثاتی طور پہ آگیا تھا"برق نے معزرت خواہ انداز میں بتایا

"اوو تو تم بھی ایسے آئے! "طٰہٰ نے حیرت سے پوچھا

"ہاں میں ڈائیونگ کر رہا تھا سمندر میں طوفان آنے کی وجہ سے یہاں پہنچ گیا، اب ذرا بھی اندازہ نہیں کہ یہ کون سی سمت ہے اور کون سا جنگل ہے" اب کہ اس نے تفصیل بتایا تھا

"اور تم؟"اب کہ طٰہٰ نے پاس خاموش کھڑے سوچتے ہوئے لڑکے سے دریافت کیا

"Lost in the enchantment."

"سحر میں کھو گیا۔" ۔۔۔اس کے انداز میں کچھ غیر معمولی پن سا تھا۔۔ جس کو طٰہٰ اور عبیرہ تو کچھ حد تک سمجھے مگر برق پاشا سمجھ نہیں پایا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"مطلب تم بھی؟"اب کہ عبیرہ نے حیرت سے بات اُدھوری چھوڑ دی

"ڈونٹ ٹیل می کہ یہ کوئی جادوئی جگہ ہے" برق نے نفی میں سر ہلاتے جھنجھلا کر کہا

"بلکل ہے۔۔ یہ جادوئی جگہ ہی ہے" عبیرہ نے جیسے سرگوشی کی تھی

"میں نہیں مانتا یار" برق نے نحوست سے کہا

"صرف اس لیے کہ آپ کسی چیز پر یقین نہیں رکھتے اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ حقیقی نہیں ہے" ساحل نے سمجھانے والے انداز میں کہا

"جادو بعض اوقات محض ایک وہم بھی ہو سکتا ہے" برق نے ایک بار پھر جھٹلانے کی کوشش کی

" یقین کرو کائنات تبدیل ہونے کے راستے پر ہے۔ تم یقین کر کے دیکھو دوسری چیزیں چلنا شروع ہو جائیں گی"ساحل نے کہتے قدم آگے بڑھائے تھے

تو مطلب یہ کوئی پر اسرار جگہ ہے اور وہ دونوں بھی سچ بول رہی تھیں" ان کے پیچھے چلتے برق بڑبڑایا تھا

"کون دونوں ؟" اب کہ وہ تینوں پلٹے تھے حیرت سے

"دو لڑکیاں ملی تھیں وہ بھی ایسا ہی کہہ رہی تھیں میں نے یقین نہیں کیا"

"کہاں ہیں وہ؟" عبیرہ نے متجسس ہو کے پوچھا

"وہ تھوڑا سا دور ہیں"برق نے کہتے قدم اس طرف بڑھائے تھے وہ تینوں بھی اس کے پیچھے چلنے لگے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"کہاں ہیں؟" طٰہ نے ناگواری سے پوچھا

"ابھی تھوڑی دیر پہلے تک تو یہیں تھیں"برق کے ماتھے پہ بھی اب بل پڑنے شروع ہوئے تھے کیونکہ وہ اس بات پہ یقین ہی نہیں کر پا رہا تھا

وہ تینوں پھر سے خاموشی سادھے آگے پیچھے چلنے لگے۔۔ چہرے پر گرم دھوپ کے تھپیڑے لگ رہے تھے کپڑے اور بالوں اور جلد پر جگہ جگہ مٹی لگی ہوئی تھی، قدموں کے نیچے گرم زمین،

کھاردار گھاس، کھرچنے والے مردہ پتے، چلتے چلتے ساحل کو بازو پہ تکلیف کا احساس ہوا، اس نے دیکھا ایک کیڑا اس کے بازو پہ کاٹ رہا تھا، اس نے اسے جھٹک کے نیچے پھینکا۔۔۔وہ نہیں جانتا تھا کہ وہ زہریلا ہے یا نہیں، اور ابھی یہ سوچنے کا وقت بھی نا تھا، وہ مسلسل چلتے گئے ان دو انجان لڑکیوں کا نام ونشان تک نہ تھا، لیکن انہیں چلنا تھا اور چلتے رہنا تھا۔

سامنے بہت سے درختوں کا جھنڈ تھا، اونچے، لمبے اور گھنے درخت، اور دور سے آتی پانی کی آواز ان کے کانوں کو بھلی معلوم ہو رہی تھی۔۔۔ان کی رفتار میں تیزی آئی اور ان درختوں کے بیچوں بیچ رستہ بناتے وہ چاروں مظبوط قدموں سے چل رہے تھے، آخر درختوں کا جھنڈ جھٹک گیا اور وہ چاروں پھیلتی آنکھوں سے سامنے کا منظر ملاحظہ فرمارہے تھے

پھول، دھند، اسپرے، قوس قزح، لہریں، بوندیں، درخت چٹانوں سے چمٹے ہوئے ہیں اور تالاب پر لٹک رہے ہیں، تتلیاں, پرندے، مکھیاں، ڈریگن فلائیز، تالاب میں مچھلیاں، سورج میں سینکی ہوئی چٹانیں، آس پاس کی گھاس کے نرم بستر...

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ چاروں تو گھنگ ہو کر رہ گئے

پانی کی دھاڑ، پانی کی بوندیں چٹان سے ٹپکتی ہوئی، پرندوں کی پکار۔۔۔وہ چلتے ہوئے آگے آئے، سامنے دو لڑکیاں بیٹھی منہ ہاتھ دھوتی نظر آرہی تھیں، آہٹ پلٹیں اور وہاں ایک کے بجائے چار فراد کو دیکھ کے ٹھر گئیں

"تو تم دونوں سچ کہہ رہی تھیں" برق نے ایک ٹھنڈی آبھرتے ہتھیار ڈال دیے تھے

"یہ کون؟" ہاریکا نے قریب آتے لوگوں کے بارے میں دریافت کیا۔۔نور بھی متجسس ہو کر دیکھ رہی تھی

"ان حضرات کا بھی یہی کہنا ہے کہ یہ کوئی میجیکل جگہ ہے" کندھے اچکاتے وہ پانے کی ٹھنڈک محسوس کرتے ہاتھ منہ دھونے لگا تھا

"تو تمہیں بھی اس جگہ کی حقیقت معلوم ہے" عبیرہ نے نور اور ہاریکا سے متعارف ہوتے کہا

"ہاں جی" نور نے تھکے تھکے انداز میں کہا اور پانی کی طرف بڑھتے ساحل اور طٰہ کو دیکھا۔۔ان کی نظروں کا ارتکاب سمجھتے عبیرہ نے ان کا بھی تعارف کروایا، وہ دونوں اور بھی حیرت زدہ تھیں کہ آخر ہو کیا رہا ہے؟ مطلب سب یہاں آ تو گئے ہیں مگر جانے کا رستہ کسی کو بھی معلوم نہیں تھا۔۔ مگر خیر کچھ نہ کچھ ہو ہی جائے گا، اب کم از کم وہ دونوں اکیلی تو نہ تھیں، وہ بھی آگے بڑھیں اور پانی پینے لگیں

پانی سے سیر ہوا، بھرپور سبز زمین، اگنے والی چیزیں، ہوا کو خوشبو دینے والے میٹھے پھول، کائی، پتلی چٹان کی طحالب، خشک جلد پر دھند، جلد پر پانی کی ٹھنڈی سلائیڈ، تیرنے یا گھومتے ہوئے پانی کی مزاحمت کرنے والی حرکت، پاؤں کو چھونے والے ٹھنڈے پانی کا جھٹکا، پانی کا جوتوں میں ٹپکنا، ریت، کنکر یا پتھروں کا پاؤں کے نیچے محسوس ہونا، لمبے سر سبز بچھڑوں کے درمیان پھسلتی گھاس، دھوپ میں گرم چٹانیں،

ساحل نے نیچے پانی کو روندتے ہوئے لہرایا، اس کے منہ سے کچھ الفاظ نکلے تھے لیکن اس کی الفاظ آبشار کی گرج میں کھو گئی۔ ہوا کا جھونکا ان کے بالوں سے کھیل رہا تھا، آوارہ پانی کی بوندیں ان پہ پڑ رہی تھیں،

اس نے ایک گہری سانس کھینچی۔ اور خود سے عزم کیا "میں یہ کر سکتا تھا"...

اس نے ایک نظر انہیں دیکھا۔۔ وہ سب کچھ بھولائے اس نظارے کو دیکھ رہے تھے۔۔ دھوپ میں سینکی ہوئی سطح اور آبشار کا ناقابل یقین" منظر" تھا

وہ چمکتی آنکھوں سے اپنے ارد گرد پھیلی دنیا کو دیکھ رہے تھے، ہاریکا آیان۔ ہر ایک چیز کو گہری اور پرکھتی نظروں سے دیکھ رہی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی یہاں بہت سے راز مدفون ہیں، اور راز ہمیشہ غیر متوقع جگہوں پہ چھپے ہوتے ہیں۔۔ کچھ حیرت انگیز اور کچھ ہیبت ناک چیزیں بھی انتہائی غیر معمولی جگہوں پر ملتی ہیں۔۔ اور جادو غیر متوقع، غیر معمولی اور نامعلوم ہوتا ہے۔۔ جو حیران کر دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

"مجھے تو اس سب سے خوف آرہا ہے" نور ایسمیرے نے انہیں اس نظارے کو دیکھتے پا کر مخاطب کیا۔۔ وہ ایک بار ایسے منظر کو دیکھ چکی تھی اور اس کا اثر ابھی تک باقی تھا

اس کی بات پر سب اس کی طرف متوجہ ہوئے

"یہ سب نظروں کا دھوکا بھی ہو سکتا ہے میں ایک بار یہ سب پہلے بھی دیکھ چکی ہوں۔ لیکن انتہائی ہیبت ناک منظر تھا وہ" اس نے سب کو متوجہ پا کر جھرجھری لیتے کہا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"غور کرو یہاں سب پل پل بدلتا ہے۔ موسم بھی اور ماحول بھی "اب کی بار طٰہ نے سلسلہ کلام جوڑا۔۔ وہ سب ایک دائرے میں کھڑے ہو گئے اور چوکنے بھی

درختوں کو دیکھو غور کرنے پہ وہ عجیب لگتے ہیں ان کے پتے بھی نارمل درختوں کی طرح لگتے۔۔ اب کے ہاریکا نے بھی غور کیا

" کبھی یہ رین فارسٹ لگتا ہے اور کبھی عام سا جنگل۔۔ قدم قدم پہ سب بدلتا ہے" عبیرہ نے سرگوشی کے انداز میں کہا

"سب سے امپورٹڈ بات ہمارا یہاں آنا بہت عجیب تھا"ہاریکا نے ایک اور بہت اہم پہلو سامنے لایا تھا۔۔ اس سب میں برق خاموشی سے انہیں سنتا ارد گرد دیکھ رہا تھا

"اب نیا رستہ تلاش کرنا ہو گا جانے کا کیونکہ آنے کا رستہ تو معلوم ہی نہیں" اب کے برق نے بھی سنجیدگی سے کہا

"ایک سیکنڈ "اب کے ان کی باتیں سنتے ساحل نے ان سب کو اپنی طرف متوجہ کیا

"کیا ہوا؟" طٰہ نے ارد گرد دیکھتے پوچھا

"تم نے کہا کہ تم یہ جگہ پہلے بھی دیکھ چکی ہو؟"اس نے نور کی طرف اشارہ کیا

"ہاں "اس نے ناسمجھی سے سر ہلایا

"مطلب تم اس طرف سے آئی تھی" اس نے دائیں طرف اشارہ کیا

"ہاں۔۔ "باقی سب ان دونوں کو خاموشی سے دیکھ رہے تھے

"پھر کس طرف گئی تھی؟"اس نے سنجیدگی سے پوچھا

"اس طرف بھاگی تھی وہاں مجھے ہاریکا ملی تھی۔" نور نے بائیں طرف اشارہ کیا

"اور تم دونوں وہاں سے کہاں گئی تھیں"۔اب کہ اس نے ہاریکا سے پوچھا

"کہیں بھی نہیں ہم وہی تھے ساری رات اور پھر صبح وہاں سے نکل کر آئے تو سامنے یہ جگہ دیکھی"۔اس نے تفصیلی جواب دیا

"کیا تم دونوں پلٹ کہ دائیں طرف آئی تھیں؟"ساحل کا دماغ کام کرنا شروع ہوا تھا

"نہیں ہم تو سیدھا چلے تھے میں بھی تھا ان کے ساتھ "اب کے برق نے سنجیدگی سے جواب دیا اب کہ وہ بھی بات کو سمجھ رہا تھا

"مطلب ہم ایک ہی جگہ پہ دوبار آئے جب کہ ایک بار یہ جگہ دائیں طرف تھی اور اب دوسری بار بائیں طرف" نور نے دھڑکتے دل سے کہا

"ہممم۔۔"ساحل کا خدشہ ٹھیک ثابت ہوا تھا اور باقی سب گھنگ رہ گئے

"اب۔۔۔اب کیا کریں گے؟"عبیرہ نے خوف اور اندیشوں میں گرے سوال کیا

"اگر ہم رات سے ایک ہی جگہ پہ ہیں تو رستہ کس طرح تلاش کریں گے؟" ہاریکا نے ماتھے پہ آئے پسینے کو صاف کرتے پوچھا

"ہم نے کچھ نیا نہیں تلاش کرنا، بلکہ جو کچھ پہلے سے موجود ہے اسے تازہ آنکھوں سے دیکھنا ہے اور ہر عام دکھنے والی چیز میں بھی جادو کو تلاش کرنا ہے، ہمارے چاروں طرف جادو پھیلا ہوا ہے"اس نے ارد گرد اشارہ کیا۔۔سب کے حواس الرٹ ہو چکے تھے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"اس میں موجود خوبصورتی اور دلکشی میں چھپے جادو کو دیکھنے کے لئے صحیح ادراک اور آنکھوں کے ساتھ ساتھ جاگتے حواسوں کی بھی ضرورت ہے" ساحل حریب کافی پرجوش بھی لگ رہا تھا ۔۔اسے لیڈ کرنا آتا تھا

سب دم سادھے سن رہے تھے

"جادو موجود ہے اس میں کوئی شک نہیں۔۔۔جادو دماغ کی بھی ایک حالت ہوتی ہے اور حقیقی جادو اپنی مرضی سے دماغ کی حالتوں کو تبدیل کرنے کا فن رکھتا ہے" ساحل حریب التان بول رہا تھا اور باقی سب سن رہے تھے

"جادو بھی ایک جذبہ ہے اس سے لڑتے نہیں اس کا یقین کرتے ہیں۔۔اور ہمت نہیں ہارتے، جلد یا بدیر ہمیں اس کا توڑ مل جائے گا" سب کو اس کی بات پہ تھوڑا حوصلہ ملا تھا۔۔یعنی وہ یہاں سے نکل سکتے تھے

"تو اب ہمیں کیا کرنا ہے؟" برق نے سوال کیا

"ہمیں اپنے قدموں کو تلاش کرنا ہے رستہ خود جواب تلاش کرے گا۔۔۔"اس نے کہتے سب کو ایک نظر دیکھا وہاں سنجیدگی ہی سنجیدگی تھی اور اس کے چہرے پہ ایک عزم تھا۔۔۔ان سب سے اپنی چیزیں اٹھائیں اور ہم قدم ہوئے۔۔وہ ایک دوسرے کے پیچھے چلتے ایک دوسرے کے ساتھ تھے

لوگوں کا ایک گروپ تلاش کریں، جو آپ کو چیلنج کریں اور ساتھ میں حوصلہ افزائی بھی کریں

ہر ایک شخص ایک الگ دنیا کی نمائندگی کرتا ہے، اور ایسی دنیا ممکنہ طور پر اس وقت تک پیدا نہیں ہوتی جب تک وہ آپ کو مل نہ لیں، وہ آپ تک پہنچ نہ جائیں۔۔ جب ایسے لوگ ملتے ہیں تو ان کی ملاقات ایک نئی دنیا کو جنم دیتی ہے۔۔۔ اور ان میں سے ہر کوئی کچھ نہ کچھ ایسا جانتا ہے جو آپ نہیں جانتے لیکن آپ کو جاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔۔ اس لئے ان کا ساتھ دیں اور ان سے سیکھیں۔۔

-------

وہ چل رہے تھے سب سے آگے ساحل حریب تھا اس کے پیچھے طٰہٰ اور برق تھے ان ان کے پیچھے نور، ہاریکا اور عبیرہ تھیں۔۔ دھوپ کافی تیز ہو چکی تھی، ماحول حبس زدہ ہو چکا تھا۔۔

"اپنی آنکھیں کھلی رکھنا سب" ساحل نے انہیں آپس میں باتیں کرتے اور تھکے تھکے قدم اٹھاتے دیکھ کر کہا

"کھلی ہی ہیں ایسی جگہ پہ بند تو ہونے سے رہیں" ہاریکا نے برا سا منہ بناتے کہا

"کھلا رہنے میں اور کھلا رکھنے میں فرق ہوتا ہے، اور آنکھیں دماغ کا رستہ ہوتی ہیں۔۔ جتنا غور سے دیکھو گے اتنا کیپچر کرو گے" ساحل نے برا منائے بغیر کہا تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ یک دم سے اندھیرا چھانے لگا تھا، طوفان نے سب اپنی لپیٹ میں لینا شروع کر دیا، کھردرے درختوں کی چھال، گرتے پتوں کا بوسہ، ٹہنیاں مارنا، ناہموار زمین، پاؤں کے نیچے جڑیں، چپکنے والا رس، جھاڑیوں کے کانٹے، چکنے پتے، بالوں سے چھینٹتی ہوئی ٹہنیاں، چہرے پر کھرچنے والی ٹہنیاں لگ رہی تھیں، لٹکتے جالے کی گدگدی، درخت جیسے

ایک دوسرے سے ٹکرانے لگے اور اس طرح ٹکرا رہے تھے جیسے دیو کے ہاتھ میں ڈھول اور لاٹھی ہو۔۔۔وہ بھاگنے لگے انہیں، ایک خوف تھا جس نے سب کو گھیر لیا تھا۔۔ آسمان سیاہ ہونے لگا تھا۔۔ ہر طرف اندھیرا اور سیاہی پھیلنے لگی تھی۔۔ایک شور سا مچ چکا تھا۔۔وہ بھاگ رہے تھے ۔۔۔وہ نہیں جانتے تھے وہ کس سمت جا رہے ہیں لیکن وہ رکے نہیں، بھاگتے بھاگتے انہیں ایک کھنڈر سا نظر آیا وہ بنا رکے بنا سوچے اس میں گھس گئے۔۔ اندر آتے وہ رکے سانس جیسے آ ہی نہیں رہا تھا، وہ سانس ہی بحال کرنے لگے تھے کہ دھاڑ سے دروازے بند ہونے کی آواز آئی وہ پلٹے۔۔ مگر گھپ اندھیرا چھا گیا۔۔۔ دروازے بند تھا باہر کی آوازیں باہر رہ چکی تھیں، اندر خاموشی اپنے پر پھیلا چکی تھی۔۔ اب باہر جانے کا رستہ سلب ہو چکا تھا، انہیں اندر ہی جانا تھا مقام خوفزدہ کر دینے والا تھا، خوف آ رہا تھا۔۔۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ یہ ایک لاوارث پناہ گاہ ہے، ایک دور دراز کا جزیرہ ہے، یا ایک ملعون جنگل ہے، اس مقام میں گھمبیر پن اور تنہائی کا احساس تھا اس سے خوف کا احساس شدت سے پیدا ہو رہا تھا۔۔۔ ایک تاریک اور پیشگوئی کرنے والا ماحول خوف اور توقع کے احساس کو تیز کر رہا تھا، جس سے ایک سے زیادہ حواس کا استعمال کرتے ہوئے ہولناکی مزید واضح ہوتی جا رہی تھی، ان کے دل ایسے دھڑک رہے تھے ۔۔ جیسے ابھی باہر آ جائیں گے، ہر طرف خوف ہی خوف تھا، وہ نہیں جانتے تھے آگے کیا ہے اور جو پیچھے رہ گیا وہ کیا تھا۔۔۔ کانپتے ہاتھوں سے نور نے موبائل کی ٹارچ آن کی اور بیٹری دیکھی جو کہ اپنی آخری سانسیں لے رہی تھی، اس کے ہاتھ سے برق نے فون لیا اور آگے چلنے لگا باقی بھی اس کے پیچھے چلنے لگے۔۔۔ سامنے بہت سے دروازے نظر آئے۔ دروازے پہ روشنی ڈالی

اور سب کو غور سے دیکھا ان سب پہ کچھ نہ کچھ لکھا ہوا تھا۔ لیکن کون سی زبان ہے وہ سمجھنے سے قاصر تھے۔۔ سب کشمکش میں پڑ گئے کہ اب کس میں جانا چاہیے۔۔! طٰہٰ نے ایک دروازے پہ غور کرنے کی کوشش کی وہاں کچھ عجیب سے الفاظ لکھے تھے وہ سمجھ نا پایا۔۔ ساحل نے تیسرے نمبر والے دروازے پہ نظر ڈالی وہ ایک سیکنڈ کے لئے ٹھہر سا گیا۔۔ وہاں کچھ لکھا تھا۔۔ اس نے ایسا پہلے بھی کہیں دیکھا تھا۔۔ کہاں؟

اسی گھر کے دروازے پہ جس میں اس نے رات گزاری تھی۔۔۔ تو کیا اس میں جانا چاہیے؟ لیکن کسی میں تو جانا ہی ہے نا تو اس میں سہی

"کیا ہوا سمجھے کچھ کیا لکھا ہے؟" برق نے اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھا وہ چونک کہ پلٹا

"نہیں سمجھا تو نہیں لیکن میں نے یہ کہیں اور بھی لکھا دیکھا تھا"

"کہاں؟" طٰہٰ بھی دیکھنے لگا

"جس گھر میں رات رکا تھا میں اور صبح یہاں پدھار گیا"

AESTHETICNOVELS.ONLINE

"تو کیا اس سے اندر جانا چاہیے؟" عبیرہ نے پوچھا

-Explore, Dream and Read

"کسی میں تو جانا ہے نہ تو اسی میں سہی" نور نے کہتے ان کو دیکھا، باقی سب بھی متفق نظر آرہے تھے۔۔۔

طٰہٰ آگے بڑھا اور دروازے کو دھکیلا۔۔۔ دروازے کھلتا گیا۔۔۔ سامنے گھپ اندھیرے کے سوا کچھ نظر نہیں آرہا تھا

وہ باری باری اندر گھسے۔۔۔زور سے دروازے بند ہونے کی آواز آئی۔۔۔ساتھ ہی فون کی ٹارچ بھی بجھ گئی، اب کی بار انہوں نے پلٹ کہ نہیں دیکھا تھا ہاں گھبراہٹ ضرور ہوئی تھی۔۔وہ تھوڑی دیر تک کھڑے رہے، بلکل خاموش۔۔اور پھر دھیرے دھیرے قدم بڑھائے

"آہہہہہہ۔۔"یک دم سے کھٹکے کی آواز آئی اور ساتھ میں کراہنے کی بھی

"کیا ہوا؟" طٰہ نے دھیمی آواز میں پوچھا

"یہاں کچھ پڑا ہوا ہے۔۔پاؤں لگا ہے اس کے ساتھ"۔نور نے اندھیرے میں سنبھلتے ہوئے کہا

"دھیان سے چلنا سب۔۔۔"

"آہہہہ۔۔"ابھی طٰہ کی بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ دھب سے گرنے اور پھر کراہنے کی آواز آئی

"اب کون گرا؟"برق نے پریشانی سے کہا۔۔۔

"میں۔"نور کی ہی بھیگی سی آواز آئی

"اللہ اللہ لڑکی دھیان سے چلو نا۔" ہاریکا نے اسے ٹٹولتے ہوئے کہا

ابھی وہ اٹھی ہی تھی کہ دھڑام کی آواز کے ساتھ کوئی گرا۔۔۔

"نور تم گری ہو؟"عبیرہ نے پریشانی سے کہا

"نہیں میں گرا ہوں برق"۔شرمندہ سی آواز ابھری تھی

"کیا کر رہے ہو پاگل ہو دھیان کہاں ہے تم لوگوں کا اٹھو خیال کرو تھوڑا" ساحل پریشان اور جھنجھلایا ہوا تھا

"یار پتا نہیں کیا کیا اور کہاں کہاں پڑا ہے" برق کی منمناتی آواز آئی۔۔

"ایک منٹ یہاں دیوار پہ کچھ ہے" طہٰ نے سب کی توجہ اپنی طرف مرکوز کی سب اپنی اپنی جگہ ٹھہر گئے

"کیا ہے؟" برق نے پوچھا

"شاید کوئی بٹنز ہیں۔۔۔ کیا آن کروں؟" اس نے بتاتے ساتھ مشورہ بھی لے لیا

"ہاں کرو دیکھو کیا ہوتا ہے" ساحل کے کہنے پہ اس نے دھیرے سے ایک بٹن دبایا۔۔ خاموشی میں ٹک کی آواز گونجی۔۔ سب ایک پل کو ساقط ہو گئے، لیکن کچھ پل گزر گئے سب ویسا ہی تھا کچھ نہیں ہوا تھا

"کچھ نہیں ہوا"۔ عبیرہ نے تسلی دیتے کہا

"دوسرا آن کروں۔۔۔؟"

"ہاں کرو"

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اور ساتھ ہی اس نے دوسرا بٹن دبایا۔۔ اور ایک لمحے کے لیے سب کی آنکھیں چندھیا گئیں، سب کے ہاتھ ان کی آنکھوں پہ جا ٹھہرے تھے، اندھیرے میں رہتے ایک دم سے اتنی روشنی کہ وہ دیکھ ہی نہیں پا رہے تھے۔۔ کچھ پل ایسے ہی بیت گئے اور پھر آنکھیں روشنی سے روشناس ہوئیں تو نظر اٹھا کے دیکھا۔۔۔ ان کے چہروں پہ حیرت پھیل گئی۔۔۔ وہ ایک کمرہ تھا نارمل سا کمرہ جیسے کوئی آفس ہو، کوئی سٹڈی یا پھر کوئی اور ورک روم۔۔۔ وہاں ایک کرسی گری پڑی تھی جس کے ساتھ لگ کے برق گرا تھا۔۔۔ سامنے ایک ٹیبل تھا اس پہ کافی سارے پیپرز پھیلے ہوئے

تھے کمرہ اتنابڑانہ تھا، دیوار پہ دو پینٹنگز لگی ہوئی تھیں جو کہ سائز میں کافی بڑی تھیں۔۔اور سامنے ایک ریک پڑا تھا جس میں کچھ کتابیں اور کاغذوں کا بنڈل پڑا ہوا تھا، اور اس ریک کے اوپر ایک کبڈ سا بنا تھا، دیکھنے میں ایسا فیل ہو رہا تھا جیسے یہ کسی کے استعمال میں ہو۔۔ جیسا وہ باہر سے کھنڈر سا لگتا تھا یہ کمرہ اس کے بلکل بر عکس تھا۔۔ نا کوئی جالا، نا کوئی دھول مٹی، نا گرد۔۔ وہ سب ایک ایک چیز کا جائیزہ لے رہے تھے۔۔۔ نور آگے بڑھی اور اس ٹیبل کا دراز کھولا۔۔ اس میں کچھ موم بتیاں اور ایک چابی پڑی ہوئی تھی۔۔

نور کسی چیز کو ہاتھ مت لگانا ہم نہیں جانتے یہاں کیا ہے۔ وہ چابی اٹھانے ہی لگی تھی کہ طٰہ نے خبردار کیا اس نے اپنا بڑھا ہوا ہاتھ پیچھے کر لیا

"یہاں سے نکلنا کیسے ہے اب؟" عبیرہ کا دل گھبرا رہا تھا

"یہ تو ہم جانتے نہیں" ہاریکا نے کہتے ایک بار پھر دروازے کو کھولنے کی کوشش کی جس سے وہ اندر آ ہے تھے، لیکن وہ کھل نہیں پا رہا تھا

"جان لیں گے۔۔ ہم مل کر کچھ بھی کر سکتے ہیں" ساحل نے ایک عزم سے کہا

"کچھ زیادہ ہی خود پہ بھروسہ ہے ساحل حریب صاحب کو لیکن ابھی تک یہ نہیں جان پائے کہ کرنا کیا ہے" ہاریکا نے تھکے سے انداز میں کہا

"اکثر حالات میں ناکامی کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ہم فوراً کامیاب ہونا چاہتے ہیں" کافی سے زیادہ ٹھنڈے لہجے میں جواب موصول ہوا تھا، جس پہ ہاریکا نے تو برا سا منہ بنایا لیکن برق کو ہنسی آ گئی جس پہ وہ چڑ گئی

AESTHETICNOVELS ONLINE
-Explore, Dream and Read

"کیا ہے؟" نور اس کی طرف پلٹی تھی

"کچھ نہیں۔۔" وہ یک دم سنجیدہ ہوا تھا

عبیرہ پاس پڑی کرسی پہ بیٹھ گئی۔۔ ہاریکا پینٹنگز کو غور سے دیکھ رہی تھی۔۔ طٰہٰ ریک میں رکھے پیپرز کا ملاحظہ فرما رہا تھا۔۔ برق اور ساحل سامنے ٹیبل پہ پھیلے کاغذوں کو دیکھ رہے تھے اس پہ بہت سے نمبرز اور کسی اور زبان میں کچھ لکھا ہو تھا وہ حیرانی اور پریشانی سے سب دیکھ رہے تھے، کافی وقت ایسے ہی خاموشی سے بیت گیا

نور ہاریکا کے ساتھ کھڑی کچھ دیر پینٹنگز کو سمجھنے کی کوشش کرتی رہی اور پھر پینٹنگز کو چھو کے دیکھ ہی رہی تھی۔

" باز آجاؤ لڑکی یہاں سب عجیب ہے یہ نہ ہو کسی اور مصیبت میں پڑ جائیں" برق نے ٹوکا

"میں ہمیشہ وہی کام کرتی ہوں جس سے مجھے روکا جاتا ہے" اس نے لاپرواہی سے کہا

"سہی کہا ہے جس نے بھی کہا ہے کہ عورت کی زبان اس کی تلوار ہوتی ہے اور عورت اسے کبھی بھی زنگ آلود نہیں ہونے دیتی"۔ انداز چڑاتا ہوا تھا

"کامیاب لوگوں کی غیبت کرنا ناکام لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے۔۔" تپاتا ہوا جواب آیا تھا

"کیا مطلب ہے میں نے کون سی غیبت کی ہے؟ اور تم نے کون سی کامیابیوں کے بنڈل سمیٹ رکھے ہیں؟" وہ تو اس الزام پہ دھنگ رہ گیا تھا

"واٹ ایور۔۔" وہ کندھے آچکا گئی۔۔ برق تو جل بھن گیا لیکن کہا کچھ نہیں

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"اب آواز نہ آئے کسی کی بھی اور یہ بچوں کی طرح لڑنا بند کرو اور جیسا کہوں ویسا کرو اب "ساحل نے سنجیدگی سے انہیں ٹوکا اور اپنے طرف متوجہ کیا

"حکم تو ایسے دے رہا جیسے اسی کا گھر ہو" ہاریکا منمنائی تھی لیکن وہ سن چک تھا

"میں جانتا ہوں" آپ" بہت سمجھدار ہیں، لیکن علم کو عمل میں لانے کے لئے یقین کے ساتھ ساتھ کسی رہنما کی بھی ضرورت ہوتی ہے" وہ کافی سے بھی زیادہ ٹھری ہوئی طبیعت کا مالک تھا ۔۔بلا کا حوصلہ رکھتا تھا اور صبر بھی۔

"کچھ نا کچھ تو ہو گا یہاں جس سے دروازے کھل سکتا ہے۔"عبیرہ نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا

"یہ چابی جو دراز میں پڑی ہے ہو سکتا ہے اس دروازے کی ہو جس سے ہم اندر آئے" برق نے سمجھداری کا مظاہرہ کیا

"تو کیا تمھیں یہاں چابی لگانی کی کوئی جگہ نظر آرہی ہے مسٹر برق پاشا؟" ہاریکا نے دروازے کو دیکھتے کہا

AESTHETICNOVELS.ONLINE

"تو پھر کس چیز کی ہو گی؟" نور بھی متجسس ہو رہی تھی۔۔۔

-Explore, Dream and Read

"یہ پینٹنگز دیکھو غور سے"۔ان سب نے پلٹ کے دیکھا وہاں کسی محل کی تصویر بنی ہوئی تھی

"کیا ہے اس میں" طٰہٰ اس تصویر کے قریب گیا

"یہ دیکھو کونے میں۔۔۔ یہاں سوراخ ہے ہو سکتا ہے یہ دروازے ہو۔۔۔!" ساحل نے غور سے دیکھتے کہا

"تو پھر دیر کس بات کی ہے لگاؤ چابی "۔ طٰہٰ نے فوراً چابی اٹھائی اور قریب آیا اور ان میں سے ایک پینٹنگ میں لگائی جہاں جگہ بنی ہوئی تھی۔۔۔ طٰہٰ نے ابھی چابی گھومائی ہی تھی کہ ایک آواز نے ماحول میں ارتعاش پیدا کیا تھا۔۔ اور کچھ لمحوں بعد پھر سے خاموشی چھا گئی۔۔ اور پینٹنگ بھی وہی کی وہی موجود تھی، وہ پریشانی سے دیکھ کر رہ گئے

"یہ آواز کیسی تھی؟" برق نے نا سمجھی سے کہا

"معلوم نہیں "ساحل نے پلٹ کے اسے دیکھا

"وہ وہ دیکھو۔" نور نے یک دم کہا

"کیا؟ سب اس کی طرف پلٹے تھے

"وہ دیکھو وہ کبڈ کھلا ہوا ہے، یہ پہلے تو بند تھا نا؟" وہ گھبرائی ہوئی تھی اور پرجوش بھی

"ہاں بند تھا مطلب اس کے کھلنے کی آواز تھی"۔ ساحل اس کبڈ کے قریب گیا، باقی سب بھی پرجوش سے لگ رہے تھے

"یہ کرسی لاؤ یہاں۔۔"ساحل نے برق کو مخاطب کیا

"ایک سیکنڈ میں دیکھتا ہوں"۔ برق کرسی لایا اور خود ہی کرسی پہ چڑھا۔۔ وہ سب اسے دھڑکتے دل سے دیکھ رہے تھے اس میں کیا ہے

برق نے اس میں جھانکا۔۔

"کیا ہے اس میں ؟"ہاریکا نے بے چینی سے کہا

برق پلٹا اس کے ہاتھ میں ایک اور چابی تھی۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"یہ ہے۔۔ "اس نے ہاتھ میں پکڑی زنگ آلود سی چابی دکھائی

"مطلب ایک اور تالا۔" نور جھنجھلائے تھی

"اب یہ لگنی کہاں ہے ؟" برق نے وہ چابی ساحل کے ہاتھ میں پکڑاتے سوال داغا

اب سب ایک بار پھر سے سب چیزیں باریک بینی سے دیکھنے لگے۔۔۔

"عبیرہ کی بے دھیانی میں نظر ٹیبل پہ پڑی۔۔ کیا پتا وہاں لگتی ہو"۔ وہ پرجوش ہو کہ بولی

"کہاں ؟" ساحل نے پوچھا

"وہاں دیکھو ٹیبل کے دراز میں جگہ ہے"

"ہاں تو دراز میں لگا کے کیا کریں گے ہمیں دروازے کو کھولنا ہے۔۔ کیا چابی چابی کھیل رہے ہیں ہم ؟" طٰہ بہت سنجیدہ اور اکتایا ہوا لگ رہا تھا

"یہ جگہ ہماری دنیا کی نہیں ہے۔۔ اس جگہ کی اپنی کوئی حقیقت نہیں ہے، یہ دھویں کی مانند ہے جس کا وجود جادو کی وجہ سے ہے۔۔ ہمیں اپنے انداز میں نہیں سوچنا ہو سکتا ہے یہاں ہی لگے یہ چابی۔"ساحل نے کہتے چابی اس دراز کے لاک میں لگائی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ایک پل کو ایسا زلزلہ سا آیا وہ سب زمین بوس ہوئے، خوف دبے پاؤں اندر تک سرائیت کر گیا ۔۔ کچھ پل ایسی ہی کیفیت رہی اور پھر زمین ٹھری۔۔ وہ سب لڑکھڑاتے ہوئے کھڑے ہوئے، عجیب گھبراہٹ زدہ اور خوفزدہ کر دینے والا ماحول بن چکا تھا۔۔ ابھی وہ سنبھلے ہی تھے کہ ایک بار پھر زمین کانپتی محسوس ہوئی۔۔ ایک اس بار جھٹکا زور کا نہیں تھا۔۔ اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے سامنے دیوار پہ لگی پینٹنگز میں سے ایک سرکنے لگی تھی۔۔۔ وہ سب دم سادھی دیکھ رہے تھے۔۔ جب وہ

پوری کھل گئی تو سامنے مدھم سی روشنی کی جھلک دکھائی دے رہی تھی، یہاں سے وہ اندازہ نہیں کر پائے کہ سامنے کیا ہے، کون سی اور کیسی جگہ ہے

طٰہ نے قدم آگے بڑھائے اس کے پیچھے ساحل اور برق تھے ساتھ میں وہ تینوں بھی تھیں، خوف حد سے زیادہ پھیلا ہوا تھا، ابھی وہ چار پانچ قدم ہی چلے تھے کہ ٹک ٹک کی آواز سنائی دی جیسے کوئی عصا پکڑے چل رہا ہے۔۔ طٰہ کے ٹھہرنے پہ وہ سب بھی ٹھہر گئے

اب وہ آواز لمحہ بہ لمحہ زیادہ ہوتی اور اپنی طرف بڑھتی سنائی دے رہی تھی۔۔۔۔ اور کچھ لمحوں بعد ایک وجود کی جھلک دکھائی دی، وہ سارے پھٹی آنکھوں سے دیکھتے رہ گئے۔

اہم بات !

اگر آپ بھی اپنا لکھا گیا مواد ہماری ویب سائٹ پہ شائع کروانا چاہتے ہیں تو ہمیں ہمارے انسٹا پیج پہ میسج کریں۔

Ig@aestheticnovels.online

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

## بابِ چہارم

دل ایک باغ کی مانند ہے
اس میں شفقت بھی اگتی ہے
ڈر بھی،
ناراضگی بھی پنپتی ہے
اور محبت بھی
یہاں یہ منحصر کرتا ہے کہ

آپ کیسا بیج بوتے ہیں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تاریکی اندھیرے کو نہیں نکال سکتی۔ صرف روشنی یہ کر سکتی ہے.. اندھیرا غلط نہیں ہے۔ یہ زندگی کا حصہ ہے، رات کے وقت ستاروں کے لیے ایک پس منظر، جو کچھ آپ جانتے ہیں اس کے درمیان خلا ہے۔ اندھیرے میں آپ کو روشنی کی یاد دلانے کا ایک طریقہ ہے جو آپ کو ان تمام دنوں میں دیا گیا ہے۔ آپ کو روشنی سے اندھیرے کو غرق کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو منفی کو مثبت سے بدلنے کی ضرورت ہے۔ آپ اندھیروں کو روشنی میں لاتے ہیں۔ ایک نذرانے کی طرح۔

ہر طرف خوف اور دہشت پھیلی ہوئی تھی، اور سامنے ایک وجود کھڑا تھا، جس کو وہ جان نہیں پا رہے تھے کہ وہ مرد ہے یا عورت۔۔۔ کیونکہ وہ اس کی شکل پر نظر نہیں ارہی تھی لیکن کبھی اس کی اواز مردوں جیسی بھاری اور کبھی عورتوں کی جیسی پتلی اور کمزور ہو جاتی تھی۔۔ ہر طرف اندھیرا پھیلا ہوا تھا اور مدھم سی روشنی ماحول میں دہشت پیدا کر رہی تھی، ان کے چہرے خوف سے متغیر ہو چکے تھے لیکن وہ اندھیرے میں ایک دوسرے کو نہیں دیکھ پا رہے تھے مگر انہیں اندازہ تو تھا کہ سب کی عادت ایک ہی جیسی ہے، پہلے تو انہیں یہ سمجھ ہی نہیں ائی کہ وہ عجیب سا وجود کہہ کیا رہا ہے۔۔ لیکن پھر دھیان دینے پر انہیں الفاظ صاف سنائی دینے لگے، وہ انہیں یہاں آنے پہ ملامت کر رہا تھا۔۔ اور پھر واپس نہ جانے کی دھمکی دے رہا۔ ایک بار تو وہ اس کی باتوں پہ

کانپ کر رہ گئے۔۔ لیکن پھر خود ایک قابو پاتے اس سے واپس جانے کی بابت سوال کیا ہے، جی اس پہ اس کے بے ہنگم قہقہے گونجے۔۔

"تو طٰہ نے جرآت کرتے اس سے دوبارہ سے سوال کیا"۔۔

" یہاں آ جانے کے بعد واپسی کے سارے راستے مسترد ہو جاتے ہیں، یہاں آنے والے لوٹ کے کبھی واپس نہیں گئے۔۔ یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ تم واپس جا سکو یہاں سے "۔ یہ کہہ کے ساتھ دوبارہ اس کے قہقہے گونجنے لگے

"کوئی تو راستہ ہو گا واپس جانے کا". ساحل نے سوال کیا

" تمہیں کچھ زیادہ جلدی نہیں واپس جانے کی "۔ اس کی آواز میں طنز کی ملاوٹ تھی

"تم ہمیں واپس جانے کا راستہ بتاؤ" ۔ ساحل نے دوبارہ سے جرات کا مظاہرہ کیا

"یہ مروائے گا آج ہمیں" ۔۔ ہاریکا نے نور سے سرگوشی کی

" یہاں سے واپسی کے لیے تمہیں کچھ چیزیں درکار ہیں" رازدارانہ انداز میں جواب آیا

" کیسی چیزیں؟" برق نے حیرت اور متجسس ہو کے پوچھا

"اتنا آسان نہیں ہے ان کا ملنا"۔ اس کا ایک اور قہقہہ گونجا تھا

ءیہ ہمیں اپنے قہقہوں سے ہی پاگل کرے گا" عبیرہ نے جل بھن کے کہا

"ناممکن تو نہیں ہیں نا۔۔۔!" طٰہ نے نحوست سے کہا، اب ڈر تھوڑا کم ہوا تھا لیکن مکمل طور پر نہیں

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"جب پیار کا موتی کھو جائے، تو درد کی بوند کو ڈال دینا، جب جاگ جائے امید کی کرن تو اس میں جلتے ہیرے کو جڑ کہ اپنا رستہ پالینا"۔۔ اس نے زار دارانہ انداز میں کہا اور پھر سے بے ہنگم قہقہ گونجا تھا

"یہ سب کہاں سے ملے گا؟" ساحل نے سوال داغا

"اس سب کو کوئی نہیں ڈھونڈ سکتا۔۔ ان کو ڈھونڈا نہیں جاتا۔۔ ان کو پایا جاتا ہے"۔ ان کے کان کھڑے اور حواس جاگ چکے تھے، لیکن انہیں کچھ سمجھ نہیں آئی کہ یہ سب کیا ہے

ابھی وہ اس سے اور سوال کرنے ہی لگے تھے کہ دوبارہ سے ٹک ٹک کی آواز گونجی اور اب وہ آواز قریب نہیں آرہی تھی بلکہ دوُر جاتی مدھم سے مدھم تر ہوتی گئی۔۔۔ اور وہ ایک دوسرے کو دیکھتے رہ گئے، ابھی کچھ لمحے بیتے بھی نہ تھے ایک زوردار آواز گونجی اور ہر طرف روشنی پھیل گئی ۔۔۔ دور ایک دروازے کا عکس نظر آرہا تھا، وہ چلتے چلتے اس کے قریب گئے تو وہاں سے باہر ویسے ہی جنگل نظر آرہا تھا جیسے جنگل سے وہ اندر آئے تھے۔۔ حیرت سے گنگ ہوتے ہیں باہر نکلے۔۔۔ لمبے گھاس کے بیچوں میں جنگلی پھول، سورج کی روشنی، شہد کی مکھیاں، ڈریگن فلائیز، تتلیاں، گھاس میں پھنسے ہوئے خشک پتے، پتوں سے لدے لمبے لمبے درخت جو صاف کرتے ہیں، پرندے، چیونٹیاں، مکڑیاں، چوہے، کائی، ٹوٹی ہوئی شاخیں دہانے پر، پتوں کا سرسراہٹ، ہوا کے جھونکے، گھاس میں چھلکنے والے چھوٹے ناگوار، کرکٹ، قریبی نالے سے پتھروں اور جڑوں پر پانی بہنے کی آوازیں، شہد کی مکھیوں اور ڈریگن فلائیز کی آواز، مکھیوں اور مچھروں کی آہٹ، کجا کہ ویسا ہی ماحول۔۔ ویسی جگہ تھی جہاں سے وہ چلے تھے۔ وہ سب باہر نکلے اور پلٹ کہ

دیکھا۔۔ تو وہاں نہ کوئی ہال تھا، نہ کوئی کھنڈر۔۔۔ سب غائب ہو چکا تھا ایسے جیسے وہاں کچھ تھا ہی نہیں۔۔۔

"یہ سب کیا ہے؟ مطلب پھر سے وہی جگہ!" عبیرہ نے پریشانی سے کہا

"ایسا ہی ہے"۔ برق بھی مایوس لگ رہا تھا

"ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے جیسے"۔۔ نور مایوسی سے کہتے ایک طرف رکھے پتھر پہ براجمان ہو گئی

"اصل اندھیرا تو ہمارے اندر پھیل رہا ہے" ہاریکا نے افسوس سے کہا

"جو چیز ہمارے اندر رات بناتی ہے وہی ہمارے اندر ستارے بھی چھوڑتی ہے". ساحل نے ایک طرف زمین پر بیٹھتے ہوئے کہا، وہ پریشان ضرور تھا لیکن مایوس نہیں تھا

"بلکل ٹھیک کہہ رہا ہے ساحل تاریکی اور ناامیدی کتنی ہی وسیع کیوں نہ ہو، ہمیں اپنی روشنی خود فراہم کرنی ہوتی ہے"۔۔ طٰہ نے بھی ایک عزم سے کہا تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"پہلے تو بھوک کا کچھ حل نکالیں اور باقی بھی سوچتے ہیں کرنا کیا ہے آگے"۔ عبیرہ نے معصوم شکل بناتے سب کا کھانے کی طرف دھیان دلانا چاہا

"ہاں چلو کچھ تلاش کرتے ہیں"۔ برق نے بھی فوراً تائید کی تھی۔ باقی سب بھی اس کی تقلید میں چلنے لگے

زندگی بدلنے کے لیے لڑنا پڑتا ہے اور آسان کرنے کے لئے سمجھنا پڑتا ہے وقت آپ کا ہے چاہو تو سونا بنالو اور چاہو تو سونے میں گزار دو، انسان امیدوں سے بندھا ایک ضدی پرندہ ہے۔۔ جو

گائل بھی امیدوں سے ہوتا ہے اور زندہ بھی امیدوں پر ہے۔ انہیں خود کو زندہ رکھنا تھا اور یہاں سے پلٹ کہ جانا بھی تھا، انہیں امید تھی کہ وہ یہاں سے ضرور واپسی کا رستہ تلاش کر لیں گے " امید وہ راگ ہے جو ہماری روح کو آزاد کرتا ہے " وہ چل رہے تھے ایک دوسرے کا ساتھ دیتے۔ " ہمیں محدود مایوسی کو قبول کرنا چاہیے، لیکن کبھی بھی لامحدود امید سے محروم نہیں ہونا چاہیے "۔

وہ سب چلتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے

"یہ تو رین فارسٹ ہے نا تو یہاں کچھ کھانے کے قابل نہیں ہو گا" طٰہٰ نے انہیں حقیقت سے روشناس کروایا

"نہیں یہ رین فارسٹ کیسے ہو سکتا ہے یہ تو سب جادوئی ہے". نور نے اپنے تئیں سمجھداری کا مظاہرہ کیا

"تو ہم یہاں کیسے کچھ کھا سکتے ہیں؟" ۔۔برق نے اپنا اندیشہ ظاہر کیا

"ہو سکتا ہے ہم یہاں کوئی پھل کھائیں لیکن وہ حقیقت میں کوئی کیڑا ہو"۔۔ہاریکا نے گندہ سا منہ بنایا

"تو پھر تمہیں کوئی کیڑا کھانا چاہیے ہاریکا". برق نے اسے چھیڑا

"تم کھاؤ نا سانپ بچھو۔۔ میں کیوں کھانے لگی کیڑے" وہ تپ چکی تھی لیکن برق بدستور مسکراتا رہا

"ویسے ایک بات تو بتاؤ تم کہاں بڑے ہوتے رہے ہو؟" نور نے اس پہ طنز کیا

"کم از کم لوگوں کے سر پھوڑتے تو بڑا نہیں ہوا" برق نے تاک کے وار کیا تھا

"بتاؤ ذرا کہاں سے پھٹ گیا تمہارا مٹکے جیسا سر" نور نے بات کو سر سے اتارنا چاہا مگر سامنے بھی برق پاشا تھا

"تم لوگوں نے تو کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی، مگر جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے، اور بجائے شرمندہ ہونے کے مجھے ہی باتیں سنا رہی ہو توبہ توبہ"۔ برق نے اسے شرمندہ کرنے کی ناکام سی کوشش کی

"بس بس اتنے بھی مظلوم نہیں ہو جتنا بننے کی کوشش کر رہے ہو" ہاریکا نے اسے ٹوکا

"کیا کسی کے پاس کچھ کھانے کو ہے" عبیرہ نے شرم کو ایک طرف رکھتے سوال کیا

"ہاں میرے پاس کچھ چاکلیٹس اور سنیکس ہیں"۔ نور نے کہا

"تو پہلے کیوں نہیں بتایا ہم کب سے خوار ہو رہے ہیں". برق نے برھمی سے کہا

"ہاں تو اسی قابل ہونا، اور اتنا سب بھی نہیں کہ پہاڑی بکرے کو کھلا دوں"۔ عبیرہ کو چاکلیٹ دیتے کہا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"پہاڑی بکرا میں نہیں یہ ہے پہاڑی بکری"۔ برق نے ہنستے ہوئے ہاریکا کی طرف اشارہ کیا

"ہاں تو تم کیا ہو جنگلی سانڈ؟" ہاریکا نے بھڑاس نکالی

"وہ تو ساحل محترم لگ رہے ہیں، کیونکہ جس سپیڈ سے یہ چل رہا ہے نا لگتا یہیں بڑا ہوا ہے۔ کیوں ساحل؟" طٰہ نے مسکراتے کہا اور ساتھ ہی اور ساحل کو بھی مخاطب کیا جس پہ اس نے صرف مسکرانے پہ اکتفا کیا

چلتے چلتے وہ اسی ندی کے پاس پہنچ چکے تھے جہاں سے وہ بھاگے تھے اب نور نے بیگ سے کچھ کھانے کو نکالا اور عبیرہ کی طرف بڑھایا ساتھ میں ہاریکا کو بھی دیا

وہی ساحل نے بھی بیگ نیچے پھینکا اور اس میں سے کچھ کھانے کو نکالا اور برق اور طٰہٰ کی طرف بڑھایا۔

"ہاں تو اب بولو کہ کرنا کیا ہے؟" طٰہٰ نے ہاتھ جھاڑتے ہوئے کہا

"اب سوچنا یہ ہے کہ ہم نے یہ چیزیں تلاش کیسے کرنی ہیں". ہاریکا پر سوچ نظر آ رہی تھی

"شکر ہے بتا دیا ہے مجھے تو علم ہی نہیں تھا کہ ابھی سوچنا ہے اور تلاش کرنا ہے" عادت سے مجبور برق میں ٹانگ اڑائی

"تم بکواس کر چکے ہو اپنی..؟" ہاریکا نے جل بھن کے کہا

"جی میں کر چکا ہوں اب تم کر لو"۔ وہ پھر باز نہ آیا

"برق باز آجاؤ" طٰہٰ نے اسے خبر دار کیا اس سے پہلے وہ لڑ پڑتے

"کیا کیا بولا تھا اس قہقہے والی سرکار نے"۔ نور نے ٹھنڈے سے لہجے میں کہا، جس پہ سب ہنس کر رہ گئے

"کوئی پیار کے موتی کے کھو جانے کی بات کی تھی". عبیرہ نے سوچتے ہوئے کہا

"یہ پیار کا موتی کیا ہو گا؟" طٰہٰ نے سوچتے ہوئے کہا

"ابھی تو کچھ کہا نہیں جا سکتا کہ کیا ہے وہ"۔ ساحل نے سر پہ ہاتھ پھیرتے لا علمی کا اظہار کیا

"کیا اتنا ہی علم تھا مسٹر ساحل؟" نور نے اس کے لیڈ کرنے پہ ٹونٹ کیا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"جی میرا علم تو اتنا ہی تھا اب آپ اپنے علم کا ہنر آزمالیں مس نور ایسمیرے"۔اب کی بار ساحل نے بھی دوبدو جواب دیا

"میں نے کبھی کوئی پہیلیاں نہیں حل کیں" اس نے سر جھٹکا

"سہی کہا ویسے بھی احمق کی زبان اس کے دماغ کے آگے چلتی ہے۔ ہمیں خود ہی کچھ سوچنا پڑے گا"۔۔ساحل نے مسکراتے ہوئے کہتے طٰہٰ کی طرف متوجہ ہو گیا جس پہ وہ کلس کر رہ گئی

"درد کی بوند تو آنسو لگ رہا ہیں، کیوں تم کیا کہتے ہو ساحل؟"۔طٰہٰ نے ساحل کو متوجہ کیا

"اور امید کی کرن؟" عبیرہ نے سوال کیا

"کچھ سمجھ نہیں آرہی کہ یہ سب کیا ہے"۔۔برق نے بھی پریشانی سے کہا

"سوچنا تو پڑے گا یہ آخری حل ہے واپس جانے کا اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں"۔۔ہاریکا نے تھکے ہوئے انداز میں کہا

"چلو اٹھو کچھ تو مل جائے گا ڈھونڈنے سے اب یہاں بیٹھے بیٹھے تو کچھ نہیں ہو سکتا"۔۔نور نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا باقی سب بھی اس کے پیچھے کھڑے ہوئی ہے اور قدم آگے بڑھائے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"ویسے یہ سب ہمیں ملے گا کیسے؟ مجھے تو بہت ٹینشن ہو رہی ہے"۔۔ عبیرہ نے پریشانی سے کہا

"تم ٹینشن نہ لو" ۔۔طٰہٰ نے اسے تسلی دی

"ہائے شکر بتا دیا نہیں تو مجھے خیال ہی نہیں آیا کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے"۔۔ عبیرہ تو تپ ہی گئی تھی، باقی سب ہنس رہے تھے

"کیا بنے گا تم لوگوں کا؟" ساحل نے ان کی نوک جھونک دیکھتے تبصرا کیا

"کیا بنے گا ہمارا میاں بیوی ہم بن گئے، یہاں قیدی ہم بن گئے، بیوقوف ہم بن گئے، پاگل ہم بن گئے، اس سے زیادہ کیا بننا ہم نے"۔۔۔ عبیرہ کے ایسے کہنے پہ ان سب کے ساتھ طٰہٰ کا بھی قہقہہ بے ساختہ تھا

"یہ لڑکیاں اور کچھ مانے یا نہ مانے لیکن ایک بات دل سے بنا جھجک کے مانتی ہیں کہ تم پہ بھروسہ کر کے غلطی کر دی" ۔۔۔ طٰہٰ نے انہیں سمجھاتے ہوئے شرارت سے کہا

"اب ایسا بھی نہیں کہا میں نے"۔ عبیرہ تو برا ہی مان گئی تھی

"نہیں نہیں آپ تو کچھ کہتی ہی نہیں ہیں" ۔۔ طٰہٰ نے اسے دیکھتے پیار سے کہا

-----------

جنگل کی زمین گھاس اور جھاڑیوں سے ڈھکای ہوئی تھی۔ فاصلے فاصلے پہ گھنے درخت آگے ہوئے تھے۔ یہ مختلف قسم کے درخت تھے، ان کہ بیچ سے آسمان نظر آرہا تھا۔ زمین اور درخت یہاں بھی گیلے گیلے تھے لیکن زمین کی مٹی پھسلن زدہ نہیں تھی، کہیں کہیں پھلوں کے درخت نظروں کو خیرہ کر رہے تھے، دور کہیں سے جانوروں کی آوازیں بھی سنائی دے رہی تھیں، حبس ختم ہو چکی تھی۔ سورج ڈھل رہا تھا وہ ایک جنگل تھا نارمل سا جنگل، وہ کوئی جادوئی جگہ نہیں لگ رہی تھی جس میں وہ پہلے گھوم رہے تھے۔ ہاریکا نے کندھے پہ لٹکا بیگ عبیرہ کو دیا کیونکہ اب بیگ اٹھانے کی باری عبیرہ کی تھی۔ وہ درختوں کے جھنڈ سے نکلے چہرے پہ تھوڑا سا اطمینان چھا چکا تھا

"چلو شکر یہ کوئی ڈھنک کی جگہ ملی"۔۔ طٰہٰ نے آگے آتے کہا

"میں تو یہ شکر کر رہا ہوں کہ وہیں ندی پہ پھر نہیں پہنچ آئے" برق نے تھکے سے انداز میں کہا

"میں تو تھک چکی ہوں چل چل کے وہ بھی بے مقصد"۔۔نور نے روتی شکل بناتے کہا

"ہم تو اڑ رہے ہیں نہ ایک یہ میڈم چل رہی ہیں سنا تم نے ساحل" برق چھیڑنے میں باز نہ آیا

"ہاں بلکل اور یہ بے مقصد بھی چل رہی ہے برق سنا تم نے"۔۔ساحل کے جواب دینے سے بھی پہلے طٰہ نے سلسلہ کلام جوڑا

"ویسے یہ بتاؤ کہ اب تک کی زندگی کیسے گزاری ہے تم نے نور" ۔برق نے اس کے جواب نہ دینے پہ وہیں سے سوال شروع کئے

"سمندروں کا پانی چھانتے نہیں گزاری"۔نور نے مڑ کے اسے دیکھتے کہا

"ہاہاہا"۔۔برق کا قہقہہ بے ساختہ تھا

"سمندروں کا پانی کیسے چھانتے ہیں؟" اب کہ ساحل نے اس سے پوچھا

"یہ تو برق پاشا صاحب جانتے ہوں گے نہ"۔۔نور نے منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے کہا

" اندھیرا پھیل رہا ہے"۔ہاریکا نے آسمان کو دیکھتے تبصرا کیا، سورج اب واپسی کا سفر طے کرتا آسمان پر سرمئی رنگ کی کوثر فضا بکھیر رہا تھا

"تو کوئی جگہ تلاش کرنی پڑے گی جہاں رات گزار سکیں ویسے بھی یہاں نہ دن کا اتا نہ رات کا پتا ہے، کس وقت آجائے کس وقت چلی جائے"۔۔طٰہ نے کہتے ادھر ادھر دیکھا جیسے کوئی رات بسر کرنے کے لئے دھنک کی جگہ مل جائے، مگر ابھی تک تو انہیں کوئی جگہ نہیں ملی

"یہ جنگل ہے یہاں ایسے ہی کہیں بھی رات گزر جائے گی"۔ساحل نے کندھے پہ لٹکا بیگ برق کو تھمایا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ہمم۔۔سب متفق تھے کیونکہ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں تھا

تھوڑی آگے جا کے درختوں کا ایک جھنڈ تھا بمشکل اس سے رستہ بناتے گزرے درخت ختم ہو چکے تھے، باہر گھاس تھی، سبز چھت کی حدود بھی ختم ہو چکی تھی، سامنے ایک شفاف سا چشمہ بہ رہا تھا صاف ٹھنڈے پانی کا چشمہ، تھوڑے سے فاصلے پہ انار کے درخت لگے ہوئے تھا، وہ کچھ حیرت اور کچھ جوش کے ملے جلے جذبات کے تہت آگے آئے

طٰہٰ چشمے کے قریب گیا اور جھک کے پانی سے ہاتھوں کے کٹورے بھرے اور اسے چہرے پہ ڈالا اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ نہا بھی لے

"تم لوگ انار اتارو میں آگ کا بندوبستی کرتا ہوں"۔ساحل نے برق کو اشارہ کیا

"یار میں کبھی درختوں پہ نہیں چڑھا"۔برق نے معصوم سی شکل بنائی جس پہ نور اور عبیرہ کا قہقہہ گونجا، برق ان کے ہنسنے پہ اچھا خاصا شرمندہ ہوا

"میں اتارتی ہوں"۔ہاریکا نے کہتے قدم بڑھائے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

برق ساحل کے ساتھ لکڑیاں اور پتے اکھٹے کرنے لگا، ہاریکا درخت پہ چڑھی نور اور عبیرہ اس کے پھینکے انار اکھٹے کر رہی تھیں، ساحل نے سب پتوں اور لکڑیوں کو اکھٹا کر کے آگ جلائی اور اب ہاریکا بھی نیچے اتری لیکن پاؤں مڑ گیا اور یہ دھڑام سے نیچے آئی ساتھ ہی اس کی چیخ کی آواز ابھری سب اس کی طرف متوجہ ہوئے، لیکن سب کہ اپنی طرف متوجہ ہونے پر وہ اپنی شرمندگی چھپاتے کھڑی ہوئی لیکن پاؤں میں ایک درد کی لہر دوڑ گئی

"کیا ہوا زیادہ تو نہیں لگی" عبیرہ پاس آہی

"نہیں ٹھیک ہوں" اب کیا بتاتی کہ درد بہت ہے

"چلو پھر منہ ہاتھ دھولو ویسے بھی رات یہیں پہ گزارنی ہے آرام سے" طٰہٰ نے کہتے انار کے کچھ دانے منہ میں ڈالے

"ہاں اگر بھاگنا پڑ گیا تو" نور نے پچھلے واقع کو یاد کرتے کہا

"اور اگر بارش نہ شروع ہو گئی تو" عبیرہ نے بھی آسمان پہ تیرتے بادلوں کو دیکھتے ہوئے کہا

"سردی زیادہ ہو رہی ہے" برق نے آگ پہ ہاتھ سینکتے کہا

"ہمم اب اور تو کچھ نہیں کر سکتے اس وقت" ساحل نے اپنی جگہ سے پاؤں سے گند ہٹا کے بیگ سے ایک چادر نکال کے نیچے بچھاتے ہوئے کہا

اب سب ایک دائرے میں بیٹھے ہوئے تھے درمیان میں آگ کا الاؤ جل رہا تھا اندھیرا ہر سو اپنے پر پھیلا رہا تھا، وہ سب خاموشی سے کھانے میں مصروف تھے

"تم کون ہو ساحل؟" وہ جو آگ کے شعلوں کو دیکھتے سوچ میں گم تھا طٰہٰ کے سوال پہ چونکا، باقی سب بھی اسکی طرف متوجہ ہوئے

"میں ساحل حریب التان ہوں" وہ اتنا کہہ کہ خاموش ہو گیا جب کہ باقی سب اس کے آگے بھی بولنے کا انتظار کر رہے تھے

"بس؟" طٰہٰ نے تعجب سے پوچھا

"اور کیا؟" جواب کے بجائے سوال آیا

"یہی کہ کیا کرتے ہو کون ہو کہاں سے ہو شوق کیا ہیں، کتنے بہن بھائی ہیں یہ سب" برق نے ذرا تفصیلی جواب دیا

"اس کا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اپنا بائیو ڈیٹا دے دو سیمپل" نور نے مسکراتے ہوئے کہا

"میں آرمی آفیسر ہوں اور ایک ہی بھائی ہوں بابا کی ڈیتھ ہو چکی تھی جب میں ایک سال کا تھا"

وہ کہتے ہوئے اداس سا ہو گیا

"اور امی؟" عبیرہ نے افسوس سے پوچھا

"انہوں نے دوسری شادی کر لی تھی مجھے دادی نے پالا ہے اب تو چار سال ہو گئے ان کی بھی ڈیتھ ہو چکی ہے" اب کہ نہیں دکھ سا محسوس ہوا اور ساحل سے اپنائیت سی محسوس ہوئی

"اللہ مغفرت فرمائے" طٰہٰ کو اس کا درد محسوس ہوا

"آمین" وہ خاموش ہو چکا تھا

"اب تم بتاؤ طٰہٰ۔۔" برق کا رخ اب طٰہٰ کی طرف تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"میرے دو بھائی ہیں اور ایک بہن" طٰہٰ نے کہنا شروع کیا

"سوری بات کو ٹوکنے کے لئے لیکن تم دونوں کی ارینج میرج سے یا لو؟" نور نے تجسس سے پوچھا

"ارینج" طٰہٰ کے بجائے عبیرہ کی طرف سے جواب طلب ہوا

"اووا چھا" نور کو جواب توقع کے خلاف ملا

"میری تو لو تھی" طٰہٰ نے مسکراتے ہوئے جواب میں اضافی کیا

"سچی" انور پرجوش ہوئی

"تم کیوں اتنا خوش ہو رہی ہو؟" برق نے اسے ٹوکا

"تم کیا جانو پیار و محبت کے بارے میں" نور نے چڑاتے ہوئے کہا

"ہاں بلکل مس نور سب جانتی ہیں ہم تو جنگلوں میں بڑے ہوئے ہیں نا" برق نے برا سا منہ بنایا

"خیر اب ایسی بھی بات نہیں ہے جنگل میں تو ساحل حریب صاحب رہے ہیں" ہاریکا نے اسے چھیڑا جس پہ بس وہ مسکرا کر رہ گیا

"تم بتاؤ برق؟" ساحل نے برق کو مخاطب کیا

"کیا؟"

"اپنی برق رفتار زندگی کے بارے میں بتاؤ" ہاریکا نے کہا

"ہم چار بھائی ہیں میں تیسرے نمبر پہ ہوں بابا ہمارے ساتھ نہیں ہوتے انہوں نے دوسری شادی کرلی تھی، ہمیں ماں نے پالا ہے" کہتے اس نے بار ختم کی

" اب اپنا بتاؤ تم دونوں۔"برق نے بات کرتے ہاریکا اور نور کو کہا

" ویسے تو میرے دو بہن بھائی اور بھی ہیں لیکن مجھے میرے ماموں نے پالا ہے ان کی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی تو ایسے میں اکلوتی ہی ہوئی" نور نے بے پرواہی سے کہتے سر جھٹکا

"خیر اکلوتی ہو تو نہیں لیکن دل کے بہلانے کو یہ خیال اچھا ہے برق" برق نے اسے چڑاتے شعر کا بیڑا اغرق کیا

" بس بس زیادہ نہ بولا کرو" نور کا پارا ہائی ہونے میں ایک منٹ بھی نہ لگا

"اور تم ہاریکا؟" ان دونوں کی نوک جھوک کو نظر انداز کرتے عبیرہ نے ہاریکا کو متوجہ کیا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"ہم چار بہنیں ہیں میں سب سے چھوٹی ہوں باقی تینوں کی شادی ہو گئی ہے اور ایک سال پہلے ماما کا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا جس میں ان کی ڈیتھ ہو گئی اور بابا اب میری شادی کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں " آخر میں محبت سے کہتے وہ مسکرائی تھی

"اوور تو ہاریکا صاحبہ کی شادی ہے "نور نے پر کا کبوتر بنایا تھا

"ہیلو اس نے کہا ہے ابھی ماں باپ کروانا چاہ رہے ہیں، ہونے نہیں والی۔ عجیب پاگل عورت ہو" برق نے اس کی بات کو بیچ میں ہی اچک لیا

"اب دیکھ رہے ہو نا سب میری ہر بات میں ٹانگیں اڑاتا ہے یہ "نور تو تپ ہی چکی تھی

"ہاں برق ہم دیکھ رہے ہیں تم اسے عورت کیوں کہہ رہے ہو۔۔وہ کوئی عورت ہے ہاں" طٰہ نے بات ختم کرنے کے بجائے اور بڑھانا چاہی

"ہاں دیکھ کو سب اس مینڈک کو"

"بس بس کہاں سے میری شکل مینڈک جیسی ہے اچھی خاصی تو ہے" اب برق نے بھی برا منایا

"شکل کا نہیں کہا، تمہاری خصوصیات کے بارے میں کہا مینڈک جیسے پانی میں بھی رہتے ہیں اور خشکل میں بھی تم میں بھی یہ خاصیت پائی جاتی ہے"

"اوور تو مطلب شکل بری نہیں ہے میری" برق نے مسکراتے کہا

"خیر میرا اب یہ بھی مطلب نہیں تھا" نور نے سر جھٹکا

"چلو چھوڑو لڑائی کو اب تم دونوں بھی منہ بند رکھو سمجھے" ہاریکا نے انہیں سختی سے ٹوکا جس پہ بادل ناخواستہ دونوں نے خاموشی سادھ لی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"جی اب آپ ارشاد فرمایئے ہاریکا صاحبہ" ان کے خاموش ہونے پہ ساحل نے طنزیہ ساہاریکا کو کہا

"تم کیوں اتنا غصہ ہو رہے ہو میں نے انہیں کہا تھا" وہ اس کے اس انداز پہ اچھی خاصی جل بھن گئی تھی

"خود اپنی زبان کی روانی چیک کرو ذرا اور آہی بڑی ان دونوں کو شور کرنے والی" ساحل بھی میدان میں کود چکا تھا

"انہیں مسئلہ نہیں ہوا تو تم کیوں جل رہے ہو اتنا" اس نے آبرو اچکائے تھے

" اب سمجھا ان دونوں نے لڑنا تھا اس لئے برق اور نور کو خاموش کروایا" طٰہ کے ایسے کہنے پہ سب کا قہقہہ بے ساختہ تھا

"کیا تم لوگ بھی اِزن لے آئے ہو اس قہقہے والی سرکار سے؟" ہاریکا نے تیش سے کہا

"اچھا اب بس یا ابھی ہاتھا پائی رہتی ہے؟" عبیرہ نے معصومیت کے ریکارڈ توڑتے ہوئے کہا

"نہیں نہیں میں نہیں لڑتا باقی ہاریکا سے اس کی مرضی پوچھ لو" ساحل نے آرام سے کہتے اسے جلایا اور وہ کامیاب بھی ہو چکا تھا

"تمہارا کہنے کا یہ مطلب ہے کہ میں جاہل عورتوں کی طرح لڑ رہی ہوں؟" اسے تو صدمہ ہی ہو گیا

"شکر خدا کو جاہل نہ سہی عورت تو مانا" اب تو ہاریکا کا بلڈ پریشر ہائی ہو چکا تھا

"اب تم دونوں میں سے کوئی نہیں بولے گا" طٰہ نے انہیں خاموش کروایا کوئی بھید نہیں تھا کہ بات ہاتھاپائی تک پہنچ جاتی

" بلکل اب تم دونوں شروع ہو جاؤ" برق کی زبان پہ کھجلی ہوئی تو شرارت سے طٰہ اور عبیرہ کو کہا

"خاموش حد ادب گستاخ لڑکے ابھی ابھی انسپریشن لی ہیں بیگم نے لڑنے کی کہیں جو کسر انہوں نے چھوڑ دی وہ یہ ناپوری کر دے" طٰہ کا انداز ایسا تھا سب مسکرانے لگے

"اب سوچو چیزیں کیسے تلاش کرنی ہیں اور وہ ہیں کیا؟" طٰہ نے اب سنجیدگی سے کہا جس پہ باقی سب بھی سنجیدہ ہوئے

"جب پیار کا موتی کھو جائے، پیار کا موتی پہلی چیز "ساحل نے پر سوچ انداز میں کہا

"یہ کہاں ہو گا؟ ویسے تو موتی سمندروں میں ہوتے ہیں لیکن پیار کے موتی سمندر میں ہوتے ہیں یا نہیں اس کا تو معلوم نہیں کیوں برق تم تو جانتے ہو گے" نور نے کہتے برق کو بھی مخاطب کیا مگر وہ گہری سوچ میں تھا کچھ جواب نہیں دیا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

" یہ پیار کا موتی ہو سکتا اصلی موتی نہ ہو کوئی اور چیز ہو" ہاریکا نے اندازہ لگایا

"ہو سکتا ہے، دوسری چیز کیا تھی" برق نے سوچتے ہوئے پوچھا

"درد کی بوندیں۔۔" عبیرہ نے یاد کرتے ہوئے کہا

"آنسو؟ درد کی بوندیں آنسو ہو سکتے ہیں" نور نے پُر جوش انداز میں کہا

"چلو ایک سیکنڈ کے لئے تصور کر لیتے کہ آنسو ہی ہوں گے لیکن کس کے؟" برق نے دماغ لڑاتے عقلمندی سے کہا

"اس بات کو بھی چھوڑو چلو مان لو کہ آنسو ہی ہیں اور کسی کے بھی ہوں لیکن اسے ڈالنا کہاں ہو گا؟" طٰہ نے پوچھا

"اس نے یہ کہا تھا کہ پیار کا موتی کھو جائے تو درد کی بوندیں ڈال دینا" ساحل نے پوری بات دوہرائی لیکن کسی کی سمجھ میں کچھ نہ آیا

"امید کی کرن کہاں سے لائیں گے؟" نور پریشان ہو رہی تھی

"اور جلتا ہوا ہیرہ" ہاریکا نے آخری چیز گنی

"اسے جھڑنا کہاں ہو گا؟" برق نے بھی پریشانی سے کہا

اب جتنا جتنا وہ سوچ رہے تھے اتنی زیادہ ٹینشن ہو رہی تھی کیوں کہ کچھ معلوم نہیں تھا کہ یہ ہیں کیا چیزیں اور انہیں تلاش کیسے کرنا ہے، رات گہری ہو چکی تھی سردی بھی بڑھ رہی تھی عبیرہ اور طٰہ ایک درخت سے ٹیک لگائے بیٹھے ہوئے تھے، ساحل اور برق آگ کے قریب ایک چادر پہ چت لیٹے ہوئے تھے اور تھوڑے ہی فاصلے پہ نور اور ہاریکا ایک ساتھ بیٹھیں نظریں آگ پہ جمائے واپسی کے رستے کو سوچ رہی تھیں۔۔ کچھ پل گزرے تو سب دھیرے دھیرے کھلے آسمان تلے سو رہے تھے لیکن عبیرہ جاگ رہی تھی رونے کے قریب تھی مشکل سے خود پہ ضبط کئے بیٹھی تھی کیونکہ باقی سب نے ایسی ہی زندگی گزاری تھی ایڈوینچرز میں لیکن عبیرہ اس سب سے کبھی دوچار نہیں ہوئی تھی پہلے

"کیا ہوا ابی؟" اس کے مرجھائے ہوئے چہرے کو دیکھتے طٰہ نے اپنائیت سے کہا وہ جانتا تھا وہ اس سب کی عادی نہیں ہے

"اگر ہم واپس نہ گئے تو؟" اس نے اندیشہ ظاہر کیا

"کیوں نہیں جائیں گے ضرور جائیں گے ایسی فضول باتیں نہیں سوچو"

"پھر کیا سوچوں اس وقت تو کچھ بھی اچھا سوچنے سے رہی میں" اب کہ کہتے دو آنسو چھپکے سے بہہ گئے تھے لیکن انہیں زمین پہ گرنے سے پہلے طٰہ نے اپنی انگلیوں کے پور سے چن لیا

"جانتی ہو عبیرہ تم میرے لئے قیمتی پھول کی طرح ہو جس کی خوشبو میلوں دور تک مجھے پہنچتی ہے اور اس پھول کی خوشبو نے میرے ارد گرد کے ماحول کو بھی معطر کیا ہوا ہے" وہ ایک جزب سے کہہ رہا تھا

کچھ لوگوں کے الفاظ انسان کو معتبر کر دیتے ہیں

"مجنوں کچھ تو خیال کرتا ہے بندہ یہاں سب کنواروں کی جماعت بھی موجود ہے اور الحمدللہ سب کان بھی رکھتے ہیں اور سننے کی حس بھی ماشاء اللہ سے سب کی بہت تیز ہے۔" یک دم ماحول میں چھایا فسوں چھڈ چکا تھا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"کچھ شرم کر برق نور سہی اصل کرتی ہے تیرے ساتھ" اپنی شرمندگی دور کرنے کے لئے طٰہ نے برق کو ہی جھاڑا تھا جس پہ وہ ہنس کر رہ گیا

"اچھا اچھا میں سونے ہی لگا تھا پلیز کیری آن" وہ سوتے سوتے میں بھی باز نہ آیا

نور اور ہاریکا بولی تو کچھ نہیں لیکن ان کے چہرے پہ بھی ایک تبسم تھا،

"کیا ہے؟" ساحل نے برق کو ہلکا سا پاؤں مارا

"منہ بند رکھ اور سو جا" اس نے اسے جھڑکا

"اوور تو ساحل صاحب بھی جاگ رہے ہیں میں سمجھا سو گیا ہے" برق شرارت کرنے سے باز نہ آیا

"اب آواز نہ آئی تیری" ساحل سے اسے آنکھیں دکھائیں

"ہاں تو تو کہتا ہو گا میں خاموش ہو جاؤں اور تو اس مجنوں کی باتیں سنے"

"اللہ مجھے صبر دے اور الحمدللہ مجھے کوئی ایسے شوق لاحق نہیں ہوئے" ساحل نے کہتے کروٹ لی یہ اشارہ تھا کہ منہ بند رکھو

"اوکے" برق نے کندھے اچکائے اور آنکھیں موند گیا

جنگل رات کو زندہ ہو جاتا ہے، بھورے سیاہ کینوس کی زمین چاند کی چاندنی کی لکیریں پھیلی ہوئی تھیں، ہوا کی سرسراہٹ سرگوشیاں کر رہی تھی۔ اور وہ رات کی باہوں میں جکڑے ہوئے سو رہے تھے

ہم حادثاتی طور پر کسی سے نہیں ملتے ان سے ملنا کسی مقصد کو عبور کرنا ہوتا، اور اپنی روح کی پرورش کے لئے نئے لوگوں سے نئے انداز سے ملنا بہت ضروری ہوتا ہے کیونکہ ہر ایک کے پاس ایک نہ ایک کہانی ماجود ہوتی ہے اور ہمیں اسے سننا چاہیئے، ان سب کی سوچ جدا جدا تھی لیکن دوستی کرنے اور اسے نبھانے کے لئے یکساں ساچنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

چنگال

از

رسمِ الفت

قسط نمبر 5

--------

آسمان پہ اندھیرے کا راج تھا، خاموشی میں ایک دھند چھانے لگی۔۔ طوفان سا اٹھنے لگا ماحول میں چھایا سکوت ختم ہونے لگا، درختوں کے پتے جھڑ کے گرنے لگے تھے اور عجیب سے آوازیں ابھرنے لگی تھیں ان آوازوں سے سب کی آنکھ کھل گئی وہ سب گھبرا کے اٹھے آوازیں اور طوفان بڑھنے لگا، سامنے جلتی آگ کب سے بجھ چکی تھی

"یہ سب کیا ہو رہا ہے؟" عجلت اور ڈر سے نور نے پوچھا

"پتا نہیں کیوں رہا ہے، لیکن اٹھو سب یہاں سے جانا پڑے گا" طٰہ نے سنجیدگی سے کہتے ان سب کو ایک نظر دیکھا وہ سب بھی حد سے زیادہ سنجیدہ لگ رہے تھے

"پتا نہیں یہاں کچھ بھی کو سکتا ہے۔۔" برق نے کہتے قدم بڑھائے اور ہاریکا کے ہاتھ میں تھاما بیگ لیاقت اسے آگے چلنے کا کہا، باقی سب بھی تیز قدموں سے چل رہے تھے۔۔ ہوا بہت سے زیادہ تیز تھی لیکن طوفان تھم سا گیا تھا۔

"کیا مصیبت ہے۔۔" عبیرہ نے غصے سے کہا

باقی سب بھی چل رہے تھے انہیں معلوم نہیں تھا کہ کیا ہونے جارہے یا وہ کدھر جارہے ہیں ان کی رفتار بہت تیز تھی لیکن اب کی بار بھاگے نہیں تھے

"ایک رات تک سکون سے نہیں گزار سکتے.." نور نے بھی نحوست سے کہا

یہ کوئی تم لوگوں کی نانی کا فارم ہاؤس نہیں ہے اور نہ ہی تم لوگ یہاں چھٹیاں منانے آئی ہوئی ہو" طٰہٰ نے ڈپٹنے کے انداز میں کہا جس پہ وہ خاموش ہو گئیں۔

سب سے آگے طٰہٰ اور عبیرہ تھے ان کے پیچھے ہاریکا اور نور تھی ساتھ میں برق اور ساحل بھی تھوڑے سے فاصلے پہ تیز قدموں سے بڑھ رہے تھے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"اب ہم کیا کریں گے ؟" عبیرہ نے ایک بار پھر عادت سے مجبور ہو کر کہا

"ایڈوینچر "یک لفظی جواب آیا ہاریکا کی طرف سے

"اور اس سے کیا ہو گا پاگ ہونے کے علاوہ ؟" اس نے سر جھٹکتے ہوئے کہا

"ایڈونچر خوابوں اور حقیقت کے درمیان پل ہے۔ جب ہم اس پل کے پار چلتے ہیں، تو ہم نامعلوم کو تلاش کر سکتے ہیں اور پوشیدہ عجائبات سے پردہ اٹھا سکتے ہیں۔ ہر قدم کے ساتھ، ہم اپنے عزائم، جذبے اور اہداف کے قریب جاتے ہیں۔ ایڈونچر ہمیں خطرات مول لینے اور جرات

مندانہ فیصلے کرنے کی ہمت دیتا ہے— ایسے فیصلے جو ہماری تقدیر کو تشکیل دینے میں مدد کرتے ہیں" ہاریکا نے ایک جذب سے کہا

"واہ تم بھی ایسی فلسیفانہ باتیں کر لیتی ہو..! حیرت ہے" برق نے آہستہ آواز میں کہاوہ جانتا تھا کہ طہٰ نے سن لیا تو شامت آجانی ہے کیونکہ وہ اس وقت حد سے زیادہ سنجیدہ تھا

"میں اور بھی بہت کچھ کہہ سکتی ہوں اسی زبان سے جو تم سے برداشت بھی نہیں ہونا تو خاموش ہی رہو" ہاریکا نے اسے ڈپٹا

"چلو یہ بھی سہی ہے" اس نے کندھے اچکائے

"کہیں بیٹھنا چاہیے کیا؟ طوفان تو آنے سے پہلے کی چلا گیا۔۔" ساحل نے آسم کی طرف دیکھتے کہا

"نہیں چلتے رہنا چاہیے ۃو سکتا ہے کچھ معلوم ہو جائے اور ویسے بھی حالات کا کچھ علم نہیں کیا ہو جائیں" برق نے اپنی رائے سے آگاہ کیا جس پہ سب متفق بھی ہوئے

ابھی وہ چل ہی رہے تھے کہ آسمان پہ بجلی چمکنے لگی بارش کے امکانات نظر آنے لگے جو کہ ان کے لیے پریشانی کا باعث تھی، مگر وہ دیکھنے کے علاوہ اور کچھ کر بھی نہیں سکتے تھے

ابھی وہ دیکھ ہی رہے تھے کہ تڑتڑ بارش شروع ہو گئی اور لمحہ بہ لمحہ بڑھ ہی رہی تھی اب وہ بھاگے تھے لیکن نیچے چکنی مٹی ہونے کی وجہ سے بھاگنتو کیا ان کا چلنا بھی دشوار ہو گیا، لیکن وہ ہمت نہیں ہار سکتے تھے نہیں اپنی منزل پانی تھی اور اس کے لیے وہ کسی بھی حد تک جاسکتے تھے اور انہیں جانا تھا۔۔ وہ چل ہی رہے تھے کہ ہاریکا رکی۔۔ اس کے رکنے پہ نور اور برق بھی رک گئے

"کیاہوا چلونا" طٰہ نے مڑ کے سختی سے کہا

"ہاریکا چلو دیکھ کر ہی ہو" نور نے اسے کندھے سے پکڑا

" میرا لاکٹ گر گیا ہے" کہتے ہوئے اس کی شکل رونے والی ہو گئی تھی

"اففف ایک لاکٹ ہی تو ہے چھوڑو اور چلو" ساحل نے کہا۔

"وہ صرف ایک لاکٹ نہیں تھا" ایک دم سے وہ ساحل کے ایسے کہنے پہ زور سے چلائی کہ باقی سب بھی حیران رہ گئے

"ہاریکا دیکھو بارش تیز ہو رہی ہے اور بھی کوئی بات نہیں اور لے لینا ایسے ہار ابھی چلو" عبیرہ نے سمجھاتے ہوئے کہا مگر اس کسر نفی میں ہل رہا تھا جیسے جو بھی ہو جائے وہ آگے نہیں چلے گی

" نہیں۔۔۔مجھے مجھے وہ چاہئے ہر حال میں" وہ اندھیرے میں پیچھے مڑی اور زمین پہ کھوجنے لگی لیکن اسے وہاں کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا

"پاگل تو نہیں ہو گئی ہو۔ کہاں جا رہی ہو" طٰہ اور برق اس کے پیچھے آئے تھے

"تم ہمیں بھی اپنے ساتھ مصیبت میں ڈال دو گی" ساحل نے غصے سے کہا

"تو جاؤ تم لوگ چلے جاؤ میں نے نہیں کہا کہ میرے ساتھ ڈھونڈو" ہاریکا نے تنک کر کہا اس کی آواز میں رونے کا عنصر بھی واضح ہو رہا تھا۔۔وہ اس کی شکل تو نہیں دیکھ رہے تھے اس اندھیرے میں لیکن اس کی آواز سے واضح تھا کہ وہ رو بھی رہی ہے جس پہ سب تھوڑا نرم پڑ گئے

" تم لوگ آگے چلو میں اور برق ڈھونڈتے ہیں" ساحل نے ایک لمبا سانس لیا اور خد کے اندر اٹھتے غصے کو قبول کرنے کی کوشش کی اور ساتھ میں برکس بھی اشارہ کیا چلنے کا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"لیکن تم لوگ اکیلے کیسے جاؤ گے واپس یہ خطرے سے خالی نہیں ہے ساحل" طٰہٰ نے پریشانی سے کہا

"کچھ نہیں ہوتا تم لوگ چلو آگے ہم دیکھ لیں گے" سختی سے کہتے کسی کی بھی سنے بغیر اس نے قدم بڑھائے ساتھ میں برق بھی چلا۔۔ہاریکا رو رہی تھی یہ ایسی بھی بات نہیں تھی کہ اس پہ رویا جائے لیکن کیا کہہ سکتے ہیں

" چلو تم لوگ بھی" طٰہٰ نے کہا وہ اس وقت بہت غصے میں لگ رہا تھا وہ ایک دوسرے کو زیادہ تو نہیں جانتے تھے لیکن اب عزیز ہوئے چکے تھے طٰہٰ کو برق اور ساحل کی پریشانی تھی کہ آخر وہ ہار کیسے تلاش کریں گے۔۔ دوسرا اہاتیکہ پہ غصہ تھا لیکن ابھی وہ اسے کچھ کہنا نہیں چاہتا تھا

ہاریکا خود بھی بہت پریشان تھی وہ جانتی تھی یہاں کچھ بھی ہو سکتا ہے اور ان دونوں کے واپس جانے پہ وہ بے حد شرمندہ تھی لیکن وہ خدپہ کنٹرول نہیں کر پائی تھی اب بے حد افسوس ہو رہا تھا بارش تیز ہو چکی تھی وہ پورے بھیگ چکے تھے وہ آتو گئے تھے لیکن انہیں اس دھیرے میں نیچے کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔۔نہ ہی کوئی ٹارچ تھی اور نہ ہی روشنی عجیب دوراہے پہ آ کھڑے ہوئے تھے۔۔ لیکن وَہ ہمت نہیں ہار سکتے تھے۔

"ساحل یار تھوڑی دیر ایک طرف رک جاتے ہیں ذرا روشنی ہو گی تو کچھ دیکھ پائیں گے نا" برق نے مصلحتی انداز میں کہا وہ جانتا تھا کہ ساحل آس وقت شدید غصے میں ہے اسے خد بھی ہاریکا پہ بے حد غصہ آیا لیکن یہ وقت ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے اور غصہ کرنے کا نہیں تھا

"ہمم صحیح" اس نے اثبات میں سر ہلایا تو برق نے سکھ کسانس لیا نہیں تو اسے لگا تھا کہ وہ نہیں رکے گا

وہ چلتے ہوئے آگے آئے اور درختوں کے جھنڈ کے نیچے کھڑے ہو گئے وہاں بھی بارش کے قطرے آرہے تھے لیکن زیادہ درختوں کے وجہ سے بارش کم ہی نیچے آرہی تھی۔۔ ٹھنڈ بھی بڑھ رہی تھی اور وہ خاموش روشنی کے انتظار میں تھے

.....

"بارش کے ہر قطرے میں امید ہوتی ہے اسے تلاش کرنا پڑتا ہے" .

اس خاموش رات میں وہ قدم بہ قدم چل رہے تھے بارش کا زور ٹوٹ چکا تھا، وہ چاروں بھیگ چکے تھے لیکن رکے نہیں تھے کیونکہ وہ رکنا نہیں چاہتے تھے انہیں مسلسل چلنا تھا۔۔ وہ ساحل اور برق کے لئے پریشان بھی تھے کہ وہ کہاں ہوں گے اور کب آئیں گے اور کیا وہ دوبارہ ملیں گے بھی کہ نہیں لیکن اس وقت وہ صبر، دعا اور انتظار کے علاوہ کچھ نہیں کرسکتے تھے۔۔۔ طٰہٰ تو خاموش تھا لیکن نور اور عبیرہ آپس میں دھیمی آواز میں باتیں کر رہی تھی بیچ بیچ میں ہاریکا کو بھی مخاطب کر دیتیں لیکن وہ مکمل خاموش تھی وہ نہیں جانتی تھی کہ اس کے دماغ میں کیا چل رہا ہے اور وہ کیا سوچ رہی ہے، انہوں نے بھی اسے چھیڑنا مناسب نہیں سمجھا۔

"قدرتی خوبصورتی کا خزانہ رکھنے والے قصبے میں یہ سب غیر معمولی تھا، جنگل قدرت کا شاہکار تھا لیکن اس جادو نے اسے غیر معمولی بنا دیا تھا"

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

بارش لگاتار برس رہی تھی مگر ایک بات جو اس سب میں ان کے حق میں تھی وہ آسمان پہ چھاتی روشنی تھی۔۔۔ آسمان پہ جامنی جامنی سی روشنی تھی جس میں وہ دیکھ سکتے تھے وہ اٹھے اور دونوں چلنے لگے ان کا سارا دھیان زمین پہ تھا، وہ وہاں گرا لاکٹ تلاش کر رہے تھے لیکن ابھی تک انہیں ناکامی کا ہی سامنا کرنا پڑا۔۔

وہ آہستہ قدموں سے چل رہے تھے خاموشی سے۔۔۔ کیونکہ اس وقت ان کی حالت بہت خراب ہو چکی تھی ساتھ میں برق اور ساحل کی بھی پریشانی نے گھیر رکھا تھا جو کہ ابھی تک لاپتا تھے اور یہ بھی کہ وہ چاروں بہت آگے آچکے تھے۔

" برق وہ دیکھو کچھ چمک رہا ہے" ساحل نے یک دم پر جوش ہو کر کہا اور قدم اس طرف بڑھائے برق بھی ساتھ میں ہو لیا

"شکر ہے مل گیا نہیں تو اور بھی خوار ہونا پڑتا" برق نے سکون ک سانس لیا

"خوار تو ویسے بھی ساری رات ہوئے ہیں" بات کرتے ساحل کو پھر سے ہاریکا پہ غصہ آیا لیکن وہ پی گیا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اس نے آگے بڑھ کہ وہ ہار اٹھایا اور ابھی واپس مڑنے ہی لگے تھے کہ انہی۔ ایسا لگا جیسے کو سامنے سے بھاگ کے گزرا ہے، وہ دونوں چوکنے ہو گئے

" ساحل تمہیں لگا کہ وہاں سے کوئی بھاگ کے گیا ہے؟" برق نے سرگوشی کی

"چپ کرو اور تیز چلو وہاں کوئی موجود ہے" ساحل نے پریشانی سے کہا

"ہاہاہا۔" ابھی انہوں نے بات کی کی تھی کہ ایک نسوانی قہقہ گونجا وہ دونوں گھبرائے

"مڑ کے دیکھنا نہیں۔اور بھاگ" اس سے پہلے کہ برق پیچھے مڑ کے دیکھتا ساحل نے اسے ٹوکا وہ دونوں بھاگنے لگے۔۔۔۔کافی بھاگنے کے بعد ان کا سانس پھول چکا تھا لیکن وہ رکے نہیں

"لگتا ہے کوئی نہیں ہے اب" برق نے ساحل سے کہا

"لگ تو یہی رہا ہے" ساحل نے پلٹ کہ دیکھتے ہوئے جواب دیا

"چلو اب" ساحل نے قدم بڑھائے آسمان پہ روشنی پھیلنے لگی تھی وہ اب دھیمے قدموں سے چل رہے تھے لاکٹ اس وقت ساحل کی پاکٹ میں تھا وہ دونوں آگے پیچھے چل رہے تھے کچھ لمحوں بعد برق پلٹ کہ دیکھ لیتا کہ آیا کوئی وہاں موجود ہے یا نہیں، لیکن ایک بات کے علاوہ اسے وہاں کسی کی جھلک نا دکھائی دی۔

"پتا نہیں کس طرف گئے ہوں گے وہ سب" برق کو ایک نئ پریشانی نے گھیرا

"نیچے دیکھو پاؤں کے نشان ہیں ہمیں بس ان کو فالو کرنا ہے" مٹی میں پنے نشانوں کی طرف اشارہ کیا، برق کو تھوڑی ڈھارس ملی۔۔۔۔ابھی انہیں چلتے ہوئے تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ ایک ساتھ کچھ چیخیں بلند ہوئیں جس پہ وہ دونوں گھبرائے۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

'یہ تو نور لوگوں کی آوازیں لگ رہی ہیں" برق نے اپنے اندازے سے کہا

" پتا نہیں تیز چلو" ساحل کو بھی پریشانی کوئی۔

ایک بار پھر کہیں سے چیخوں کی آوازیں بلند ہونے لگی تھیں اور اس بار آواز تھوڑے قریب سے آئی تھی۔۔وہ آگے کو بھاگے تھے۔

----

"عبیرہ تیز بھاگو" طٰہٰ نے اسے جھڑکا

ہاریکا اور نور آگے تھیں اور پیچھے طٰہٰ اور عبیرہ تھے اور ان کے پیچھے ایک کتیا تھی جس کی آنکھیں اتنی سرخ تھیں ایسے معلوم ہو رہا تھا جیسے خون بہہ رہا ہے۔۔۔ اور اس کے ساتھ چلتی ایک عجیب سے ہلیے والی لڑکی بھی تھی، یہ لوگ بھاگ رہے تھے اتنی تیزی سے اور وہ چل رہی تھی پھر بھی وہ ان کے خاصے قریب تھی ایسے لگ رہا تھا اس کے قدموں کے نیچے زمین کم ہو رہی ہے۔۔۔ وہ چاروں جہاں سے چلے تھے اسی طرف دوبارہ پلٹ کے بھاگ رہے تھے۔۔ نور گری اور بہت زور سے گری، اس کے گرنے پہ ہاریکا جلدی سے جھکی تھی اسے اٹھانے نور بھی لڑکھڑاتے قدموں سے اٹھی تھی وہ نہیں جانتی تھی کہ کیسے گری ہے اور کہاں چوٹ آئی ہے، یہ وقت بھی نہیں تھا دیکھنے کا وہ بھاگ رہی تھی لیکن درد کی ٹیسیں اٹھ رہی تھیں۔

ابھی وہ آگے آئی تو سامنے سے برق اور ساحل بھی دوڑتے ہوئے آ رہے تھے انہیں نا سمجھی سے بھاگتے ہوئے دیکھنے لگے۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"بھاگو یہاں سے" ابھی وہ سمجھ ہی نہیں پائے تھے کہ طٰہٰ نے انہیں جھٹکتے ہوئے کہا۔۔ جس پہ ان کی نظر پیچھے گئی وہاں ایک عجیب سے ہلیے میں ایک لڑکی چلتی ہوئی آ رہی تھی ساتھ میں ایک کتیا بھی تھی۔

وہ سارا معاملہ سمجھ تو گئے لیکن ساحل اپنی جگہ سے ہل نہ پایا۔۔۔۔

" چلو سوچ کیا رہے ہو؟" برق نے اسے اپنے جھنجھوڑا

" وہ لڑکی۔۔۔" اس نے ہاتھ سے اشارہ کیا اس کے اشارے کو سمجھتے طٰہٰ اور برق نے بھی دیکھا وہاں وہ لڑکی ایک طنزیہ مسکراہٹ لئے کھڑی تھی۔۔ نور، ہاریکا وت عبیرہ ان کے پیچھے ہو کر کھڑی ہو گئیں۔

اب سین یہ تھا کہ سامنے وہ لڑکی تھی اور انہیں ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ ایک قدم آگے آئی ان لوگوں نے دو قدم پیچھے کو لئے، وہ مسکراتے ہوئے پھر ایک قدم آگے آئی یہ چار قدم کے فاصلے پہ کھڑے ہوئے۔

"تو تم لوگ یہاں سے نکلے کا راز جان چکے ہو" گہری نظروں سے دیکھتے کہا یہ سول نہیں تھا وہ جانتے تھے

"اور یہ سمجھ رہے ہو کہ تم لوگ یہاں سے نکل جاؤ گے۔۔؟" وہ کہتے ہوئے ایک دم سے آگے بڑھی جو پہ وہ سب گھبرا گئے لیکن جواب کسی نے کوئی بھی نہیں دیا

"تم لوگ کچھ بھی نہیں پا سکتے ایک چیز بھی نہیں۔۔۔سنا تم نے ایک بھی نہیں۔" وہ یک دم چلائی تھی۔۔ بارش بھی تھم چکی تھی لیکن سرد ہوا کے جھونکے انہیں ٹھٹھرنے پہ مجبور کر رہے تھے

تم لوگ یہاں سے کبھی بھی واپس نہیں جا سکتے، یہیں رستہ تلاش کرتے کرتے مر جاؤ گے" وہ کہتی پلٹی اور ابھی وہ دیکھ ہی رہے تھے اسے کہ وہ غائب ہو گئی۔۔۔وہ سب چونک گئے، حیران اور پریشان رہ گئے کہ آخر کو وہ آئی کہاں سے اور گئی کہاں۔

ابھی وہ اسی کیفیت میں تھے کہ آواز پہ پلٹے اور سہی پریشان تو وہ اب ہوئے تھے

" برق برق۔۔۔!" طٰہٰ اور ساحل اس کے قریب بیٹھے اسے جھنجھوڑ رہے تھے لیکن وہ بے حس و حرکت پڑا ہوا تھا

"اسے کیا ہوا؟" عبیرہ نے گھنگ ہوتے پوچھا

" معلوم نہیں" ساحل نے نفی میں سر ہلایا ساتھ ہی میں اسے بھی ہلا رہے تھے اسے آوازیں بھی دے رہے تھے لیکن وہ کوئی رسپانس نہیں دے رہا تھا

" اب کیا کریں؟" طٰہٰ نے ساحل کو سوالیا انداز میں دیکھا

"پہلے تو اسے ہوش میں لانا ہو گا۔۔ پانی نہیں کسی کے پاس؟" ساحل نے انہیں پوچھا لیکن کسی کے پاس کچھ بھی نہیں تھا

" میں دیکھتی ہوں۔۔" ہاریکا نے اپنی شرمندگی کو چھپاتے ہوئے کہا

" ہوں بہتر...!" ساحل نے سر جھٹکا وہ اس وقت اسے منہ نہیں لگانا چاہتا تھا۔۔۔ ہاریکا پانی ڈھونڈنے آگے بڑھ گئی

" تم دونوں بھی جاؤ اس کے ساتھ " طٰہٰ نے عبیرہ اور نور کی طرف دیکھ کر کہا

عبیرہ تو اس کے پیچھے گئی لیکن نور سے ایک قدم بھی چلنا دشوار تھا۔۔۔ عبیرہ نے اسے دیکھا تو اسے وہیں بیٹھنے کا اشارہ کرتی خود ہاریکا کے پیچھے چلی گئی۔۔۔ نور وہاں ایک طرف گیلے سے پتھر پر بیٹھ گئی ویسے بھی اس وقت وہ سب سر سے پاؤں تک بھیگے ہوئے تھے۔۔۔ سردی حد سے سوا تھی لیکن وہ اس کا کوئی حل نہیں نکال سکتے تھے کیونکہ انہیں ابھی اس سے بڑے مسئلے کا حل نکالنا تھا وہ نہیں جانتے تھے کہ برق کو ہوا کیا ہے اور اسے اب ہوش میں کیسے لانا ہے۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

------

وہ دونوں چلتی جا رہی تھیں مگر انہیں کوئی پانی نظر نہ آیا، اب پریشانی اور بڑھ چکی تھی لیکن وہ ایسے بنا پانی کے واپس بھی نہیں جانتی تھیں۔۔ لیکن ایک بات جو اچھی تھی وہ آسم پہ پھوٹتی ہوئی روشنی تھی ورنہ رات کے گہرے اندھیرے میں پانی تلاشنا مشکل تھا۔

"ہاریکا ہم کہاں رکے تھے رات کو وہاں تو چشمہ تھا نہ۔۔" عبیرہ کے ماتھے پہ بل پڑ چکے تھے

"تھا تو سہی لیکن میں نہیں جانتی کہ کدھر رکے تھے اور بھاگے کدھر کی طرف تھے" اس کی آواز میں پریشانی کا عنصر نمایاں تھا

"اللہ ہی مدد کرے پتا نہیں نا کہاں پھنس کر رہ گئے" وہ ادھر ادھر دیکھتے کہے جا رہی تھی مگر کریک نے کوئی جواب نہ دیا

ابھی چلتے ہوئے وہ اور آگے آئیں ہی تھیں کہ انہیں پیچھے سے کچھ کھٹکے کی آواز آئی

"عبیرہ کچھ سنائی دیا ہے؟" ہاریکا نے خوف سے کہا

"ہمم پیچھے مت دیکھنا اور چلو" ڈر تو عبیرہ بھی رہی تھی لیکن انہیں خود کو مضبوط کرنا تھا

"وہ دیکھو سامنے پانی ہے، لیتے ہیں اور واپس بھاگتے ہیں" ہاریکا نے بھی خود کو مضبوط کیا

وہ آگے آئیں اور وہاں سے ایک بوتل پانی کی بھری اور واپس مڑیں۔۔۔ لیکن سامنے ہی اس بچی کو کھڑے دیکھ کے دونوں کی ٹونگوں سے جیسے سانس تک لینا مشکل ہو گیا، دل دھڑکنا بھول گی ہو جیسے وہ دونوں بے سختہ پیچھے ہوئیں۔۔۔ لیکن ان کے سنبھلنے سے بھی پہلے اس بچی نے ہاتھ میں پکڑی کوئی چیز پھینکی جو کہ ہاریکا کے کندھے پہ جا کہ لگی۔۔۔ پورے جسم میں درد کی ایک تیز لہر

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

دوڑ گئی لیکن یہ وقت رونے دھونے جنہیں تھا اس نے بازو کے زخم سے ہاتھ ہٹایا تو وہ پورا سرخ ہو چکا تھا.. لیکن ان کے دوبارہ سامنے دیکھنے سے پہلے وہ ایک جھونکے سے غائب ہو چکی تھی ۔۔

عبیرہ ہاریکی طرف متوجہ ہوئی

" کیا ہوا زیادہ خون بہہ رہا ہے کیا؟" عبیرہ نے دیکھنا چاہا

"چلو واپس اس سے پہلے کچھ اور ہو" ہونٹوں کو آپس میں پیوست کرتے بوتل کی طرف اشارہ کیا جو کہ گر چکی تھی

"ہمم چلو۔" عبیرہ نے بوتل اٹھائی اور واپسی کی طرف چلیں، وہ جلد از جلد باقی سب کے پاس جانا چاہتی تھیں کیونکہ ڈر ان پہ حاوی ہو رہا تھا

----

"اب کیا کریں گے یار اس کا؟" طٰہٰ کو حد سے زیادہ پریشانی ہو رہی تھی

" صبر کرو کچھ تو کر ہی لیں گے" ساحل اس کے پاس ہی کھڑا تھا اتنی دیر میں عبیرہ اور ہاریکا واپس آتی ہوئیں نظر آئیں

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"یہ پانی۔۔" ہاریکا نے بوتل طٰہٰ کو تھما دی

طٰہٰ نے پانی لے کر کچھ چھینٹے برق کے منہ پہ ڈالے لیکن اس میں کوئی حرکت نہیں ہوئی، اب کے انہیں سہی معنوں میں ٹینشن ہوئی۔

"ہاریکا یہ کیا ہوا ہے؟" نور کا دھیان ہاریکا کی طرف گیا تو خون دیکھ کے بولی۔۔ جس پہ اس نے ساری بات اس کے گوش گزار کر دی

'اللہ کیا ہو رہا ہے۔" نور کو افسوس ہوا

ابھی وہ باتیں کر ہی رہی تھیں کہ ہاریکا کی نظر ایک طرف کیچڑ میں پڑی ایک چمکتی چیز پہ گئی، وہ جھکی اور وہ اٹھایا جو کہ اس کا لاکٹ تھا۔۔اس کے بازو سے بہتا ہوا خون اس ہار پہ لگ گیا۔

" پانی چاہیئے۔۔" ہاریکا نے طٰہٰ کے ہاتھ میں پکڑی بوتل کی طرف اشارہ کیا

اس کے پانی مانگنے پہ ساحل نے بھی اس کی طرف دیکھا

" یہ کیا ہوا ہے ؟" اس کے اس کے زخم کے بارے میں دریافت کیا۔۔۔ابھی وہ اسے کوئی جواب ہی دینے لگی تھی کہ ہاریکا کے ہاتھ میں پکڑا لاکٹ گرا، وہ اسے اٹھانے کے لئے جھکی لیکن اس سے پہلے ہی اس میں سے ایک روشنی کی لہر نکلی جس سے اس کی آنکھیں چندھیا گئیں۔۔وہ گھبرا کے پیچھے ہوئی

"کیا ہوا؟" نور نے اس کے اچھلنے پہ حیرت سے کہا

"وہ اس لاکٹ میں سے کچھ نکلا تھا کیا تم لوگوں نے نہیں دیکھا؟" اس سے حیرت سے کہا

" نہیں تو ہمیں کچھ نہیں نظر آیا" طٰہٰ نے اس کے لاکٹ کو دیکھتے ہوئے جواب دیا

وہ دوبارہ اٹھانے ہی لگی تھی کہ ایک تیز روشنی ابھری۔۔۔اب کی بار وہ سب کو دکھی تھی

"ہاتھ مت لگانا اسے" ساحل نے اسے سختی سے ٹوکا۔۔۔ جس پہ وہ پیچھے ہوئی لیکن وہ سب اسے غور سے دیکھ رہے تھے۔

"یہ کیا تھا اس میں ہاریکا؟" نور نے اس سے پوچھا

"میں نہیں جانتی کہ کیا تھا" وہ خود حیران تھی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

" یہ تمہارا لاکٹ ہے اور تم اسے کھونا بھی نہیں چاہتی تھی کچھ تو تھا اس میں جس کے بارے میں صرف تم جانتی ہو، ہمیں سچ سچ بتاؤ کیا ہے یہ؟" ساحل نے کب سے دبایا ہوا غصہ اس پہ نکالا۔۔ لیکن اسی لمحے میں ایک بار پھر روشنی کی لہر نکلی اور پھر نکلتی ہی گئیں۔۔ روشنی اتنی بڑھ گئی کہ ان کا دیکھنا دشوار ہو گیا۔۔۔ کچھ لمحے ایسے ہی رہے اور پھر وہ روشنی مدھم ہونے لگی اور کم ہوتے ہوتے ختم ہو گئی، ان سب نے آس پاس دیکھا سب ویسے کا ویسا ہی تھا لیکن ایک چیز جو خوش گوار تھی وہ برق تھا جو بیٹھنے کی کوشش کر رہا تھا۔

"برق تم ٹھیک ہو؟" طٰہٰ نے اسے کھڑا ہونے میں مدد دی

"ہاں ٹھیک ہوں۔۔" اس نے ایک نظر انہیں دیکھ کے تسلی دی

" تمہیں ہوا کیا تھا؟" ساحل نے اسے غور سے دیکھتے پوچھا

" یار پتا نہیں مجھے خود بھی معلوم نہیں۔۔" برق نے سر پہ ہاتھ پھیرتے ہوئے لاعلمی کا اظہار کیا

" تمہیں کیا ہوا ہے؟" برق کا دھیان ہاریکا کی بازو کی طرف گیا، جس پہ عبیرہ نے ساری بات بتا دی۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"اس کو باندھو خون زیادہ نہ بہہ جائے" برق نے کہا

"نہیں خون رک چکا ہے اب" ہاریکا نے لاپرواہی سے کہا

"ہمم اب چلیں؟" ساحل نے آگے قدم بڑھائے باقی سب نے بھی اس کی تقلید کی

سب خاموشی سے چلنے لگے نور کے پاؤں میں بہت درد تھا لیکن مجبوری تھی اسے چلنا تھا وہ رک نہیں سکتی تھی۔۔ ہاریکا نے کسی کو بھی بتائے بغیر چھپکے سے اپنا لاکٹ اٹھا لیا تھا

وہ اب کہ دھیرے دھیرے چل رہے تھے، آسمان پہ روشنی چھانے گی تھی لیکن وہ سب خاموش تھے اب کی بار کوئی بھی بول نہیں رہا تھا۔

زندگی کا مقصد یہ ہے کہ اسے جینا، تجربے کا خوب مزہ چکھنا، نئے اور بھرپور تجربے کے لئے بے تابی اور خوف کے بغیر آگے بڑھنا۔

"ایک ایڈوینچر اپنے آپ میں قابلِ قدر ہوتا ہے"۔

وہ چلتے ہوئے تھوڑا ہی آگے آئے تھے کہ رستہ ختم ہو چکا تھا، اور سامنے ایک گُفا تھی اس کے علاوہ اور کوئی رستہ نہیں تھا۔۔ وہ اس غار کے دھانے پہ کھڑے تھے۔ فیصلہ مشکل تھا لیکن انہیں لینا تھا

۔

" کیا واپس جائیں؟" ساحل نے جیسے خود سے سوال کیا

" پیچھے کیا ہے؟" برق نے سرگوشی کی

"کچھ بھی نہیں.." طٰہ نے نفی میں سر ہلایا

"میں ایسے ہی غار سے اندر آئی تھی ہو سکتا ہے یہ واپسی کا رستہ ہو؟" نور نے پاؤں کے درد کو نظر انداش کرتے ہوئے کہا

"ہو سکتا ہے اور نہیں بھی ہو سکتا" طٰہ نے فکریہ لہجے میں جواب دیا

" جانا تو پڑے گا" برق نے کہا اور قدم آگے بڑھا دیئے۔۔ باقی سب نے بھی اس کی تقلید کی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

وہ اس غار میں چل رہے تھے، اندھیرا بہت گہرا نہیں تھا کہ وہ کچھ دیکھ ہی نہ پاتے اس لئے وہ آسانی سے چل رہے تھے۔۔۔ جہاں تک ان کی نظر جا رہی تھی وہاں غار ہی تھا کوئی سرا نظر نہیں آ رہا تھا وہ چلتے رہے۔

ایک ایڈوینچر وہ راستہ ہے جو ہمیں اپنے حقیقی مقصد کو تلاش کرنے، اپنی صلاحیتوں کو کھولنے اور زندگی میں تکمیل تلاش کرنے کے قریب لے جاتا ہے۔

وہ سفر کر رہے تھے زندگی سے بچنے کے لئے نہیں بلکہ زندگی کے لئے سفر کر رہے تھے کہ وہ ہم سے بچ نہ سکے۔

خاموشی ہی خاموشی تھی کسی قسم کی کوئی آواز نہیں تھی اور نہ ہی وہ آپس میں کلام کر رہے تھے، سب اپنی اپنی سوچ میں ڈوبے قدم بہ قدم چل رہے تھے ان کو چلتے ہوئے کافی وقت گزر گیا۔

سامنے تیز روشنی کی ایک جھلک نظر آئی وہ سب چونکنے ہو گئے کیونکہ وہاں ضرور ایسا کچھ تھا جس پہ وہ حیرت کی گہرائیوں میں ڈوبنے والے تھے۔۔ غیر ارادہ طور پر اس کے قدموں میں تیزی آئی شاید وہ جلد از جلد جانا چاہتے تھے

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

اور پھر وہ اس غار کے اختتام پر پہنچ گئے۔

انہیں بہے زیادہ حیرت نہیں ہوئی تھی کیونکہ وہ جانتے تھے یہاں کچھ عجیب ہی دیکھنے کو ملے گا، ہر طرف برف ہی برف تھی۔۔ جہاں تک نظریں ٹکرا رہی تھیں وہاں تک برف کے علاوہ کچھ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔

"چلو جی اس کی کمی تھی بس" برق نے ایک لمبی سانس لی" اس پاگل نے ہمیں لگا دیا لیکن یہ نہیں بتایا کہ ہم چیزوں کو تلاش کیسے کریں گے" عبیرہ نے جھنجھلا کر کہا

"مل جائے گا کچھ نہ کچھ" برق خود پر امید تھا کہ انہیں امید دلا رہا تھا کوئی سمجھ نہ پایا

"بس بنا رکے چلتے جاؤ" طٰہ نے کہتے باری باری سب کے چہرے دیکھے، جہاں نا مہدی ہی چھائی ہوئے تھی

وہ سب چل رہے تھے ہر طرف برف ہی برف تھی ہوائیں اور ٹھنڈی ہو چکی تھی اوپر سے ان کے کپڑے بھی بھیگے ہوئے تھے

ایڈوینچر خوابوں اور حقیقت کے درمیان ایک پل ہے جب ہم اس پل کے پار چلتے ہیں تو ہم نامعلوم کو تلاش کر سکتے ہیں پوشیدہ عجائبات سے پردہ اٹھا سکتے ہیں ہر قدم کے ساتھ ہم اپنے عزائم اور اہداف کے قریب جاتے ہیں ایڈونچر ہمیں خطرات مول لینے اور جراتمندانہ فیصلے لینے کی ہمت دیتا ہے اس سے فیصلے جو ہماری تقدیر کو تشکیل دینے میں مدد کرتے ہیں۔ جب ہم ایڈونچر کا تجربہ کرتے ہیں تو ہم اپنے اپ کو موجودہ لمحے میں پاتے ہیں اور زندگی کا تمام خوبصورتی سے خطرات میں ہوتے ہوئے بھی مزہ لیتے ہیں۔

ہر طرف برف کی سفیدی چھائی ہوئی تھی انہیں دور سے کچھ اپنی طرف آتا ہوا دکھائی دیا لیکن وہ سہی سے دیکھ نہیں پا رہے تھے۔

" مجھے لگ رہا ہے کوئی عجیب سی چیز ہے!" برق نے فوکس کرتے ہوئے کہا سب ایک لائن میں کھڑے دور دیکھ رہے تھی۔۔۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"ہمیں بھاگنا چاہئے یہ تو برفانی تیندوا ہے" ہاریکا نے گھبراتے ہوئے کہا

"ہیں ں ں! وہ کیا ہوتا ہے؟" عبیرہ نے ناسمجھیں سے پوچھا

"یہ 'سنو لیپرڈ' یعنی برفانی تیندوئے ہیں جو بہت شاطر اور انتہائی خطرناک ہوتے ہیں۔ برفیلے اور پہاڑی علاقوں میں رہتے ہیں۔ انگریزی میں اسے 'گرے گھوسٹ' یعنی بھورا بھوت کہتے ہیں۔ یہ بمشکل دکھائی دیتے ہیں اور ان کو دور سے دیکھ پانا بہت ہی مشکل ہوتا ہے۔" ہاریکا نے تھوڑا تفصیلی جواب دیا

"تو اب کیا کریں گے؟ وہ تو قریب آرہا ہے" نور نے گھبرا کہ کہا

"بھاگووو..!" ہاریکا نے کہتے دوڑ لگائی تھی اس کے پیچھے پیچھے باقی سب بھی دوڑنے لگے

"نور تیز بھاگو وہ اسی طرف آرہا ہے" برق نور کو سب سے پیچھے دیکھ کہ چلایا

"مجھ سے نہیں بھاگا جارہا" آنسو اس کے گالوں پہ بہنے لگے وہ بھاگ تو رہی تھی لیکن پاؤں میں درد کی لہریں برداشت نہیں ہو رہی تھیں۔ لیکن تھوڑا اور بھاگنے کے بعد وہ ہمت ہار گئی

"نورررر۔۔۔!" رکو مت بھاگو ساحل نے غصے سے کہا

"تم لوگ جاؤ" نور نے پلٹ کے دیکھا وہ جانور قریب آرہا تھا

'پاگل واگل تو نہیں ہو گئی؟"ہاریکا رکی باقی سب آگے آگے تھے

"ہاریکا مجھ سے چلا بھی نہیں جارہا میں بھاگ نہیں سکتی" وہ بے بسے سے رونے لگی

"اچھا سنو میری بات دیکھو یہ آخری لڑائی ہے ہاں اس کے بعد ہم واپس چلے جائیں گے تم ہمت نہیں ہار سکتی اس وقت سب سے امپورٹنٹ بات یہ ہے کہ تم خود کو اس سچویشن سے کیسے نکالتی ہو

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

۔۔۔ تم نے خود کو ٹوٹنے نہیں دینا۔۔۔۔ بکھرنے نہیں دینا کیونکہ کوئی بھی تمہیں جوڑنے نہیں آئے گا خود کو خود ہی سمیٹنا اور دوبارہ سے تعمیر کرنا پڑے گا۔۔۔۔

اسی لیے خود کو مضبوط کرو، کیونکہ تمہیں خود کو آزاد کروانا ہے۔۔۔۔ ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا جب بھی کوئی عورت اپنے لیے کھڑی ہوتی ہے تو وہ تمام عورتوں کے لیے کھڑی ہوتی ہے۔۔۔۔ عورت مکمل دائرہ ہے اس کے اندر تخلیق، پرورش اور تبدیلی کی طاقت ہے، دنیا کو مضبوط خواتین کی ضرورت ہے۔۔۔۔ وہ خواتین جو دوسروں کو اٹھائیں گی اور بنائیں گی، جو پیار کریں گی اور ان سے پیار کیا جائے گا، وہ عورتیں جو بہادری کے ساتھ زندگی بسر کریں گی، نرم اور سخت دونوں، ناقابل تسخیر خواتین۔ سب سے زیادہ بہادر چیزوں میں سے ایک جو آپ کر سکتے ہیں وہ ہے اپنے آپ کو پہچاننا، جاننا کہ آپ کون ہیں، آپ کس چیز پر یقین رکھتے ہیں اور آپ کہاں جانا چاہتے ہیں۔۔ زندگی ہم میں سے کسی کے لیے آسان نہیں ہے۔ لیکن ہمیں ثابت قدم اور سب سے بڑھ کر خود پر اعتماد ہونا چاہیے ہمیں یقین کرنا چاہیئے کہ ہم کسی چیز کے لئے تحفے میں ہیں اور یہ چیز حاصل ہونی چاہیئے۔ سب سے بڑھ کر، اپنی زندگی کی ہیروئن بنیں، شکار نہیں۔۔۔۔ اپنے آپ کے پہلے درجے کا ورژن بنیں، نہ کہ کسی اور کے دوسرے درجے کا ورژن۔ سمجھی! "

ہاریکا نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے اسے ہمت دلائی

"چلو نور وقت نہیں ہے تم کر سکتی ہو" ساحل نے اسے ہمت دلائی وہ بھیگی آنکھوں سے مسکرائی اور بھاگی.

عبیرہ بھاگتے بھاگتے گری لیکن پھر اٹھ کے بھاگنے لگی تھی انہیں آج بھاگنا تھا۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"مجھے لگا تھا کہ جنگل سے جان چھوٹی اب یہاں سے رستہ تلاش کرنا آسان ہو گا لیکن یہ تو ویسا ہی لگ رہا ہے بلکہ اس سے بھی مشکل" برق نے بھاگتے ہوئے تبصرا کیا

'پہاڑ وہ آخری جگہ ہے جہاں انسان واقعی جنگلی محسوس کر سکتا ہے۔" ہاریکا نے اس کو جواب دیتے اسے کراس کیا

" تم یہاں اسے مات نہیں دے سکتے برق" طہٰ نے کہتے قدم آگے بڑھائے۔۔اب سب سے آگے ہاتیکتھی پیچھے ساحل اس کے پیچھے عبیرہ اور طہ پھر برق اور نور سب سے آخر میں تھی وہ سیکسی جگہ پہنچ چکے تھے جہاں ایک طرف برفانی پہاڑ اور دوسری طرف کھائی تھی وہ وہاں پہ بھاگ نہیں سکتے تھے وہ جانور بھی کہیں پیچھے رہ گیا تھا اب وہ ایک لائن میں چل رہے تھے اب تو وہ جیسے برف سے جمنے لگے تھے لیکن انہیں چلتے رہنا تھا وہ رک نہیں سکتے تھے جب تک کہ کوئی سہی سی جگہ نہ مل جائے۔۔

ان کی چلتے چلتے طوفان سا اٹھنے لگا اور اس بار برفانی طوفان تھا اور وہ ان کی جان لے سکتا تھا۔

"کیا ہوا کیا کوئی آئیڈیا نہیں اب کیا کریں گے ؟ ویسے تو بہت پہاڑ فتح کئے ہیں" ساحل نے ہاریکا کو ٹونٹ مارا

"ہم پہاڑ کو فتح نہیں کر سکتے، کیونکہ وہ ہمارے آگے موجود رہے گا۔ تاہم، اگر احتیاط نہ کی جائے تو ایک پہاڑ ہمیں کو فتح کر سکتا ہے۔" ہاریکا نے کہتے باقی سب کو دیکھا اور آگے آگے چلنے لگی اب اس کی عزت کا سوال تھا

"سیدھا سیدھا بولو کہ یہ پہاڑ مار دے بہنیں یہ فتح کرنا کیا ہوتا ہے" برق نے آبرو اچکائے

"کیوں تم ڈر رہے ہو؟" طٰہ نے اس کے کندھے پہ ہاتھ رکھا

"ڈر نہیں خوف"

"ایک ہی بات ہے" طٰہ نے سر کو ہلایا

وہ چل رہے تھے پریشان، خوفزدہ اور تھکے ہوئے۔

ہاریکار کی آنکھیں بند کیں اور ایک لمبا سانس کھینچا۔۔۔

"تم ہاریکا آیان ہو۔۔۔

تم نے کئی پہاڑ سر کئے ہیں

تمھارا جنوں ہیں یہ پہاڑ

تم تلاش کر سکتی ہو۔۔

سوچو...

کچھ الفاظ گونجے تھے۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"اگر آپ کو پہاڑ کا سامنا ہے، تو آپ کے پاس کئی اختیارات ہیں۔ آپ اس پر چڑھ کر دوسری طرف جا سکتے ہیں۔ آپ اس کے ارد گرد جا سکتے ہیں. آپ اس کے نیچے کھود سکتے ہیں۔ آپ اس پر اڑ سکتے ہیں۔ آپ اسے اڑا سکتے ہیں۔ آپ اسے نظر انداز کر سکتے ہیں اور دکھاوا کر سکتے ہیں کہ یہ وہاں نہیں ہے۔ آپ مڑ سکتے ہیں اور جس طرح سے آئے ہیں واپس جا سکتے ہیں۔ یا آپ پہاڑ پر رہ کر اسے اپنا گھر بنا سکتے ہیں۔"

یک دم اس نے آنکھیں کھولیں اسے جیسے امید مل گئی تھی انہی برف کو کھودنا تھا یا ایسی جگہ تلاش کرنی تھی۔

وہ دوبارہ چلنے لگے ہم جو انتخاب کرتے ہیں وہ حقیقی تجربات کی طرف لے جاتے ہیں۔ پہاڑ پر چڑھنے کا فیصلہ کرنا ایک چیز ہے۔ اس کے اوپر ہونا بالکل اور ہے اور اس میں قید ہو جانا ایک الگ چیز ہے"

تھوڑا آگے جا کہ پہاڑ ختم ہو رہا تھا رستہ اپنے اختتام کو پہنچ چکا تھا

وہ چلتے ہوئے آگے کونے تک آئے۔۔ وہ سب کنارے پہ کھڑے ہوئے تھے اونچائی، ٹھنڈی ہوائیں۔۔ برف باری اور دہشت ناک آوازیں

نور پلٹی اور ایک طرف ایک غار دکھائی دیا

"وہ دیکھو" نور نے پرجوش ہو کہ کہا باقی سب بھی متوجہ ہوئے اور پلٹ کہ ایک ایک کر کے اندر جانے لگے وہ غار اندر سے کافی بڑا تھا، وہاں ایک طرف لکڑیوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا اور پاس میں موم پھلیاں بھی کافی سے زیادہ مقدار میں موجود تھیں۔۔ وہ ہر ایک چیز کو غور سے دیکھ رہے تھی

"ایسا لگتا ہے ہمارے آنے سے پہلے یہاں کوئی تھا" طٰہٰ نے اندازہ لگایا

"ہاں لگ تو ایسا ہی رہا ہے" ساحل نے اس کی تائید کی

"شکر ہے جگہ ملی ہے ہمیں کیا جو کوئی بھی تھا پہلے" نور نے پاؤں کو ایک ہاتھ سے دباتے ہوئے کہا

"آگ جلاؤ یار" طٰہٰ نے ساحل کو مخاطب کیا

برق نے موم پھلیوں میں سے کچھ اٹھا کہ چھیلیں

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

" کیا پتا اس میں کوئی شہروہر ہو۔۔ مر مرا جاؤ گے" نور نے اسے چھیڑا

پھر تم ایک ٹرائے کرو اگر تم مری تو میں نہیں کھاؤں گا" کہتے ہوئے برق نے دو تین منہ میں ڈالیں

" تم کھاؤ میں کیوں مروں" کہتے ہوئے اس نے آنکھیں موندے لیں ہاؤں میں شدید درد تھا لیکن شکر تھا کہ آگ کا سامان موجود تھا

وہ سب خاموشی سے بیٹھے ہوئے تھے اور اس وقت وہ کچھ بھی سوچنا نہیں چاہتے تھے اور ویسے بھی یہاں سوچنے کا کوئی فائدہ بھی نہیں تھا یہ تو وقت نے ہی بتانا تھا کہ آگے کیا ہونے والا ہے وہ واپس جاسکیں گے بھی یا نہیں۔

"مجھے تو خوف آرہا ہے اس پہاڑ سے تم کیا تلاش کرتی ہو یہاں آ کے ہاریکا؟" برق نے سوال داغا وہ کسی سچویشن میں بھی ہو لیکن وہ زیادہ دیر خاموشی نہیں سادھ سکتا تھا

"پہاڑ سکھاتے ہیں کہ اس دنیا کی ہر چیز کو عقلی طور پر بیان نہیں کیا جاسکتا۔" ہاریکا نے اپنا رخ برق کی طرف کرتے ہوئے جواب دیا

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

"یہ تو ہے یہاں آ کے عقل کام کرے گی تب نا فریز ہو جاتا ہے دماغ" اس کے جواب پہ سب مسکرائے تھے

"تم ٹینشن نا لو تمہارا دماغ ویسے بھی کام نہیں کرتا" ساحل نے بھی اسے گھسیٹنا ضروری سمجھا

"ایک پہاڑ کو سر کرنے کے بعد کسی بھی کوہ پیما کے ذہن میں پہلی بات کیا آتی ہے؟"نور نے سوال کیا

"ایک نیا پہاڑ تلاش کرنا ہے"

"پھر تو پاگل ہیں سارے کوہ پیما" ہاریکا کی بات ختم ہوتے ہی ساحل نے کہا لیکن ہاریکا نے جواب نہیں دیا باقی سب بھی خاموش ہو گئے باہر دھیرے دھیرے اندھیرا چھانے لگا وہ نہیں جانتے تھے کون سا وقت ہے کیا ہونے والا ہے انہیں کیسے نکلنا ہے کچھ بھی نہیں، ہاریکا نے لاکٹ ہاتھ میں اٹھایا اس میں سے اس کا نگ گر چکا تھا وہ نہیں جانتی تھی کہاں لیکن شکر وہ لاکٹ نہیں کھو گیا تھا اس پہ آسی کے خون کے دھبے بھی لگے ہوئے تھے لیکں وہ پر سکون تھی کہ وہ اس کے پاس تھا ۔۔اس کے بازو میں درد تھا لیکن وہ کچھ نہیں کر سکتی تھی وہ لاکٹ دوبارہ سے پاکٹ میں رکھا اور آنکھیں موندے گئی۔

یہاں کتنے ہی راز دفن تھے جن وہ کوئی نہیں جانتا تھا دنیا میں جہاں عقاب چڑھتے ہیں،

بادلوں کے اوپر، افسانوں اور داستانوں میں،

کھڑے پہاڑ، طاقتور، وسیع، اور کھڑی،

AESTHETICNOVELS.ONLINE

وادیوں کے محافظ، راز وہ رکھتے ہیں

-Explore, Dream and Read

رستہ رفتا دن گزر رہا تھا، طوفان بڑھ رہا تھا

پھر شام ڈھلتے ڈھلتے رات اپنے پنکھ پھیلا رہی تھی برف کے ڈھکنوں کے ساتھ،

پہاڑ نیچے کی دنیا کو دیکھتے ہیں۔

ان کی موجودگی میں وقت ساکت ہے

قدرت کی مرضی کا ثبوت ہیں

وہ خاموش تھے لیکن ان کے اندر شور تھا، باہر طوفان تھا

اور اب نرم رات نے اس کی اونچائی پر بیٹھا ہے،

تمام زمین پر امن کی سانسیں

نیند میں خاموشی کے گھاس پڑے ہوئے ہیں۔

جیسے تھکے تھکے بچوں کو ماں کے ہاتھ سے سکون ملتا ہے۔

پوری وادی میں،

ان کے پر جوش خوابوں سے گلابوں کو دلکش،

جنگلی اور اداس ندیوں کو سننے کے لیے

اس کی صوفیانہ عصا لہرانے کے لیے نبض؛

جب کہ بڑے اور نچلے حصے مدھر چاند کے نیچے ہوتے ہیں،

جس کا سفید چمکتا کلش چاندی کی دوپہر بنا دیتا ہے۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

لیکن! یہ اب کیسی آسمانی آواز ہے۔

خوشبودار وادی میں خواب کی طرح چوری کرتا ہے

یا کسی لڑکی کی پیشانی پر ایک خیال کی طرح،

یہ پیلا پر ایک لیمبنٹ فلش لاتا ہے؟

یہ شبلی کا دل کا گانا ہے،

جو دھند میں ہمیشہ اوپر کی طرف تڑپتا ہے۔

لطیف اداسی کی، فہرست میں شامل تمام لوگوں کے بادل چھائے ہوئے ہیں،

اس کی خفیہ بیماری کے نرم سائے کے ساتھ؛

اور اب اس قدر خالصتاً خاموشی کو بھرتا ہے،

ایسا لگتا ہے کہ عظیم فطرت اس کے دھڑکتے دل کو سن کر خاموش ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔

فجر ٹوٹتی ہے، ایک چمکتی ہوئی چمک،

ان چوٹیوں پر جہاں ہوائیں سرگوشیاں کرتی ہیں۔

سورج کی پہلی روشنی، ایک سنہری چمک،

ان چوٹیوں پر جہاں آسمان اور زمین ملتے ہیں۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

جلتے ہوئے سونے کے طیاروں سے لٹکا ہوا، آسمان

اپنے شاندار گنبد کے ساتھ سوئی ہوئی زمین،

روشن پہاڑی اور وادی۔ ہیڈ،

آکاشگنگا کی شاندار شان

دور تک پھیلا ہوا؛ جب کہ، آسمانوں پر ہجوم،

سیارے خدا کے تختوں کے سامنے سجدہ کرتے ہیں،

اپنے سونے کے تاج اپنے پیروں کے نیچے ڈالتے ہیں۔

یہ ایک پر جوش منظر ہے! اور بہت ستارے

اوپر کانپنا، گویا آواز الٰہی ہے۔

خوف کے پھیلاؤ کے ذریعے گونجا۔

لیکن نرم! ایک تبدیلی!

مشرق میں بھوری رنگ کا ایک ڈرپوک رینگ رہا ہے

افق کے دہانے پر ستاروں کا گرنا۔

خاکستری موتی کی طرح دھندلا ہو جاتا ہے اور زینے کی طرف پھیل جاتا ہے،

جب ہوا پہاڑی سے پہاڑی تک کم چلتی ہے،

گویا پرندوں کو جگانا ہے، اٹھو

درختوں کو سر ہلاتے ہیں، اور خاموشی کی طرح کھینچتے ہیں۔

اونگھنے والی زمین کا ایک لباس۔ آسمان

روشنی کے پوائنٹس سے بھرے ہوئے ہیں جو جاتے اور آتے ہیں۔

اور جاؤ، اور ایک نرم راکھ والا آسمان چھوڑ دو۔

موتی نے اپنا راستہ شمال اور جنوب کی طرف دھکیل دیا ہے،

محفوظ کریں جہاں ایک لکیر مشرق میں دو چوٹیوں کے درمیان گھومتی ہے،

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

سورج سے چاندی کے جالے کی طرح چمکتا ہے۔
یہ اگتا ہے- ایک سنہری کیبل بائنڈنگ پہاڑی۔
پہاڑی کو! یہ ایک شاندار بیلٹ تک چوڑا ہوتا ہے۔
زمین کا آدھا چکر لگاتا ہے، پھر بلندی پر پھیلا ہوا ہے
ایک سنہری کپڑا جو شاہی پیروں کے آگے بچھا ہوا تھا۔
اس طرح اوپر آسمانوں پر روشنی پھیلاتا ہے،
جب کہ زمین ہر بڑھتے ہوئے قدم کو سلام کرتی ہے، اور اٹھاتی ہے۔
اس کی امیر جامنی پہاڑیوں کو دیکھنے میں صاف،
آسمان کے ساتھ خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لئے.
غیر جانبدار رنگ اب گہرے زعفرانی ہو چکے ہیں۔
لکیروں میں، رنگین روشنی کے شہتیر
AESTHETICNOVELS.ONLINE
گولی مارو اور لمبے سیدھے بادلوں کے بارے میں کھیلو
-Explore, Dream and Read
اور زمین کو سرخ رنگ کے سمندروں میں بہا دیں۔ آہ
ناگن میں روشنی کا ایک سنسنی، تیز لہریں،
بے تاب بادلوں کا جھکنا، اور لو،
شاندار، رب، اندھا چمکدار، سورج
افق کو اپنی آگ کے کنارے کے ساتھ پھیلاتا ہے!

نور کی آنکھ کھلی باہر تھوڑی سی روشنی کی جھلک دکھی وہ اٹھ کے باہر آئی آئی وہ حیران رہ گئی وہ منظر دیکھ کہ اور حیرت سے چلائی

"ہاریکا، عبیرہ باہر آؤ۔۔" اس نے سورے ہوئوں کو جگایا

"یااللہ خیر کیا ہو گیا ہے" عبیرہ کے ساتھ ساتھ باقی سب بھی باہر کی طرف آئے اور واقع ہی میں باقی سب بھی دم سادھے رہ گئے۔۔

فجر کی نرمی کی خاموشی میں،

ایک شاہکار آسمانی گلے لگاتا ہے۔

سورج چڑھتا ہے، ایک روشن، سنہری انعام،

ایک صبح کی پینٹنگ، آسمانوں میں خدا کا تحفہ۔

پہاڑ کی چوٹی پر، یہ دن کو نئے سرے سے رنگ دیتا ہے،

ایک دم توڑ دینے والا لمحہ، ایک معجزہ اتنا سچ۔

رنگوں کے ساتھ جو رقص کرتے ہیں، ابتدائی روشنی میں،

طلوع آفتاب سرگوشی کرتا ہے، "خوش آمدید دن میں خوش آمدید۔"

تو اس کینوس کی قدر کریں، اتنے وشد اور عظیم،

حیرتوں کی یاد دہانی، زندگی کے نہ ختم ہونے والے اسٹرینڈ میں۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ہر چڑھتے سورج میں ایک وعدہ نمودار ہوتا ہے

امید کی سمفنی، دنیا کو روشن کرنے کے لیے۔

" امید۔۔۔!" برق نے غور سے دیکھتے ہوئے کہا

"کیا امید کیسی امید؟" طٰہٰ نے سوالیا انداز میں اسے دیکھا

"صبح۔۔۔۔" وہ ابھی بھی جیسے حیرت میں تھا

"صبح۔۔۔! کیا ہوا صبح کو؟" ساحل نے اسے غور سے دیکھتے ہوئے پوچھا باقی بھی ان کی طرف متوجہ ہوئے

" مل گئی ایک چیز۔۔۔" وہ خوشی سے بولا

" برق کیا ملا ہے بتاؤ گے بھی اب؟" نور نے جھنجھلا کے کہا

" صبح سے بڑی امید کیا ہو سکتی ہے!" برق نے اس کی بات یاد کی

"اس نے کیا کہا تھا؟"

"جب جل جائے امید کی کرن تو اس میں جلتے ہیرے کو جڑ کے رستہ پالینا۔۔۔" ہاریکا اب اس کی بات کچھ کچھ سمجھ رہی تھی

" وہ دیکھو سامنے سورج کی کرنیں یعنی امید کی کرن" برق آکسائیٹڈ ہوا

"اور اس میں جلتا ہیرہ؟" عبیرہ نے انگلی بات سوچی

" وہ سامنے برف کا ٹیلا" ساحل نے ہاتھ سے اشارہ کیا سامنے

"وہ کیسے؟" نور کو سمجھ نہیں آئی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

" برف سورج کی روشنی میں ویسے ہی چمک رہی ہے جیسے روشنی میں ہیرہ چمکتا ہے۔۔۔" ہاریکا نے بے خودی میں کہا

"امیزنگ.." عبیرہ نے وہ نظارہ دیکھتے ہوئے کہا

"تو اب چلو وہاں جانا ہے باقی کا وہاں جا کے پتا چلے گا." ساحل واپس پلٹا اور اندر جا کے اپنا بیگ اٹھایا باقی سب نے بھی اس کی تقلید کی۔۔،وہ اب خوش اور پرجوش دکھ رہے تھے کیونکہ انہیں ایک امید مل چکی تھی واپس جانے کی۔

وہ اب ایک دوسرے کا ساتھ دیتے چل رہے تھے

پہلے بھاگتے ہوئے انہیں صرف بھاگنا تھا یہاں سے لیکن اب وہ ہر طرف کو دیکھتے ہوئے سے چل رہے تھے، کیونکہ جو بھی تھا وہ جیسی بھی مشکل میں پھنس چکے تھے لیکن وہ قدرت کے اس نظارے کو محسوس کر رہے تھے۔

سامنے ٹیلے تک جانے کا رستہ بھی کم تھا وہ بہت دور نہیں تھا اب بھی سب سے آگے ہاریکا تھی ساتھ میں برق اور باقی سب ان کے پیچھے تھے۔۔۔وہ چلتے ہوئے اس ٹیلے پہ پہنچے اور رکے اور وہاں آگے پیچھے دیکھ رہے تھے طٰہٰ کی نظر اس ٹیلے پہ بڑھی وہ آگے بڑھا اور ہاتھ سے ایک جگہ سے برف ہٹائی۔۔

" یہ دیکھو" طٰہٰ نے انہیں اس طرف توجہ دلائی

" یہ تو وہی لکھا ہے جو ان دروازوں پہ تھا" برق نے یاد کرنے کی کوشش کی

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ابھی وہ سب دیکھ ہی رہے تھے کہ وہاں سے سیڑھیاں بننا شروع ہو گئیں وہ دو تین قدم پیچھے ہوئے، ایک دوسرے کو دیکھا ساحل نے قدم بڑھائے اور سیڑھیوں پہ قدم دھرے ہاریکا بھی اس کے پیچھے اترنے لگی باقی بھی اترنے لگے کیونکہ انہیں رسک لینا تھا یار تو مریں گے یا رستہ تلاش کر لیں گے۔

وہ سب اترے اب سیڑھیاں ختم ہو گئیں سامنے کا منظر دیکھ کے ان کی آنکھیں حیرت سے کھلی کی کھلی رہ گئیں۔۔ وہاں بے شمار چھوٹے بڑے ہیرے جھڑے ہوئے تھے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے ہیرے کی کان میں آ چکے ہیں ہیر اطاقت، خوبصورتی اور بے مثال خوبصورتی کی علامت ہوتے ہیں۔۔

" اففف کتنے خوبصورت ہیں" نور نے ایک ہیرہ اٹھایا ہیرے کسی بھی لڑکی کے بہترین دوست ہو سکتے ہیں، لیکن وہ ایک بہترین عنوان بھی بناتے ہیں۔

"انہیں لگانا کدھر ہے ؟" طٰہ نے سوچتے ہوئے کہا

"یہاں اس میں" ہاریکا نے اپنا لاکٹ نکالا

"تم کیسے یقین سے کہہ سکتی ہو ؟" ساحل نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

"اس نے کہا تھا جب پیار کا موتی کھو جائے تو وہاں جڑنا" اسے خود پہ اعتماد تھا کہ وہ سہی کہہ رہی ہے

"تو اس میں پیار کا موتی تھا" برق مسکرایا

"میری ماں کا تھا" اس نے کھا جانے والی آنکھوں سے برق کو دیکھا

طٰہٰ نے ایک چھوٹا سا اس کے سائز کا ہیرہ اٹھایا اور اس سے لاکٹ لیا باقی سب بھی دھڑکتے دل کے ساتھ اسے دیکھ رہے تھے طٰہٰ نے وہ ہیرہ وہاں رکھا بلکل فکس آیا

" یہ بیکار آئیڈیا تھا" ساحل نے ہاریکا کو دیکھ کہ کہا باقی سب بھی مایوس ہونے لگے تھے ساحل ایک طرف بیٹھ گیا اور برق نے دو تین ہیرے اٹھائے اور ایک ایک سب کو دینے لگا جیسے اسے کے ہوں اور وہ دریادلی سے انہیں بانٹ رہا ہو

" برق چھوڑ دو" ساحل نے غصے سے چلا کر کہا

" اب مر تو رہے ہیں تو ہیرے تو لیں" برق نے برا منائے بغیر کندھے اچکائے

برق نے سب کو دو دو دیئے اور اپنے جیب میں تین چار ڈالے کچھ آوازیں آنے لگیں وہ گھبرا کے اٹھے اور ایک ساتھ کھڑے ہوئے اور پھر ہاریکا کے ہاتھ میں پکڑے لاکٹ میں سے روشنی کی آیک دھار نکلتی نظر آئی اور وہ بڑھتی ہی جا رہی تھی

" کیا ہم مرنے جا رہے ہیں؟" برق نے کہا

" الٹی باتیں مت کرو" طٰہٰ نے اسے جھڑکا لیکن ان کی آوازیں مدھم ہونے لگیں اور آنکھیں بلکل چندھیا گئیں وہ سمجھ نہیں پا رہے تھے کہ انہیں ہو کیا رہا ہے۔۔ لیکن اس سب میں ان میں سے کسی نے بھی ایک دوسرے کا ہاتھ نہیں چھوڑا تھا کہ جو بھی ہو گا ایک ساتھ ہو گا۔۔

اور پھر کچھ لمحے بعد کچھ آوازیں اور طرح کی ابھریں لیکن وہ جانی پہچانی معلوم ہو رہیں تھیں، کان ان آوازوں سے مانوس سے لگ رہے تھے، کچھ پل کے بعد ان کے حواس بیدار ہونے لگے تو ارد گرد کا ماحول جانا پہچانا لگ رہا تھا۔

آنکھیں کھولیں اور پہچاننے کی کوشش کی کہ وہ کہاں ہیں۔۔اور پھر دماغ میں کام کیا تو معلوم ہوا وہ کسی روڈ پہ کھڑے ہیں اور گاڑیاں ان کے آس پاس سے گزر رہی ہیں۔

"کیا جس میں دیکھ رہی ہوں تم لوگ بھی وہی دیکھ رہے ہو نا؟" عبیرہ نے بے یقینی سے پوچھا

" ہم۔۔۔ہم واپس آ چکے ہیں؟" ہاریکا نے سرگوشی کی

" ہم زندگی ہیں؟" برق نے خوشی سے جھوم کے کہا

" ہم رستہ تلاش کر چکے ہیں" ساحل نے مسکرا کر کہا

" میں اب ڈاکٹر کے پاس بھی جا سکتی ہوں؟" نور نے درد کو محسوس کرتے ہوئے کہا

" ہاہا۔۔ہاں آؤ پہلے تمہیں لے کے جائیں" طٰہ نے اس کے سر پہ چپت لگائی

" ہاریکا تمہارے بازو پہ بھی زخم تھا نا؟" برق نے یاد کرتے ہوئے کہا

" ہاں" ہاریکا نے اپنے ہاتھ کی طرف دیکھا اس کا لاکٹ اس کے ہاتھ میں تھا

"تو چلیں کیا؟" ساحل نے ان کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

"یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے بھلا؟" عبیرہ نے کہا اور سب نے قدم بڑھائے۔۔

وہ سب چلتے ہوئے دور جا رہے تھے۔۔۔ایک دوسرے کو چھیڑتے ہوئے،ڈانٹتے ہوئے، مسکراتے ہوئے لیکن ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہوئے۔۔کیونکہ وہ دوست بن چکے تھے

--------

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ایسی دوستی تلاش کرنا مشکل ہے جو واقعی حقیقی ہو۔

کبھی کبھی اس پر بھروسہ کرنا مشکل ہوتا ہے۔

نئے دوست بنانے سے کبھی دستبردار نہ ہوں۔

دوست خاندان کی طرح ہوتے ہیں، اور خاندان ضروری ہے۔

ایک خاندان بہت ذاتی ہے

اور میرے لیے دوستی بھی ہے۔

اس لیے میں نئے لوگوں سے ملتے وقت اسے آہستہ کرتی ہوں۔

مجھے محسوس کرنا ہوتا ہے کہ ان کی دوستی سچی ہے۔

لیکن اگر مجھے یقین ہے کہ وہ دوستی کے سوا کچھ نہیں چاہتے

میں ان کو چھوڑ کر اپنے دل میں جگہ دوں گی

کیونکہ میرے دل میں وہ واقعی محفوظ ہیں۔

AESTHETICNOVELS.ONLINE

اور اس دوستی کو کوئی چیز نہیں توڑ سکتی۔ کوئی بھی نہیں۔

-Explore, Dream and Read

--------

یادیں بعض اوقات انسان کے پاس واحد چیز ہوتی ہیں۔

کیونکہ ہماری زندگی میں کبھی نہ کبھی، ہم سب اپنے پیارے سے محروم ہو جاتے ہیں۔

اور کبھی کبھی ایک یاد ہے کہ کسی پیارے کو ہمیں چھوڑنا پڑتا ہے۔

جب ان کا وقت آتا ہے۔

یادیں زیادہ تر اچھی ہوتی ہیں،
لیکن یہ ہمیں خود چننا ہوتا ہے کہ آپ یاد کیا رکھتے ہیں
اچھے پل یا برے
لیکن یہ اس قسم کی یادیں ہیں جو استعمال کی جاسکتی ہیں۔
اس قسم کی زندگی بنانے کے لیے جو آپ بعد کے سالوں میں رہتے ہیں۔
اچھی یادیں ہر وقت اپنے ساتھ رکھیں
ان پر بس نہ کرو بلکہ ان کو قریب رکھو۔

--------------

دوستی سب سے بڑا ایڈوینچر ہوتی ہے

----------

AESTHETICNOVELS.ONLINE
-Explore, Dream and Read

ختم شد
آپ کی قیمتی آرا کی منتظر
رسمِ الفت